بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta — A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

www.imroz.com.pk

جلد نمبر 12 | بروز اتوار 14 مارچ 2021ء 29 رجب 1442ھ | شمارہ 258 | قیمت 10

استعفے دیئے بغیر لانگ مارچ کی افادیت نہیں ہوگی، مولانا فضل الرحمن

حالیہ سینٹ انتخابات میں خفیہ کیمرے اور 7 درست ووٹوں کو غلط قرار دیکر مسترد کرنے کی جانبدارانہ اور جمہوریت دشمن رویہ قابل مذمت ہے، 7 درست ووٹوں کو غلط قرار دینے کی مذمت کرتے ہیں

سینٹ آف پاکستان میں خفیہ کیمرے کس نے لگائے اور کیا یہ عمل خفیہ رائے دہی کی خلاف ورزی نہیں؟ ملک میں حقیقی جمہوریت، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات پارلیمنٹ کی سپرمیسی، آئین وقانون کی حکمرانی کے قیام سے ملکی بحرانوں کا حل ممکن ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں حالیہ سینٹ انتخابات میں خفیہ کیمرے اور 7 درست ووٹوں کو غلط قرار دیکر مسترد کرنے کی جانبدارانہ اور جمہوریت دشمن رویے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کی طویل آمرانہ تاریخ اور اب جمہوریت

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ الیکشن، فاروق ایچ نائیک، نیئر بخاری اور لطیف کھوسہ پر مشتمل قانونی ٹیم تشکیل

پیپلز پارٹی کو کمزور نہ سمجھا جائے، ووٹ پر ڈاکہ کو پارلیمنٹ کی اندر اور باہر ہر فورم پر چیلنج کیا جائے گا، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے سینٹ الیکشن کو چیلنج کرنے کیلئے فاروق ایچ نائیک، نیئر بخاری اور لطیف کھوسہ پر مشتمل قانونی ٹیم تشکیل دیدی، پیر دو درخواست ہائی کورٹ میں دائر کی جائیگی۔ ہفتہ کو سید یوسف رضا گیلانی، آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کے درمیان

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ نتائج کا پی ڈی ایم تحریک پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، فضل الرحمان

ذاتی طور پر سمجھتا ہوں واحد حل عوام کے پاس جانا ہے، چیئرمین سینیٹ الیکشن پر عدالت میں جانا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ سینیٹ نتائج کا پی ڈی ایم تحریک پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، ذاتی طور پر سمجھتا ہوں واحد حل عوام کے پاس جانا ہے، چیئرمین سینیٹ الیکشن پر عدالت میں جانا چاہیے۔ ایک

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

استعفے دیئے بغیر لانگ مارچ کی افادیت نہیں ہوگی، مولانا فضل الرحمن

پی ڈی ایم میں تمام فیصلے متفقہ رائے سے ہوتے ہیں، سب ایک پیج پر ہیں، الیکشن میں دلچسپی نہیں تھی، حصہ لینا متفقہ فیصلہ تھا، اس وقت عوام کے پاس جانا ضروری ہے

فضل الرحمن، نواز شریف اور آصف زرداری میں ٹیلی فونک رابطہ، سینٹ میں شکست کی وجوہات تک پہنچنے کا عزم، سنجرانی سے قریبی تعلق رکھنے والے اپوزیشن اراکین کو چیک کرنے کا فیصلہ

ڈیرہ اسماعیل خان/اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ الیکشن میں دلچسپی نہیں تھی، حصہ لینا متفقہ فیصلہ تھا، اس وقت عوام کے پاس جانا ضروری ہے، پی ڈی ایم میں تمام فیصلے متفقہ رائے سے ہوتے ہیں، سب

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز شریف کا رہائی پر مبارکباد دینے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

پی ڈی ایم کا ہنگامی اجلاس پیر کو اسلام آباد میں طلب

چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں شکست پر تمام جماعتیں رپورٹ پیش کریں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کا ہنگامی اجلاس پیر کو اسلام آباد میں طلب کیا جائے گا، اجلاس میں تمام سیاسی جماعتوں کے سربراہان شرکت کریں گے۔ پی ڈی ایم ہنگامی اجلاس میں ملک کی سیاسی صورت حال پر

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلاول نے (ن) لیگ کی جانب سے اپوزیشن امیدواروں کو ووٹ نہ دینے کا تاثر مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ روز ہونے والے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان 26 مارچ کو گھر جانے کی تیاری کرے، پی ڈی ایم

سینٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے جعلی نتائج کو کسی صورت تسلیم نہیں کرینگے، عبیداللہ بابت

ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے پی ڈی ایم کی تحریک جاری رہے گی، ظالم مہنگائی کے ہاتھوں عوام زندگی سے تنگ ہیں

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے مرکزی رہنما پشتون خوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری سابق صوبائی وزیر عبیداللہ جان بابت لالا نے میڈیا سے بات چیت کرتے کہا کہ 26 مارچ کو عمران خان کو گھر بھیجنے کی مکمل تیاری کی جارہی ہے سینٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے جعلی نتائج کو کسی صورت تسلیم نہیں کرینگے پی ڈی ایم عدلیہ سے رجوع کرنے کے ساتھ ہر جائز و جمہوری آپشن کو استعمال کریگی ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے پی ڈی ایم کی تحریک جاری رہے گی ملک میں آئین و اقانون پر عمل کیا جائے تو ملک ترقی کی ایک نئی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کٹھ پتلی حکومت ملک کی معاشی اور نظریاتی قاتل ہے، مولانا رحمن رفیق

عوام کو سیاسی اور جمہوری نظام سے متنفر کرنے کی ریاستی سازشوں کو مسترد کرتے ہیں، ضلعی صدر جے یو آئی

سینیٹ الیکشن سے جمہوریت پسند قوتوں کو سبق حاصل کرنا چاہیے ان تمام مسائل کا واحد حل فیصلہ کن تحریک ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا محمد ایوب حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ مفتی عبدالسلام ریئسانی ڈپٹی جنرل سیکریٹری حافظ مسعود احمد حاجی محمد شاہ لالا حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ کاکڑ سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ حاجی صالح محمد حاجی قاسم خان خلجی سالار حافظ مجیب الرحمن ملاخیل میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین حقانی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا مفتی محمد ابوبکر حافظ

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پارلیمنٹ غلاموں کی منڈی ہے، مولانا محمد خان شیرانی

سینیٹ چیئرمین کے لیے صادق سنجرانی یا سید یوسف رضا گیلانی کی کامیابی کی صورت میں ملک وقوم کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا یہ اپنا اپنا حصہ وصول کرنے کے لیے ہے

پی ڈی ایم اور حکومت اپنے اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں ملک اور قوم سے پی ڈی ایم اور حکومت کو کوئی غرض نہیں، تربیتی کنونشن کے شرکاء سے خطاب/میڈیا سے گفتگو

جعفرآباد (نمائندہ امروز) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی ایک روزہ دورے پہ جعفرآباد پہنچے ڈاکٹر حفیظ الرحمن کھوسہ کی رہائشگاہ پر جے یو آئی پاکستان کے تربیتی کنونشن سے خطاب اور میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اور حکومت اپنے اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں ملک اور قوم سے پی ڈی ایم اور حکومت کو کوئی غرض نہیں سینیٹ چیئرمین کے لیے صادق سنجرانی یا سید یوسف رضا گیلانی کی کامیابی کی صورت میں ملک و قوم کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا یہ اپنا اپنا حصہ وصول کرنے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کولپور کے قریب ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق تین زخمی

کوہلو (این این آئی) کولپور کے قریب ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق تین زخمی۔ تفصیلات

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو: پی ڈی ایم کے جماعتوں سے رابطہ میں ہیں، امین مری

کوہلو (نمائندہ امروز) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جماعتوں سے رابطہ میں ہیں جلد تحریک میں تیزی لائینگےتفصیلات کے مطابق

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام ملکی ترقی کے بیانیے کیساتھ کھڑی ہے، نور محمد دمڑ

پی ڈی ایم اجتماعی استعفوں اور لانگ مارچ کا شوق پورا کرے

اسلام آباد (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہم نے پہلے ہی کہا تھا کہ اپوزیشن

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے پرواز میں اچانک خرابی، طیارے کو پشاور ایئرپورٹ پر اتارنا پڑا

پشاور (این این آئی) قومی ایئر لائن کی ایک پرواز میں اڑان بھرنے کے بعد اچانک خرابی آنے کے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت اداروں کو اپوزیشن کیخلاف استعمال کر رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لئے ملک میں حقیقی جمہوریت، آئین و پارلیمنٹ کی بالادستی، عوام کی منتخب کردہ حکومت کا قیام ضروری ہے

تین سال ہونے کو ہیں حکومت نے کوئی میگا تو کیا چھوٹا منصوبہ بھی شروع نہیں کیا، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لئے ملک میں حقیقی جمہوریت، آئین و پارلیمنٹ کی بالادستی، عوام کی منتخب کردہ حکومت کا قیام ضروری ہے حکومت ملکی سلامتی کے اداروں کو اپوزیشن کے خلاف استعمال کرنے میں مصروف ہے، مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی نے عوام کی زندگیاں اجیرن کردی ہیں، مشکل دور میں مسلم لیگ (ن) میں شمولیتوں کا سلسلہ اس بات کی نوید ہے کہ قوم اپنا مسائل کا حل مسلم لیگ (ن) کی شکل میں دیکھنا چاہتی ہے۔ یہ

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ژوب روڈ کی فوری تعمیر سمیت دیگر منصوبے بھی سست روی کا شکار

لورالائی میں ٹریفک کا مسئلہ ایک گھمبیر شکل اختیار کر چکا ہے، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں ٹریفک کا مسئلہ ایک گھمبیر شکل اختیار کر چکا ہے اس عوامی نوعیت کے مسئلے کو پائیدار بنیادوں پر حل کرنے کیلئے حکومت

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی شہر میں پولیس تاجروں کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام

تاجر برادری سراپا احتجاج، جب تک چوروں کو گرفتار نہیں کیا جاتا کاروبار بند اور دھرنا جاری رہے گا

سبی (نمائندہ امروز) سبی شہر میں پولیس تاجروں کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام تاجر برادری سراپا احتجاج، جب تک چوروں کو گرفتار نہیں کیا جاتا کاروبار بند اور دھرنا جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق سبی کی مصروف شاہراہ اتم چند روڈ پر دن

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل میں چوری کی وارداتوں میں اضافہ

مین قومی شاہراہ پر واقع آٹوز کی دکان سے 80 ہزار چوری کرلئے گئے

اوتھل (نمائندہ امروز) اوتھل میں چوری کی وارداتوں میں اضافہ، دو روز میں چوری کی دو وارداتیں، مین قومی شاہراہ پر واقع آٹوز کی دکان

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ انتخابات، بی این پی امیدوار کی شکست کی وجوہات پر رپورٹ تیار کرلی گئی

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹ انتخابات میں بی این پی امیدوار کی شکست پر قائم کمیٹی نے رپورٹ تیار

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹریفک کو رواں دواں کرنے کے لیے اقدامات کیا جائیں، رحیم کاکڑ

روڈ پر ٹریفک کھڑا کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور ٹریفک کو معمول کے مطابق چلنا چاہیے

لوگ دور دور سے شاپنگ کرنے مارکیٹس آتے ہیں اور پیدل کافی مشکلات ہوتی ہیں، صدر انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے انتظامیہ کی طرف سے عبدالستار روڈ لیاقت بازار اور شہر کے دیگر علاقوں میں روڈز پر بیریئر لگانے اور صرف پیدل آمدورفت کی اجازت دینے کے سلسلے میں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان نے جنکشن چوک لیاقت بازار میں احتجاج کیا احتجاجی مظاہرہ سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر یاسین مینگل صدیق یوسفزئی حاجی شفیق اچکزئی شراف الدین کاکڑ حیات کاکڑ نعمت آغا احسان کاکڑ و دیگر نے بھی خطاب کیا مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس 17 مارچ کو طلب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیے کے مطابق نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کا

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، تین روز میں 1500 سے زائد بزرگ افراد کی کورونا ویکسی نیشن کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) تین روز میں 1500 سے زائد بزرگ افراد کی کورونا ویکسی نیشن کی گئی، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 60 سال سے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ستر سال سے بلوچستان کو حقوق میسر نہیں، بی این پی

بی این پی قومی وژن کیساتھ بلوچستان کی سیاسی قومی معاشی فکری ترجمانی رہی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی

بی این پی شروع دن سے بلوچستان کی محکومی زبوحالی پسماندگی عدم مساوات معاشی استحصال سیاسی تسلط پسندی کیخلاف قربانی سے عبارت تحریک کا حصہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ میں جاری یونٹ سازی کے سلسلے میں کیچی بیگ یونٹ کا اجلاس طاہر ایڈوکیٹ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا جس میں تنظیم سازی سیاسی صورتحال عوامی مسائل پر بحث سمیٹتے ہوئے بی این پی کے مرکزی فنانس سیکرٹری و رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی سی سی ارکان چیئرمین جاوید بلوچ ضلعی نائب صدر ملک محی الدین لہڑی ملک مجید کاکڑ طاہر شاہوانی ایڈوکیٹ ڈاکٹر علی احمد قمبرانی میر اکرم ہنگورگی رضا جان شاہی زئی پرنس رزاق بلوچ و دیگر نے کہا کہ بی این پی قومی وژن کیساتھ

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، امیر جماعت اسلامی سراج الحق حزب اسلامی افغانستان کے سربراہ انجینئر گلبدین حکمت یار کا خیر مقدم کر رہے ہیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو، حاجی دلمراد لانگو کی عیادت کر رہے ہیں

پی ڈی ایم کا اعلامیہ سلیکٹڈ حکمرانوں سے نجات کا ذریعہ ہے، نصر اللہ زیرے

2018 کے عام انتخابات کے دوران تاریخ کی بدترین دھاندلی کے ذریعے سلیکٹڈ حکومت کا قیام عمل میں لایا گیا، رکن بلوچستان اسمبلی

آج ملک کے 22 کروڑ عوام امن وامان، مہنگائی، بیروزگاری و دیگر سنگین مسائل سے دوچار ہیں اور ان کا مطالبہ ہے کہ ملک میں صاف شفاف غیر جانبدارانہ انتخابات ہو

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلعی ایگزیکٹوز اور ضلع کمیٹی کا الگ الگ اجلاس پارٹی کے ضلعی سینئر معاون سیکرٹری و رکن

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نوکنڈی، صادق سنجرانی کی دوسری مرتبہ بطور چیئرمین سینیٹ منتخب ہونیکی خوشی میں جشن کا سماں

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے چھوٹے بھائی سالار سنجرانی کی قیادت میں بی اے پی، خان ینگل دشتریوں نے کار ریلی نکالی

نوکنڈی (نامہ نگار) سینیٹ الیکشن میں حاجی محمد صادق خان سنجرانی کی دوسری مرتبہ بطور چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے کی خوشی میں ان کے آبائی علاقے نوکنڈی میں ان کے چھوٹے بھائی حاجی سالار خان سنجرانی کی قیادت میں بلوچستان عوامی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں کورونا کی تیسری لہر کا آغاز ہو چکا، اسد عمر کا انتباہ

نصف سے زائد کیسز برطانیہ سے آئے ہوئے وائرس کے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پریزائیڈنگ افسر مظفر حسین شاہ نے اپوزیشن کے الزامات مسترد کردیئے

پی ڈی ایم کے سات ارکان نے جان بوجھ کر سات ووٹ ضائع کیے ہیں، مظفر شاہ

اسلام آباد (این این آئی) پریزائیڈنگ افسر مظفر

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے کے چیف فلائٹ اٹینڈنٹ کی بچے کو چپ کرانے کی تصاویر وائرل

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے کے چیف

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عالمی وبا کورونا وائرس کے کیسز میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سات سینیٹرز نے جان بوجھ کر نام پر مہر لگائی تھی، پی ڈی ایم ذرائع

ارکان کو کہا گیا تھا گیلانی کے نام پر مہر لگائیں، ثابت ہوا انہوں نے پی ڈی ایم کو ہی ووٹ ڈالا، اندرونی کہانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں 7 مسترد شدہ ووٹوں کے معاملے کی اندرونی کہانی سامنے آگئی جس کے مطابق پی ڈی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پیپلز پارٹی کا عورت مارچ کے منتظمین کیخلاف سوشل میڈیا پر مہم چلانے پر سخت تشویش کا اظہار

مذہب کی بنیاد پر بنائے گئے قوانین کا اطلاق کر کے ان خواتین کی آواز دبائی نہیں جاسکتی، فرحت اللہ بابر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے گذشتہ ہفتے عورت مارچ کے منتظمین کے خلاف کچھ عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا پر مہم چلانے پر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

یوم پاکستان پر پاک فوج کا گانا 'ایک قوم، ایک منزل' ریلیز

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے ہر

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

دشمن کی حربی قوت کا مکمل ادراک اور چالوں سے مکمل آگاہی ہونی چاہیے، ایئر چیف

دور حاضر کی حربی کامیابی، موثر جنگی بصارت اور فیوژن پر منحصر ہے، مجاہد انور خان کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نے کہا ہے کہ دشمن کی حربی قوت کا مکمل ادراک اور چالوں سے مکمل

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم میں کوئی محبت نہیں، یہ صرف بغض عمران خان میں اکھٹے ہیں، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی آپس میں کوئی محبت

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبے کے مسائل کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائے گے، مولانا عبدالحق ہاشمی

بلوچستان کے سلگتے مسائل کے حوالے سے حکمرانوں کو رویہ مناسب نہیں عوام کو ان کی حالت پر چھوڑے

صوبے میں بدعنوانی عروج پر ہیں غربت بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ جماعت اسلامی صوبے کے مسائل کو اجاگر اور حل کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتی رہیگی بلوچستان کے سلگتے مسائل کے حوالے سے حکمرانوں کو رویہ مناسب نہیں عوام کو ان کی حالت پر چھوڑے صوبے میں بدعنوانی عروج پر ہیں غربت بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ جماعت اسلامی بدعنوانی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹروں کی اہلیت ایسی ہے کہ ان کے ووٹ رجیکٹ ہوئے، مفتی واحد

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے شخص کا سینیٹ چیئرمین بننے سے نہیں بلکہ حقوق دینے سے محرومیاں دور ہوگی

صادق سنجرانی سمیت دیگر اس سے بھی قدر آور شخصیات بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہوئے ہیں لیکن بلوچستان کی احساس محرومی دور نہیں ہوسکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے شخص کا سینیٹ چیئرمین بننے سے نہیں بلکہ حقوق دینے سے محرومیاں دور ہوگی قانون سازی سینیٹروں کا کام ہیں لیکن ان کے اہلیت کی اور سیاست ایسی ہے کہ ان کے ووٹ رجیکٹ ہوں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام (س) کے صوبائی قائمقام امیر مولانا مفتی عبدالواحد بازئی نے کلی توحصار میں الحمد پراپرٹی کے افتتاح کے موقع پر کیا اور حافظ محمد شہباز بازئی، حاجی بخت محمد کاکڑ، احمد خان کے علاوہ درجنوں افراد موجود تھیں مولانا مفتی عبدالواحد بازئی نے کہا کہ درپیش دو اہم مسئلہ ہیں ایک ہے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

نواز قومی نوعیت کے معاملات پر گفتگو کرتی ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نیب نے درخواست میں لکھا کہ مریم نواز حکومت، ریاستی اداروں کے خلاف بات کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر مریم نواز حکومت کے خلاف بات کرتی ہیں تو حکومت کارروائی کرسکتی ہے، مریم نواز اگر اداروں کیخلاف بات کرتی ہیں تو ادارے کارروائی کرسکتے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نیب چیئرمین سپریم کورٹ کے جج رہے ہیں ان کو قانون کا پتا ہے، یہ درخواست کیا چیئرمین نیب کی مرضی کے ساتھ دی گئی ہے یا ان کی مرضی کے بغیر۔ رہنما مسلم لیگ ن نے کہا کہ نیب کو مریم نواز سے تکلیف ہے وہ تکلیف بھی دور ہو جائے گی، مریم نواز کو جس کیس میں ضمانت دی گئی ہے اس درخواست میں اس کا ذکر تک نہیں، درخواست میں نہیں لکھا ہے کیا مریم نواز نے کسی گواہ پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نیب احتساب کا ادارہ نہیں ہے، یہ سیاسی وفاداری تبدیل کروانے کا ادارہ ہے، نیب کی حقیقت اس پٹیشن سے سامنے آگئی ہے، نیب شاہ سے زیادہ شاہ کا وفادار ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹیشن میں کہا گیا کہ مریم نواز نے نیب کو دھمکانے کی کوشش کی ہے، نیب کے ادارے نے پوری حکومت کو مفلوج کر رکھا ہے، مگر نیب کہہ رہا ہے کہ مریم نواز نے ادارے کو مفلوج کر رکھا ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ یہ سارے تماشے مریم نواز کی زبان بندی کی کوشش ہے، یہ سارے تماشے ڈرانے دھمکانے کی کوشش ہے، امید ہے وقت ضائع کرنے پر عدالت پٹیشن مسترد بھی کرے گی اور جرمانہ بھی کرے گی۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ براڈ شیٹ میں نیب نے جرمانہ دیا ہے، یہاں بھی جرمانہ دے کر گھر جائیگا، نیب ملک میں سیاست کا فرنٹ لائن کھلاڑی ہے، حکومت نیب کے پیچھے کھڑے ہو کر سیاست کرنا چاہتی ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نیب کا ایک مقصد رہ گیا ہے کہ سیاست کھیلی جائے، زبان بندی اور آئینی حق سے محروم کرنے کی کوشش ہے۔ رہنما مسلم لیگ نے کہا کہ مریم نواز اور مسلم لیگ ن حق کی بات کرتی رہے گی، ہم نا کیسوں سے گھبراتے ہیں اور نا جیل سے گھبراتے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ احتساب کے ادارے احتساب سے بالاتر نہیں ہوتے، جتنی جلد یہ بات نیب چیئرمین کو سمجھ آجائے بہتر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی اداروں کے نام کی ویڈیو میں نے نہیں دیکھی، نیب کا اس بات سے تعلق نہیں کہ مریم نواز حکومت کے خلاف بات کر رہی ہیں، نیب حکومت گٹھ جوڑ نہیں چلے گا۔

بقیہ 2

اپنے ٹویٹ میں کہا کہ اس ہفتے سیالکوٹ راولپنڈی موٹروے کے پہلے مرحلے کا ٹینڈر آجائے گا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ شمالی پنجاب کیلئے موٹروے وزیراعظم عمران خان کا ایک بہت بڑا تحفہ ہوگا، وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے اس پروجیکٹ کو ممکن بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اس موٹروے کی تعمیر کے بعد جہلم کا اسلام آباد سے فاصلہ صرف 45 منٹ کا رہ جائے گا۔ گوجر خان، سوہاوہ اور دینہ اسلام آباد کے نواحی علاقے بن جائیں گے، چکوال، جہلم، کھاریاں، لالہ موسیٰ، وزیرآباد کی معاشی اہمیت میں بھی بے پناہ اضافہ ہوگا۔ فواد چوہدری نے کہا کہ للہ انٹرچینج تا جہلم دو رویہ سڑک اور وزیرآباد راولپنڈی موٹروے شمالی پنجاب کے لیے گیم چینجر منصوبے ہیں، میری تجویز کو پذیرائی دیے جانے کے لیے شکر گزار ہوں۔

بقیہ 3

عملدرآمد فوری طور پر ہوگا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ فیملی ہومز میں رہنے کے لیے قیدی یا اس کی بیوی کو درخواست دینا ہوگی، جس پر متعلقہ ڈپٹی کمشنر نکاح نامے کی تصدیق کے بعد فیملی ہومز کے استعمال کی اجازت دے گا اور فیملی ہومز صرف سزا یافتہ قیدی استعمال کرنے کے مجاز ہوں گے۔ جیلوں میں فیملی ہومز میں ایک کمرہ، کچن اور باتھ روم کی سہولت موجود ہے۔ صوبائی محکمہ داخلہ کے مطابق فیملی ہومز کی تعمیر [illegible]

بقیہ 4

[illegible]

بقیہ 5

[illegible]

بقیہ 6

[illegible]

کے باکس اور نام پر لگے تھے، مظفر شاہ صاحب کا لہجہ رعونت والا تھا، مظفر شاہ کو فون کے علاوہ بھی بہت کچھ آیا ہوگا، فون پر اتنی تابعداری نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ مظفر شاہ نے بد دیانتی پر مبنی رولنگ دی ہے، غیر قانونی رولنگ دی ہے، مظفر شاہ نے ہارے ہوئے صادق سنجرانی کو زبردستی کامیاب قرار دیا گیا۔

بقیہ 7

625 پر دبئی ڈی پورٹ کر دیا۔ علاوہ ازیں ڈی پورٹ ہونے والے 77 پاکستانی بھی لاہور پہنچے۔ ترکش ایئر کی پرواز 714 پر استنبول سے 73 ڈی پورٹ پاکستانی لاہور پہنچے، تمام پاکستانیوں نے غیر قانونی راستوں سے یورپ داخلے کی کوشش کی جنہیں بارڈر فورسز نے مختلف کارروائیوں میں پکڑ کر ڈی پورٹ کر دیا۔ دبئی سے بے دخل چار پاکستانی امارات ایئر کی پرواز 624 سے لاہور پہنچے۔ امیگریشن حکام نے ضروری کارروائی کے بعد ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانیوں کو گھروں کو جانے کی اجازت دیدی۔

بقیہ 8

فراہمی کیلئے آگاہی کیلئے فرنٹ ڈیسک قائم کر دیا گیا۔ کیمپ جیل میں کورونا وائرس کے پیش نظر اسٹاف حوالاتیوں کی بائیومیٹرک حاضری بند کردی گئی۔ فرنٹ ڈیسک میں نئے آنے والے حوالاتیوں کے کاغذات کی چیکنگ اور ٹوکن جاری کیا جائے گا اور ٹوکن ملنے کے بعد حوالاتی کا جیل میں داخلہ ہوگا۔ فرنٹ ڈیسک میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ رینک کا افسر تعینات کیا گیا ہے۔ قیدیوں کے متعلق رشتہ داروں کو ہر قسم کی معلومات فرنٹ ڈیسک سے حاصل ہوسکیں گی۔ جیل میں آنے والے تمام قیدیوں کا کورونا ٹیسٹ کروانے کے بعد قرنطینہ میں رکھا جا رہا ہے۔ قیدیوں کے رشتہ دار کھانا اور دیگر سامان جمع کروا سکتے ہیں۔ ملاقات کورونا ٹیسٹ کی رپورٹ کے بعد کروائی جائے گی۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے جیلوں میں کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کا مراسلہ بھجوادیا ہے۔ جیلوں میں ہاتھ دھونے کا انتظام، سینیٹائزر کا استعمال اور قیدیوں کو لانے والی گاڑیوں کو ڈس انفیکٹ کروانے کا حکم دیا ہے گیا جبکہ کھانا بھی حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق دینے کا مراسلہ بھجوادیا گیا ہے۔

بقیہ 9

عرفان اور محمد رضوان شامل ہیں، مغوی نے اوائل ایکس پر گاڑی بیچنے کا اشتہار دیا تھا، ملزمان سے ایک نے گاڑی خریدنے کے لئے مغوی سے رابطہ کیا اور پی ڈبلیو ڈی بلایا، پی ڈبلیو ڈی میں گاڑی کا سودا 16 لاکھ روپے میں طے ہوا، اسی دوران ملزم نے فیصل آباد میں ایجنسی بتا کر مغوی کی گاڑی بک کی، مغوی نے فیملی ممبر کو بتایا کہ وہ جانے والے کے ساتھ بکنگ پر فیصل آباد جا رہا ہے، سیال سروس ایریا میں ملزم نے گاڑی رکوائی تو ملزم کے مزید دو ساتھی گاڑی میں بیٹھ گئے۔ ملزمان نے گن پوائنٹ پر فرحان خالد کو اغوا کیا اور رحیم یار خان لے گئے، ملزمان مغوی کی تصاویر اور ویڈیو شیئر کرکے تاوان کا مطالبہ کرتے رہے، پولیس نے اطلاع ملتے ہی مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔ پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو ٹریس کیا، پولیس نے مغوی کو گاڑی سمیت رحیم یار خان سے بازیاب کرلیا، ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش شروع کردی گئی۔

بقیہ 10

بخاری نے بے سہارا بچوں کے مرکز زمونگ کور کا دورہ کیا، اس موقع پر زلفی بخاری نے کہا کہ 1500 بچوں کی گنجائش کا اسکول جلد تعمیر کر رہے ہیں۔ معاون خصوصی نے مزدوروں کیلئے نئی ہاؤسنگ سوسائٹی پر شوکت یوسفزئی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 200 گھروں پر مشتمل سوسائٹی میں مزدوروں کو مالکانہ حقوق دیے جائیں گے، وزیراعظم اسی ماہ ہاؤسنگ سوسائٹی کا افتتاح کرنے پشاور آئیں گے۔ زلفی بخاری نے کہا کہ سیاحت کے فروغ کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں، [illegible]

بقیہ 11

[illegible]

سے اسلامی دفعات کو ختم کروانے کے لیے تسلسل کے ساتھ کوشاں ہیں۔ قادیانی اپنی متعینہ اسلامی اور آئینی حیثیت کو نہ مان کر ریاست کو مسلسل چیلنج کر رہے ہیں یہ صورت کسی صورت بھی قابل قبول نہیں، اس لیے قانون نافذ کرنے والے ریاستی اداروں کو قانون کے نفاذ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ 12

رفتہ رفتہ سیاست اور پورے نظام سے لاتعلق کیا جا رہا ہے۔ وہ المرکز اسلامی پشاور میں جماعت اسلامی خیبرپختونخوا کی سیاسی و انتخابی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے۔ تربیتی ورکشاپ میں صوبے کے تمام اضلاع کی سیاسی کمیٹیوں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ ورکشاپ سے امیر جماعت اسلامی خیبرپختونخوا مشتاق احمد خان، نائب امیر و ممبر صوبائی اسمبلی عنایت اللہ خان، سابق ممبر قومی اسمبلی ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، ڈاکٹر محمد اقبال خلیل اور دیگر قائدین نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے نوجوانوں نے بڑی توقعات وابستہ کر رکھی تھیں لیکن ساری توقعات زمین بوس ہوگئیں۔ اب تک حکومت ہر محاذ پر ناکام ہوچکی۔ ملک میں بدزبانی کی سیاست عام ہو رہی ہے۔ ملک میں لوگوں کو مسلکوں، علاقوں، زبانوں اور چھوٹے چھوٹے تعصبات میں تقسیم کیا جا رہا ہے۔ ملک میں جمہوریت اور اسمبلیاں موجود ہیں لیکن عوام ان سے مطمئن نہیں ہے۔ مغرب زدہ خواتین جن کی پشت پر فارن فنڈ اور ایجنڈ اہے ملک کو سیکولرائزیشن کی طرف لے جا رہی ہیں۔ ہماری پالیسیاں، تعلیم، ادارے، منبر و محراب، معیشت، سیاست مغربی ایجنڈے کی زد میں ہیں۔ ملک میں پارلیمانی ادارے غیر مستحکم ہو رہے ہیں۔ انتخابات کو انجینئرڈ کیا جا رہا ہے اور اپنی مرضی کے نتائج حاصل کیے جا رہے ہیں، اسمبلیوں کے بارے میں نااہل ہونے کا تاثر پھیلایا جا رہا ہے۔ جماعت اسلامی کو اپنے امانت، دیانت اور خدمت کے جذبے اور ساکھ کو آگے لے کر بڑھنا ہے اور پورے ملک میں کامیابی حاصل کرنا ہے۔ ووٹ بینک کے طاقت اور حلقہ اثر کو بڑھانا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ سیاسی جمہوری یا پارلیمانی اور انتخابی نظام کو جمہوری قوتوں کے غیر جمہوری اور غیر ذمہ دارانہ رویوں کی وجہ سے متنازع، شرمناک اور داغدار بنا دیا گیا ہے۔ اقتدار حاصل کرنے کے لیے جائز ناجائز ہتھکنڈے قومی سیاست کا اصل روگ ہیں۔ جماعت اسلامی نظریے اور اصولوں کے ساتھ ملک و ملت کو بحرانوں سے نکالنے کی سیاست کرتی ہے۔ سینیٹ انتخابات میں جماعت اسلامی کی حکمت عملی درست اور باوقار تھی۔ سیاسی کارکنان کے سامنے ساری صورتحال واضح اور دوٹوک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی تاریخ میں حکومتوں کی ناکامی اور اپوزیشن اتحادوں کے تضادات نوشتہ دیوار ہیں۔ جماعت اسلامی نے اسلامی انقلابی منشور، صاف ستھرے کردار اور ملک بھر سے اہل دیانتدار اور محب وطن افراد کو متحد کر کے ملک کو بحرانوں سے نجات دلانے کی تحریک شروع کردی ہے۔ ملک بھر میں کارکنان گھر گھر جا کر یہ پیغام پہنچائیں۔

بقیہ 13

گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ غیر فطری اتحاد اپنے منطقی انجام کی جانب بڑھ رہا ہے۔ جعلی راجکماری، سندھ کے شہزادے اور مولانا کی راہیں جدا ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے ایک دوسرے کی پیٹھ میں چھرا گھونپا۔ عبرتناک شکست کے بعد یہ کرپٹ ٹولہ گھر کا رہا نہ گھاٹ کا۔ وزیراعظم عمران خان نے اپنی شفاف سیاست سے کرپٹ ٹولے کو ان کی گھٹیا اوقات یاد دلا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل تک شادیانے بجانے والے اب اپنا سر پیٹ رہے ہیں۔ پاکستان کے بدنام زمانہ یہ ٹھگ ہر جگہ رسوا ہوئے ہیں اور رہوتے رہیں گے۔ مرکز کے بعد پنجاب سے بھی یہ لوگ دم دبا کر بھاگ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار وزیراعظم عمران خان کے سپاہی ہیں۔ وزیراعظم عمران خان کو وزیراعلیٰ عثمان بزدار پر مکمل اعتماد ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کورونا کی حالیہ لہر پر قابو پانے کے لئے سنجیدہ اور بروقت فیصلے کیے ہیں۔ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے میں کورونا کے 1239 نئے مریض سامنے آئے۔ کورونا کے ایکٹو کیسوں کی تعداد 9106 تک پہنچ چکی ہے۔ پنجاب میں اب تک 5731 کورونا کے مریض جاں بحق ہوچکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران پنجاب میں کورونا کے 34 مریضوں کا انتقال ہوا۔ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران کورونا کے 16377 ٹیسٹ کئے گئے۔ پنجاب میں اب تک 3497102 کورونا ٹیسٹ کئے جا چکے ہیں۔ نئی پابندیاں صرف ان شہروں میں لگائی ہیں جہاں مریضوں کی تعداد 5 فیصد سے بڑھ چکی ہے۔ نئی پابندیوں کا مقصد عوام کو کورونا سے محفوظ رکھنا ہے۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ حکومتی اقدامات کا ساتھ دیں اور ایس او پیز پر عمل کریں۔

بقیہ 14

ہائیکورٹ آئینی درخواست کو سن کر فیصلہ کرے۔ درخواست میں کہا گیا کہ 7 مسترد ووٹوں کو گیلانی کے حق میں شامل کیا جائے تو 49 ووٹ بنتے ہیں، جان بوجھ کر ووٹوں کو نام کے اوپر مہر لگنے پر اعتراض کیا گیا، مسترد ووٹوں کو گیلانی کے حق میں کاؤنٹ کرنے سے گیلانی جیت جائیں گے۔ یاد رہے گذشتہ روز پیپلز پارٹی نے یوسف رضا گیلانی کی شکست تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ کا الیکشن چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

بقیہ 15

لئے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ انتہائی ضرورت کی صورت میں گھر سے باہر نکلیں صرف گھر کے لئے ضروری سامان خریدنے کے لئے باہر نکلیں اور تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کریں کسی بھی دکان پر رش نہیں ہونا چاہیے بلکہ گاہک ایک دوسرے سے فاصلے پر کھڑے ہوں عوام ان ہدایت پر عملدرآمد کر کے اس مشکل وقت اور نازک صورت حال میں بہتری کے لئے تعاون کریں

بقیہ 16

پاکستان تحریک انصاف واضح طور پر ملک کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو اپنے ایک بیان میں کیا۔ علی نواز اعوان نے کہا کہ سینیٹ انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف کے امیدواروں کی فتح پاکستانی عوام کی فتح ہے اور یہ ووٹ چوروں سے نفرت کا واضح اظہار ہے صادق سنجرانی اور مرزا محمد آفریدی پورے ملک کے نمائندے بن کر سامنے آئے ہیں انہوں نے کہا کہ یوسف رضا گیلانی کی چوری کے ووٹ سے کامیابی پر مریم نواز نے دعویٰ کیا تھا کہ ٹکٹ نواز شریف کا چلتا ہے ہم آج کہتے ہیں کہ ٹکٹ صرف عمران خان کا چلتا ہے جس کا واضح ثبوت صادق سنجرانی اور مرزا محمد آفریدی کی شاندار فتح ہے وزیراعظم کے معاون خصوصی نے کہا کہ سینیٹ کے اعلیٰ عہدوں کے لیے بلوچستان اور فاٹا کے نمائندوں کا انتخاب ثابت کرتا ہے کہ پی ٹی آئی پورے ملک کی نمائندہ جماعت ہے اور یہاں عہدے پارٹی کارکنوں کو کارکردگی کی بنیاد پر دیے جاتے ہیں۔

بقیہ 17

شرح 5 اعشاریہ 5 فیصد رہی اور مزید 46 مریض انتقال کر گئے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے 2 ہزار 338 کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق ملک میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 2 ہزار 536 ہوگئی، ملک میں کورونا کے ایکٹو کیسز کی تعداد 19 ہزار 764 ہوگئی ہے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے مزید 46 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس بیماری سے 1 ہزار 231 مریض شفایاب ہو گئے۔ ملک بھر میں کورونا وائرس سے انتقال کرنے والوں کی مجموعی تعداد 13 ہزار 430 ہوگئی ہے، کل مریضوں کی تعداد 6 لاکھ 198 ہوچکی ہے۔ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے مزید 42 ہزار 499 ٹیسٹ کیے گئے، اب تک کل 94 لاکھ 45 ہزار 138 کورونا ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ واضح رہے کہ پنجاب میں برطانیہ سے آنے والا نیا وائرس تیزی سے پھیلنے لگا ہے۔ لاہور، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ اور سرگودھا میں تین سو ثبت ٹیسٹ ہوئے جن میں سے 200 مریضوں میں برطانوی وائرس موجود ہونے کی تصدیق ہوئی۔ لاہور سمیت 5 اضلاع کو ہائی رسک قرار دے دیا گیا، 5 فیصد سے زائد شرح کے اضلاع میں اگلے 15 روز تک سخت ایس او پیز لگانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ تعلیمی اداروں، پارکس، ان ڈور شادی ہالز، میلوں اور زیادہ رش والی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔

بقیہ 18

دیئے گئے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے صادق سنجرانی نے کہا کہ گزشتہ روز کا جوش و جذبہ قابل دید تھا، ہر کوئی ایک ایک ووٹ گن رہا تھا، عمران خان نے اپنے سینیٹرز کو خصوصی ہدایات دے رکھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں کامیابی کا اصل کریڈٹ وزیراعظم کو جاتا ہے، الیکشن میں مسلم لیگ ق، جی ڈی اے، ایم کیو ایم کا بھی شکر گزار ہوں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ان ممبران سینیٹ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے ووٹ دیا، غیر جانبدار ہو کر سب کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میری پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، عمران خان نے میری بات سنی اور بڑی قربانی دی، فاٹا کے عوام کا احساس محرومی ضرور ختم کریں گے۔

بقیہ 19

میٹرک کا عربی کا، 5 کو انگریزی اور 6 کو سوکس کا پیپر ہوگا، 7 کو ایجوکیشن، 8 کو کیمسٹری اور 10 کو اردو کا پیپر ہوگا۔ 11 مئی کو پنجابی، 12 کو فزکس اور 18 کو ہوم اکنامکس کا پیپر ہوگا، 19 مئی کو حساب، 20 کو اکنامکس اور 21 کو مطالعہ پاکستان کا پیپر ہوگا۔ 22 مئی کو اسلامیات اور 24 کو بیالوجی، کمپیوٹر سائنس کا پیپر ہوگا۔ دوسری جانب نہم کے پیپر 25 مئی کو شروع ہوں گے، نہم کا پہلا پیپر عربی کا ہوگا، 26 مئی کو انگلش، 27 کو پنجابی اور 28 کو بیالوجی کا پیپر ہوگا، 29 ایجوکیشن اور 31 مئی کو حساب، کمپیوٹر سائنس کا پیپر ہوگا۔ یکم جون کو سوکس، 2 کو فزکس اور 3 کو ہوم اکنامکس کا پیپر ہوگا، 4 جون کو مطالعہ پاکستان، 5 کو اسلامیات اور 7 کو کیمسٹری کا پیپر ہوگا، 8 کو اکنامکس اور 9 جون کو اردو کا آخری پیپر ہوگا۔

بقیہ 20

خودکشی کرنے والی خاتون تین بچوں کی ماں تھی اوکاڑہ بلقیس فاطمہ نے گلے میں پھندا ڈال کر پنکھے سے لٹک کر خودکشی کی پولیس اوکاڑہ تھانہ صدر پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر تحقیقات شروع کردی۔

بقیہ 21

موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ججز نے ہمیشہ بار سے بہتر روابط قائم کرکے سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے۔ انسان اگر دنیا میں رحم کرتا ہے تو اللہ کی ذات آخرت میں اسے انعام سے نوازتی ہے۔ وکلا اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر سائلین کو انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا موثر و فعال کردار ادا کریں۔ عدلیہ انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے میں تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ 22

پنجاب کا کلچر اس خطہ کی تہذیبی ترقی کا آئینہ دار ہے پنجاب جو کہ محبت کی سرزمین اور اخوت کا گہوارہ ہے اس میں بسنے والے لوگ شاندار روایات کے حامل ہیں اور انہوں نے پنجاب کے خوبصورت کلچر کو احسن انداز میں زندہ رکھا ہے پنجاب حکومت نے 14 مارچ کو پنجاب کلچر ڈے منانے کا جو فیصلہ کیا ہے وہ قابل تحسین ہے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے پنجاب کلچر ڈے کا انعقاد کر کے پنجاب کے قابل فخر سپوت ہونے کا ثبوت دیا ہے پنجاب کلچر ڈے ہماری تہذیبی ترقی کے لئے ایک نئے دور آغاز ثابت ہوگا پنجاب صوفیاء کی سرزمین اور محبت کرنے والوں کی دھرتی ہے پنجاب کلچر ڈے اس خطہ کی زبان، اس کے ادب و ثقافت اور اس کے ہمہ جہت خوبصورت کلچر کو پوری دنیا کے سامنے لانے کے لئے ایک بنیاد فراہم کرے گا پنجاب کلچر ڈے پنجاب کی تہذیب و ثقافت جو صدیوں کی مٹھاس اپنے اندر سموئے ہوئے ہے اس کے اظہار کا ذریعہ ثابت ہوگی آج کا پنجاب قدیم روایات اور جدید زندگی کے ملاپ سے ایک خوبصورت کلچر کو پروان چڑھا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر عامر عقیق خان نے کہا کہ پنجاب کلچر ڈے علاقائی ثقافت کے فروغ، علاقائی لباس، مصنوعات، دستکاریوں، لوک موسیقی، علاقائی رقص، روایتی کھیلوں، مقامی پکوان، مٹھائیوں، مقامی صنعتوں سمیت معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے بھی ایک کلیدی کردار ادا کرے گا۔ ڈپٹی کمشنر عامر عقیق خان نے کہا کہ کلچر ایک دن کی تصویر نہیں یہ صدیوں کے تہذیبی سفر کا خلاصہ ہے ہمارے خطہ کی ثقافت ہماری زندگی کے مختلف رنگوں کی عکاس ہے ہمارا کلچر انسانی ذات اور معاشرتی رنگوں کا حسین امتیاز ہے جو ہمیں پوری دنیا میں الگ پہچان دیتا ہے۔

بقیہ 23

کے دوران بہترین پالیسی اپنائی، دنیا میں سمارٹ لاک ڈاؤن کی پالیسی متعارف کرائی، ملکی ترقی کیلئے خواتین کو قومی دائرہ میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ ہفتہ کو کراچی میں مصنوعی ذہانت سے انسداد مالی جرائم کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ برینڈ پاکستان کو عالمی سطح پر فروغ دینے کی ضرورت ہے، ہمیں کھینچا تانی سے باہر نکلنا ہوگا، ٹیکسٹائل کے شعبہ میں روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں، پاکستان اس وقت ترقی کی دہلیز پر عنقریب پاکستان اچھے دن دیکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ نچلی سطح پر مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، حکومت کی بہترین پالیسیوں کی وجہ سے ملکی معیشت مضبوطی کی طرف گامزن ہے، کورونا وائرس کی وبا کے دوران معاشرے کے کمزور طبقے کو مالی معاونت فراہم کی گئی، صنعتوں کیلئے بھی خصوصی پیکج متعارف کرائے گئے۔ صدر مملکت نے کہا کہ خواتین کیلئے روزگار کے مزید مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا کیا گیا

مغربی مفاد میں ایسٹ تمور کے تنازع پر الگ اور کشمیر کے مسئلہ پر الگ پالیسی اپنائی گئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ بھارت میں اس وقت مسلمانوں کی 15 فیصد آبادی ہے لیکن وہاں معاشرے میں مسلمانوں کا کوئی کردار نہیں، پارلیمان میں ان کی نمائندگی دو فیصد سے بھی کم ہے، بھارت میں معاشرے کے ساتھ یہ گھناؤنا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنک دنیا میں سب سے زیادہ منافع کماتے ہیں انہیں عورتوں کو ملازمتوں کے حوالے سے کردار ادا کرنے کیلئے رہنما کے طور پر کردار ادا کرنا ہے اس مہارت میں اپنی حد سے آگے نکل کر معاشرے کو اس کا فائدہ پہنچانا ہے۔

بقیہ 24

کہ جو علاقے ماضی میں پیچھے رہ گئے، انہیں قومی دھارے میں لانا ہماری پالیسی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف اور اتحادی جماعتوں کے متفقہ امیدوار صادق سنجرانی سینیٹ کا الیکشن جیت کر چیئرمین سینیٹ منتخب ہوگئے ہیں۔

بقیہ 25

ضمانت منسوخی کیخلاف درخواست دائر کرنے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ نیب کا اقدام بہت مستحسن ہے، کیس دو دو جمع دو کے ہیں پھر بھی یہ باہر گھوم رہے ہیں، ان کے پاس جو پیسہ ہے وہ ہمارا نہیں قوم کا پیسہ ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ عام آدمی کہہ رہا ہے کہ ہم نے الیکشن احتساب کے نعرے پر لڑا، وزیراعظم کا موقف ہے کہ کیسز کو منطقی انجام تک پہنچانا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نیب کا مریم نواز کی ضمانت منسوخی کیخلاف درخواست کا فیصلہ قابل ستائش ہے، میڈیا سے درخواست ہے کہ پہلے دیکھیں کہ ان پر کیا کیس ہیں، تاکہ عوام بھی جان سکیں کہ ان کے معصوم چہروں کے پیچھے حقیقت کیا ہے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ زیادہ بہتر طریقہ یہ ہوگا کہ مریم نواز پلی بارگین کرلیں۔

بقیہ 26

رہی ہے، اپوزیشن نے ملک کے ساتھ جو کچھ کیا اس پر معافی مانگیں اور کفارہ ادا کریں، اپوزیشن اتحاد غیر فطری ہے، یہ ایک دوسرے کے خیر خواہ نہیں، لانگ مارچ یا شارٹ مارچ کی ہمیں کوئی پرواہ نہیں، پی ڈی ایم اسلام آباد آئے ہم انہیں ایک گملا بھی نہیں توڑنے دیں گے، اپوزیشن کو ناکامی اور حق کی فتح ہوگی۔ ہفتہ کو یہاں پی آئی ڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، سینیٹ میں کامیاب ہونے والے ڈپٹی چیئرمین مرزا آفریدی کا تعلق فاٹا اور چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کا تعلق بلوچستان سے ہے، جو علاقے ماضی میں نظر انداز ہوئے ان کیلئے عملی طور پر اقدامات کر رہے ہیں، سابقہ فاٹا کے علاقوں کیلئے بھی وزیراعظم نے ترقیاتی پیکج کا اعلان کیا ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ سابقہ فاٹا سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہوا، حکومت اداروں کو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کر رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایوان میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے قانون سازی ہونی چاہیے، وزیراعظم نے فاٹا کا انضمام کر دیا، یہ آسان کام نہیں تھا۔ وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ وزیراعظم نے سابقہ فاٹا کیلئے 100 ارب سالانہ کا بجٹ دیا، عمران خان کی دیرینہ خواہش تھی کہ ماضی میں نظر انداز علاقوں کے لیے کچھ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ میں اکثریت نہ ہونے کی وجہ سے اصلاحات نہیں لا پا رہے تھے اور رکاوٹیں تھیں، ملک قرضوں میں ڈوبا ہوا تھا، ادارے مفلوج تھے، گزشتہ حکومتوں میں عوام کو مصنوعی جھلک دکھائی گئی تاہم عملی طور پر کچھ نہیں ہوا، اب ہم سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اکثریت میں آگئے ہیں اور اب عوام کیلئے ریفارم کریں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اپوزیشن پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان لوگوں نے ذاتی مقاصد کیلئے اداروں کو استعمال کیا، نواز شریف سیاست میں آئے تو ایک فیکٹری تھی اور پھر 29 فیکٹریاں بن گئیں، عوام کو خوشحالی نہیں ملی تاہم ان کے اثاثوں میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ہمیشہ کہا انتخابات میں اوپن ووٹنگ ہونی چاہیے کیونکہ ملک میں سیاسی استحکام نہ ہو تو اس کا نقصان ملک اور عوام کو ہوتا ہے۔ شبلی فراز نے کہا کہ عمران خان کے آنے کے بعد ترسیلات زر میں اضافہ ہوا ہے اور معیشت بہتر ہو رہی ہے تاہم مہنگائی کا چیلنج ہے تاہم وزیراعظم نے مہنگائی پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے، اب استحکام آچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حزب اختلاف شوق سے لانگ مارچ کریں کیونکہ لانگ مارچ میں بھی حزب اختلاف کو ناکامی ہوگی ان کو عوام نے مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا ملکی سیاست کا مقصد ذاتی مفادات کا تحفظ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ادارے کسی بھی ریاست کا ستون ہوتے ہیں، اپوزیشن نے اداروں کو ذاتی مقاصد کیلئے استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف قومی اسمبلی اور سینیٹ میں سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ کورونا وائرس کی وباء سے عالمی معیشت متاثر ہوئی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہماری حکومت نے کورونا وباء کے دوران مثبت اقدامات کیے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا اتحاد غیر فطری ہے، یہ ایک دوسرے کے خیر خواہ نہیں، اپوزیشن لانگ مارچ یا شارٹ مارچ کرے، ہمیں کوئی پرواہ نہیں۔

بقیہ 27

شہباز گل نے مسلم لیگ (ن) پر وار کرتے ہوئے کہا کہ نون لیگ کے ممبران نے گیلانی کو ووٹ نہیں ڈالا اور ووٹ خراب کر دیا۔ شہباز گل نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا اندرونی انتشار کہ گدی نشین کون ہوگا میں ابھی تک مریم کے جلسے، استعفے، دھمکیاں سینیٹ الیکشن، سب ناکام ہوگئے۔ ان کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ اب حمزہ شہباز اور مریم نواز کے درمیان ہوگا۔

بقیہ 28

شعبے کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ سول ڈرون اتھارٹی کے پاس ڈرون ٹیکنالوجی کو ریگولیٹ کرنے، لائسنسوں کا اجراء، امپورٹ اور ملک میں پیداوار کی اجازت دینے کے اختیارات ہوں گے۔ اتھارٹی ڈرونز کی مینوفیکچرنگ، آپریشنز، ٹریننگ اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے حوالے سے ذمہ داریاں سرانجام دے گی۔ اتھارٹی کو جرمانے اور سزا، لائسنسوں کی تنسیخ اور قانونی چارہ جوئی کے اختیار بھی حاصل ہوں گے۔ سیکرٹری ایوی ایشن ڈویژن اتھارٹی کے سربراہ ہوں گے۔ دیگر ممبران میں ائیرفورس، سول ایوی ایشن، دفاعی پیداوار، داخلہ اور وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے سینئر لیول افسران شامل ہوں گے۔ تمام وفاقی اکائیوں بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سے بھی ایک ایک نمائندہ شامل ہوگا۔ اس کے علاوہ شعبے کے تین ماہرین بھی اتھارٹی کا حصہ ہوں گے۔ اتھارٹی میں تمام متعلقین کی شمولیت اتھارٹی کے فرائض کی انجام دہی اور اداروں کے درمیان بہترین کوارڈینیشن میں معاون ثابت ہوگی۔ وزیراعظم عمران خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈرون ٹیکنالوجی کو کمرشل، ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ، ایگریکلچر و دیگر پرامن مقاصد کے لئے بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ اتھارٹی کے قیام سے نہ صرف اس حوالے سے موجود خلا کو پر کیا جا سکے گا جو ڈرون کے حوالے سے کوئی قانون نہ ہونے کی وجہ سے موجود ہے بلکہ یہ اتھارٹی ڈرون ٹیکنالوجی کے فروغ اور اسکی ملک میں پیداوار میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈرون ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے وسائل کا موثر استعمال اور سروس ڈیلیوری میں بہتری میں مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اتھارٹی کے قیام کے حوالے سے قانون سازی کے عمل کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے اور کابینہ کی منظوری کے بعد بل کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے۔

بقیہ 29

جیت کر دکھائیں گے یوسف رضا گیلانی اور مولانا حیدری ہارے نہیں بلکہ جیتے ہیں ہمارے 7 سات ووٹوں کو ضائع کر کے صادق سنجرانی کو زبردستی جتوایا گیا سلیکٹرز ہمیشہ سے ڈنڈے کی زور پر کسی کو ہراتے یا کسی جتواتے ہیں لیکن اس دفعہ تو انہوں نے حد کردی ہمارے سینیٹرز کو خرید اور دبا نہ سکے تو ووٹوں کو بوگس قرار دے کر مسترد کیا مگر اب یہ سلسلہ کب تک چلے گا بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی 26 مارچ سلیکٹڈ حکمرانوں کا آخری دن ہوگا اسکے بعد جمہوریت کے فتح کا دن ہوگا۔

بقیہ 30

رہنماؤں نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کے مہمان خاص پاکستان فلاح پارٹی کے سربراہ امانت علی زیب، مرکزی جنرل سیکرٹری محمد علی شیخ، سید آفتاب شاہ، جمعہ خان جمالی، امین نجیک، خان محمد رئیسانی، رحمت اللہ جان، بشیر احمد و دیگر پارٹی کے سینیئر رہنما تھے اس موقع پر پاکستان فلاح پارٹی کے سربراہ امانت علی زیب و دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان لاکھوں مسلمانان برصغیر کی قربانیوں کا ثمر ہے، ہمارے اسلاف نے حصول پاکستان کیلئے اپنا تن من دھن قربان کر دیا کلمے کی بنیاد پہ پاکستان بنا علامہ اقبال اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے کے قول کے مطابق پاکستان کی ترقی اہم وقت کی ضرورت ہے سیاست دان اپنے حلقے سے منتخب ہو کر اسلام آباد کی خوبصورت مقامات میں بیٹھ کر اپنے حلقے کے عوام کو بھول جاتے ہیں جعفرآباد کی سڑکیں دیکھ کر بہت تکلیف محسوس ہو رہا ہے کہ یہاں کے نمائندوں نے عوام کی تعلیم اور ترقی کیلئے صرف دعوے ہی کیے الیکشن سے قبل ووٹ کی خاطر ووٹر کے مرغی کی بیمار ہونے پہ بھی دریافت کیا جاتا ہے جب الیکشن میں منتخب ہوتے ہیں تو حلقے کے عوام کو بنیادی ضروریات کی سہولیات دینے کے دعوے ہی رہ جاتے ہیں جعفرآباد میں اسرار احمد عمرانی کی جدوجہد عوام کیلئے قابل ستائش ہیں عوام کی حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں عوام کو تعلیم روزگار صحت کی سہولیات دینے کیلئے پارٹی اقتدار میں آئے نہ آئے لیکن جدوجہد جاری رکھا جائیگا ملک کی حفاظت کیلئے پارٹی کے ایک ایک کارکن اپنے جان دینے کیلئے تیار ہیں سب سے پہلے اپنے آپ کو بدلنا ہوگا وڈیرا اعظم کو ختم کرنا ہوگا دل میں خوف خدا پیدا کرنا ہوگا پھر جا کر تبدیلی محسوس ہوگا تبدیلی لگانے والوں نے بھی عوام کو مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں دیا پاکستان فلاح پارٹی عوام کی حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھے گا، اس موقع پاکستان فلاح پارٹی کے صوبائی رہنماء □ اسرار احمد عمرانی، سید آفتاب شاہ، جمعہ خان جمالی، رحمت اللہ جان، خان محمد رئیسانی، امین نجیک، بشیر احمد و دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا اس موقع پر پاکستان فلاح پارٹی کے صوبائی رہنماء □ اسرار احمد عمرانی نے مہمانوں کو بلوچی پگڑی کے تحائف بھی پیش کیے جس پر مہمانوں نے شکریہ ادا کیا اور پروقار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی

بقیہ 31

باعث آپس میں ٹکرا گئیں، حادثے کے نتیجے میں بسوں میں سوار ایک بچے اور دو خواتین سمیت چار افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق زخمیوں میں چار خواتین، دو مرد اور ایک بچہ شامل ہے، جنہیں طبی امداد کے لئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد دی جا رہی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے باعث دو بسوں کو بھی نقصان پہنچا، پولیس نے جائے حادثے پر پہنچ کر واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا، فرار ہونے والے ڈرائیورز کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 32

اور ناکامی ہے، پی ڈی ایم والے ایک دوسرے کے ساتھ مخلص نہیں، ان کی تمام تدبیریں الٹ جاتیں ہیں، حکومت کا اگلا ہدف مہنگائی اور کورونا کی وباء ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کو شکست دینے کے بعد مہنگائی اور کورونا کو بھی شکست دیں گے، وزیراعظم عمران خان ہی ملک کے مسائل حل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 33

پراسیکیوٹر جنرل نیب کی وساطت سے دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ مریم نواز لاہور ہائیکورٹ سے چوہدری شوگر ملز منی لانڈرنگ کیس میں ضمانت پر رہا ہیں، مریم نواز ضمانت پر رہا ہونے کے بعد مسلسل ریاستی اداروں پر حملے کر رہی ہیں، مریم نواز میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے بھی ریاستی اداروں کیخلاف بیان بازی کر رہی ہیں اور ریاست مخالفت پراپیگنڈہ کرنے میں بھی مصروف ہیں، مریم نواز کو چوہدری شوگر ملز میں دستاویزات طلبی کیلئے 10 جنوری 2020 کو نوٹس بھجوائے گئے تھے لیکن اس پر کوئی توجہ دی گئی اور نہ مطلوبہ ریکارڈ فراہم کیا گیا، مریم نواز کے دستاویزات فراہم نہ کرنے پر 11 اگست 2020 کو مریم نواز کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا گیا تھا، مریم نواز نے اپنی سیاسی طاقت کا استعمال کیا اور نیب آفس پر حملہ کروایا، مریم نواز کے کارکنوں نے پولیس اور نیب آفس پر پتھراؤ کیا جس کا مقدمہ علیحدہ سے درج کیا جا چکا ہے، مریم نواز پیش نہ ہو کر نیب کی تحقیقات میں رکاوٹ ڈال رہی ہیں، مریم نواز اپنے ہتھکنڈوں سے عوام میں یہ تاثر دے رہی ہیں کہ ریاستی ادارے غیر فعال ہو چکے ہیں، مریم نواز جان بوجھ کر ریاستی اداروں کی ساکھ خراب ہونے کے بیانات دے رہی ہیں، استدعا ہے کہ چوہدری شوگر ملز منی لانڈرنگ کیس میں ضمانت منسوخ کی جائے۔

بقیہ 34

دن سے تمام کاروبار معمول کے مطابق رات دس بجے تک چلے گا، رکاوٹ سے جو مسائل پیدا ہوں گے اس کی ذمہ دار حکومت ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار آل پاکستان انجمن تاجران (نعیم میر گروپ) کے سیکرٹری جنرل نعیم، آل پاکستان انجمن تاجران (اشرف بھٹی گروپ) کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے طاہر سبحانی، آصف خان، عمران بشیر، میاں خلیل عمیر بگریز خان، ملک ناظم سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ حکومت کے نوٹیفکیشن میں کاروبار بند کرنے کا وقت رات 10 بجے درج تھا لیکن نیا نوٹیفکیشن نکال کر کے کاروبار کے اوقات شام 6 بجے کر دیئے گئے، نوٹیفکیشن میں ہفتہ اور اتوار کو کاروبار بند رکھنے کا حکم بھی شامل نہیں تھا۔ ہم شام 6 بجے کاروبار بند کرنے کے حکومتی فیصلے کو مسترد کرتے ہیں، شادی ہالز، سکولز اور ڈائننگ بند کرنے کا فیصلہ بھی منصفانہ

نہیں، حکومتی فیصلے بدنیتی پر مبنی ہیں، حکومت تاجروں کا کاندھا استعمال کر کے سیاسی فائدہ اٹھانا چاہتی ہے، حکومت کرونا کو ڈھال بنا کر اپنی سیاسی مخالف تحریک کچلنا چاہتی ہے۔ حکومت اپنے سیاسی مقاصد کی تکمیل کیلئے کوئی اور طریقہ اپنائے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگی کرونا ویکسین بیچ کر کون کتنا مال بنائے گا حکومت بتائے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کو داؤ پر لگانا کہاں کی عقلمندی ہے، کرونا ایس او پیز پر عملدرآمد کے لئے حکومت خود سنجیدہ نہیں، کرونا روک تھام کیلئے آج تک حکومت اور تاجروں کا کوئی باہمی اجلاس نہیں بلایا گیا، حکومت نے عوام کے لئے لازمی ماسک پہننے کی کوئی قانون سازی بھی نہیں کی، کرونا آگاہی کیلئے حکومت نے کوئی ٹھوس منصوبہ بندی نہیں کی، عوام کو کرونا کے ساتھ جینے کی تربیت دینا حکومت کا فرض تھا لیکن غافل حکومت نے ہمیشہ انتہائی اقدام اٹھانے میں ہی عافیت سمجھی۔ تاجر رہنماؤں نے کہا کہ حکومت کاغذ کا ایک نوٹیفکیشن نکال کر اپنی بنیادی ذمہ داریوں سے فرار چاہتی ہے، کاغذی حکومت کی تمام کاغذی کارروائیوں کو مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ 35

تاکہ پوری دنیا میں شاعری کو فروغ دیا جاسکے۔ اس دن کا اہم ترین مقصد شاعری کے ذریعے مختلف زبانوں اور لہجوں میں انسانی اقدار کا پرچار کر کے سماجی ترقی کی راہ ہموار کرنا ہے۔ بلاشبہ شعراء کا اس ضمن میں ہمیشہ کلیدی کردار رہا ہے جسے ہر سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

بقیہ 36

رضا المدنی عطاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ستائیس رجب المرجب کی عظیم رات شب معراج کی رات ہے یہ وہی رات ہے کہ جس رات جنت سجائی گئی آج ہی کی رات عرش پر دھوم مچی آج ہی کی رات زمین پر انوار برسے آج ہی کی رات حور غلمان اور فرشتے میرے آقا مدینے والے مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کے استقبال کے لیے صف باندھے کھڑے ہوئے آج ہی کی رات اللہ پاک نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو عرش و کرسی کی سیر کرائی جنت دکھائی اور ماشاء □ اللہ سدرہ ہولا مکاں۔ پھر اس سے بھی آگے قرب خاص میں بلایا ہم کلامی کا شرف عطا فرمایا اور سبحن اللہ۔ محبوب مصطفے سرور انبیاء □ صلی اللہ علیہ وسلم کو عین حالت بیداری میں۔ سر کی آنکھوں سے اپنا دیدار بھی کرایا انہوں نے کہا کہ معراج کی رات اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہم گناہگاروں کو نہیں بھولے پیارے اسلامی بھائیو معراج شریف کو عموماً معجزہ کہا جاتا ہے بلکہ یہ عظیم الشان اور عقل کو حیرت میں ڈال دینے والا معجزہ ہے مگر حقیقت یہ ہیکہ معراج شریف صرف ایک معجزہ نہیں بلکہ کئی معجزات کا مجموعہ ہے سفر معراج شریف کا ایک بڑا حصہ ہے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے مشاہدات۔

بقیہ 37

خطہ بلکہ یورپ، امریکہ اور چین سمیت سب کی ضرورت ہے لہٰذا سبھی طاقتوں کو اس کے لیے سنجیدہ اور مخلصانہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ جماعت اسلامی کے مرکز منصورہ میں دونوں رہنماؤں نے بڑے اجتماع سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دیرینہ مطالبہ دہرایا کہ امریکی فوج افغانستان سے نکل جائے اور ملک کی حقیقی قیادت اور عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کی اجازت دی جائے۔ سراج الحق نے تجویز دی کہ تباہ حال اور جنگ زدہ افغانستان میں انفراسٹرکچر کی بحالی اور معیشت کو سہارا دینے کے لیے بالکل اسی طرح کے مارشل پلان کی ضرورت ہے جو دوسری جنگ عظیم کے خاتمے پر امریکہ نے مغربی یورپ کی بحالی کے لیے دیا تھا۔ انجینئر حکمت یار جو افغانستان کے وزیراعظم بھی رہ چکے ہیں نے اپنے خطاب میں افغانستان میں امن کے قیام کے لیے روس اور ترکی کی جانب سے بلائی جانے والی کانفرنس میں بھی حزب اسلامی کے وفد کی شمولیت کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے 95 فیصد نیٹو افواج چلی گئی ہے اور باقی 5 فیصد بھی جانے کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانیوں کا ماضی اور حال گواہ ہے کہ انہوں نے کسی بھی غیر ملکی جارح کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اسے شکست دی۔ یہ سب کچھ افغان مسلمانوں کے جذبہ ایمانی کی طاقت سے ممکن ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان نے برطانیہ کو اس وقت شکست دی جب اس کی سلطنت مشرق میں آسٹریلیا اور مغرب میں امریکہ تک پھیلی ہوئی تھی۔ افغانوں کی مزاحمت اور جذبہ جہاد کی وجہ سے سوویت یونین کا شیرازہ بکھر گیا۔

بقیہ 38

نے کہا کہ مہنگائی کنٹرول کرنے کے لئے ضروری انتظامی اقدامات اٹھائے جائیں۔ شہریوں کو کسی بھی صورت ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے۔ انتظامی افسران مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں اور اشیائے ضروریہ کی مقرر کردہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف دینے کے لئے انتظامیہ کو مزید جانفشانی سے کام کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے کورونا کی لہر پر قابو پانے کے لئے نئے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری پہلی اور آخری ترجیح کورونا کا پھیلاؤ روکنا ہے۔ کورونا کے مریضوں کی تعداد میں اضافے کے پیش نظر بعض شہروں میں زندگیوں کی حفاظت کے لئے ضروری پابندیاں لگائی ہیں۔ انسداد کورونا کے لئے نئے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ شہریوں کی زندگیوں کی حفاظت کے لئے آئندہ بھی ضروری اقدامات کرتے رہیں گے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے مزید ہدایت کی کہ لاہور سمیت شہروں میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ صفائی کے انتظامات کے حوالے سے جامع پلاننگ کی جائے اور کوڑا کرکٹ کو بروقت مناسب طریقے سے اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کم آمدن والے شہریوں کے لئے سستے گھروں کی تعمیر ہماری حکومت کی فلیگ شپ پروگرام ہے اور اس منصوبے سے متعلقہ امور کو فاسٹ ٹریک پر آگے بڑھایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے وزیراعلیٰ کو صوبے میں پرائس کنٹرول، انسداد کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور لوکاسٹ ہاؤسنگ پراجیکٹ کے حوالے سے کئے گئے اقدامات کے بارے میں بریف کیا۔

بقیہ 39

بعد باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ عدالت عالیہ اور اس کے علاقائی بنچز کی عدالتوں میں پیش ہونے والے وکلاء کے 3 نومبر 2020 سے گاؤن پہننے کی پابندی عائد کی گئی تھی۔

بقیہ 40

بالا کی ساکھ پامال کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شبلی فراز فوٹو اسٹیٹ وزیر ہیں، شبلی فراز لمبی ایڑی والے بوٹ پہن کر قد بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری جمہوریت کی علامت ہیں، کرائے کے ترجمانوں کے ذریعے صدر آصف علی زرداری کے خلاف بیان بازی کروانے والوں کو شرمندگی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکمران اپنی دھاندلی پر شادیانے بجا رہے ہیں، حکومت یہ جانتی ہے کہ کل جیت یوسف رضا

گیلانی کی ہوئی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ غیر قانونی اور جعلی رولنگ کو عدالت میں چیلنج کریں گے، کہیں نہیں لکھا کہ پریزائیڈنگ کی رولنگ عدالت میں چیلنج نہیں ہوسکتی، پریزائیڈنگ آفیسر شاہ سے وفاداری نبھا رہا تھا۔

بقیہ 41

سماعت کی۔ دوران سماعت ملزمان عابد ملہی اور شفقت علی کو بھی پیش کیا گیا۔ دوران سماعت مدعی سردار شہزاد سمیت پانچ گواہان کے بیانات قلمبند کئے گئے۔ پراسیکیوشن کی جانب سے 50 گواہان کی فہرست پیش کر رکھی ہے۔ عدالت نے مزید سماعت 16 مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے گواہان کو طلب کرلیا۔

بقیہ 42

جمع کروانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ہوم ورک مکمل نہ ہونے کی صورت میں پاس نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 43

ایس ایچ او اسجد محمود اور اے ایس آئی محمد اعجاز پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ایک وارنٹ کا جواب دینا گوارہ نہیں۔ پولیس افسران کی جانب سے معافی کی استدعا کی گئی جس پر فاضل جج نے کہا کہ آپ نے معافی لے کر سسٹم کو خراب کر دیا ہے۔ فاضل جج نے اے ایس آئی محمد اعجاز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ پولیس کے جانب سے بتایا گیا کہ ملک ارشد وحید کیخلاف اشتہاری ہونے کا نوٹس آویزاں کروا دیا گیا ہے۔ فاضل جج نے استفسار کیا جو نوٹس آویزاں کیا گیا ہے وہ کہاں ہے جسے پولیس نے عدالت میں پیش کر دیا۔ عدالت نے سماعت 17 مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے کہا کہ شوکاز پر کارروائی 17 مارچ کو ہوگی۔

بقیہ 44

مذاکرات جاری ہیں اور آئندہ ہفتے اس سلسلے میں مثبت پیش رفت کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کو اپنے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر بہتر رکھنے کے لیے اس رقم کی اشد ضرورت ہے جب کہ گزشتہ ہفتے قرض کی واپسی کا تقاضا نہ ہونے کا مطلب ہے کہ پاکستان کو فوری طور پر یہ ادائیگی نہیں کرنا پڑے گی۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق وہ امارات سے اس سلسلے میں رابطے میں ہیں تاہم اس مرحلے پر تفصیلات جاری نہیں کی جاسکتیں

بقیہ 45

سامان 2 جواریوں سمیت جواء پر لگی رقم، موٹرسائیکل، 1 ڈالہ ٹیوٹا اور 2 کاریں مہران برآمد کرلی گئیں۔ ایس ایچ او تھانہ صدر ٹوبہ جیون خان ایس آئی معہ محمد بوٹا ایس آئی و ملازمان پولیس نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 1 ملزم اعجاز الرحمٰن عرف ماڑا کو قابو کیا جس کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب برآمد ہوئی جس پر مقدمہ درج کیا گیا۔ تھانہ رجانہ۔ ایس ایچ او تھانہ رجانہ انسپکٹر خادم حسین معہ محمد فاروق اے ایس آئی و ملازمان پولیس نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 1 ملزم محمد فیاض ولد فلک شیر کو قابو کیا جس کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد ہوا جس پر مقدمہ درج رجسٹر کیا گیا۔ تھانہ اروتی۔ ایس ایچ او تھانہ رجانہ انسپکٹر اکبر حیات معہ محمد کاشف اے ایس آئی و ملازمان پولیس نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 1 ملزم طارق ولد منظور احمد کو شراب فروخت کرتے ہوئے قابو کیا جس کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب برآمد ہوئی جس پر مقدمہ درج رجسٹر کیا گیا۔ دوسری کارروائی میں انسپکٹر اکبر حیات معہ ملازمان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان 1۔ عمر حیات 2۔ جاوید اقبال کو مرغوں کی لڑائی پر جواء کرواتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا جن کے قبضہ سے اسلحہ ناجائز پسٹل 30 بور معہ گولیاں، ایک موٹر سائیکل، ایک ڈالہ کپنی ٹیوٹا، دو عدد کاریں مہران برآمد ہوئی جن پر مقدمہ درج کیا گیا۔

بقیہ 46

دورہ کے موقع پر پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں سے کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ سینٹ الیکشن سے پہلے ووٹ ضائع کرنے کا طریقہ بتایا گیا اکثریت کے باوجود عبدالحفیظ شیخ کے بارے پر بہت افسوس ہوا۔

بقیہ 47

کے قائد کے نعرے لگانے والوں کو بھی شرم آنی چاہیے، نامعلوم نمبروں سے کالز ہمیں بھی آتی ہیں، برا بھلا کہا جاتا ہے، ہم نے کبھی اداروں کا نام نہیں لیا۔ ہفتہ کو وفاقی وزیر برائے ایوی ایشن غلام سرور خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ میں اپوزیشن کی تمام جماعتوں کو شکست اور تحریک انصاف اور اس کے اتحادیوں کو فتح ملی، نامعلوم نمبروں سے کالز ہمیں بھی آتی ہیں برا بھلا کہا جاتا ہے، ہم نے کبھی اداروں کا نام نہیں لیا۔ غلام سرور خان نے کہا کہ نواز شریف علاج کا کہہ کر مفرور ہوگیا، نواز شریف کے نعرے لگانے والوں کو بھی شرم آنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف ملک دشمن ہے میں نفرت کا اظہار کرتا ہوں، ملک کے اداروں کے خلاف بات کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے، ن لیگ کو پورے ملک سے ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا، اگر آپ پاکستان کے اداروں کے خلاف بات کریں گے تو آپ ناکام ہوں گے، جیت جائیں تو ٹھیک ہے اور ہارتے ہیں تو الزامات لگانا شروع کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے لوگ چھوٹی سوچ اپنی ہار کو تسلیم نہیں کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی پی اور ن لیگ مولانا کے بغل بچے بنے ہوئے ہیں، اپنی سیاست کو چمکانے کیلئے مولانا اسلام کو استعمال اور پمفلٹ بانٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز اسٹاک ایکسچینج بیٹھ گیا، یہ اقدامات غیر قانونی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری داڑھی نہیں لیکن مجھے اللہ نے اپوزیشن سے بہت اچھا بنایا، جمعیت علمائے اسلام ہند نے پاکستان کی بھرپور مخالفت کی، مہنگائی ہماری حکومت کا مسئلہ ہے، پی ڈیم نہیں یہ چلے ہوئے کارتوس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تمام توجہ مہنگائی کنٹرول کرنے پر ہے۔

بقیہ 48

طاقت پیچھے ہٹ جائے تو اگلے دن ہی اگلی حکومت گر جائے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کے چیئرمین اقلیت کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اکثریت پی ڈی ایم کی جماعتوں کے پاس ہے۔ ہم اس بوگس الیکشن کو ہرگز نہیں مانتے۔ حک۔ ران سینٹ سے کوئی بل پاس نہیں کرا سکیں گے۔

بقیہ 49

وزیر جیل خانہ جات پنجاب فیاض الحسن چوہان نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن میاں جاوید لطیف کی جانب سے جاری کیے گئے بیانات پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ میاں جاوید لطیف نواز شریف اور بیگم صفدر اعوان کے ایما پر ملکی سلامتی کے خلاف بیانات دے رہے ہیں۔ آہستہ آہستہ (ن) لیگ کی ملک دشمن سازشیں کھل کر سامنے آ رہی ہیں۔ فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ (ن) لیگ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی اپنی ہار کے بعد حکومت، عوام اور پی ڈی ایم سمیت سب کو بے وقوف بنانے کے چکروں میں ہیں۔ وزیر جیل خانہ جات پنجاب نے یہ بھی کہا کہ ملک دشمن عناصر کے ہاتھوں میں کھیلنے والے یہ نام نہاد قائدین پاکستان کو کمزور دیکھنا چاہتے ہیں۔

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز اتوار 14 مارچ 2021ء

پابندیوں کے باوجود 20 ہزار فلسطینیوں کی مسجد اقصیٰ میں نماز جمعہ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی فوج اور پولیس کی طرف سے کڑی پابندیوں کے باوجود 20 ہزار فلسطینیوں نے مسجد اقصیٰ میں نماز جمعہ ادا کی۔

بقیہ 1 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان سے امریکی فوج کا مکمل انخلا تاخیر کا شکار ہونے کا خدشہ

یمن کی سرکاری فوج نے دو مراحل میں 21 بچوں کو ریڈ کراس کمیٹی کے حوالے کیا ہے، یہ بچے مآرب گورنری میں حوثیوں کی صفوں میں لڑتے ہوئے گرفتار کیے گئے تھے، یمنی وزیر اطلاعات

ان بچوں کو ریڈ کراس کی مدد سے ان کے خاندانوں تک پہنچایا جائیگا، کم عمر بچوں کی گرفتاری سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ایرانی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا اپنے مذموم جنگی عزائم کے لیے بچوں کو جنگ کا ایندھن بنا رہی ہے

صنعاء (این این آئی) یمن کی سرکاری فوج نے لڑائی کے دوران حوثیوں کی صفوں میں لڑنے والے 21 بچوں کو ریڈ کراس کمیٹی کے حوالے کیا ہے۔

بقیہ 3 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

ہیری اور میگھن انٹرویو، شہزادہ چارلس مایوس ہوگئے

پرنس آف ویلز چارلس ہیری اور میگھن کے انٹرویو کے بعد مایوسی کی حالت میں چلے گئے ہیں، ذرائع کا دعویٰ

پرنس چارلس نے رواں ہفتے نئی ڈیوٹیز کا آغاز کردیا ہے لیکن انہوں نے انٹرویو پر ردعمل دینے سے گریز کیا

لندن (این این آئی) برطانوی شاہی خاندان ... کے انٹرویو کے بعد مایوسی کی حالت میں چلے گئے ہیں۔

بقیہ 4 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، تحفظ ناموس رسالت ... کے زیراہتمام مظاہرین ... کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

بحیرہ روم میں تیل بردار ایرانی بحری جہاز پر دہشتگرد حملہ

اس طرح کی دہشت گردی بحری قزاق حملوں کے مترادف ہے، ایرانی شپنگ کمپنی

بارودی شے کے حملے سے جہاز کو معمولی نقصان ہوا ہے تاہم حملے میں جہاز پر موجود افراد محفوظ رہے

تہران (این این آئی) بحیرہ روم میں ایران کے آئل ٹینکر پر حملے کے بعد ایرانی بحری جہاز کو معمولی نقصان پہنچا ہے ... اس طرح کی دہشت گردی بحری قزاق حملوں کے مترادف ہے۔

بقیہ 2 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی ... شرکت کیلئے جا رہے ہیں

حوثی کی طرف سے جنگ کیلئے بھرتی کئے 21 یمنی بچے ریڈ کراس کے حوالے

طالبان کی جانب سے بھی نئی ٹائم لائن پر آمادہ ہونے کا امکان ہے، جوبائیڈن انتظامیہ شراکت اقتدار سے متعلق تجویز پر عمل کے لیے ڈیڈ لائن بڑھانا چاہتی ہے، امریکی میڈیا

واضح رہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے طالبان سے معاہدے میں تمام امریکی فوجیوں کے افغانستان سے نکلنے کے لیے یکم مئی کی ڈیڈلائن رکھی تھی

... کہنا تھا کہ طالبان کی جانب سے بھی نئی ٹائم لائن پر آمادہ ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے طالبان سے معاہدے میں تمام امریکی فوجیوں کے افغانستان سے نکلنے کے لیے یکم مئی کی ڈیڈلائن رکھی تھی۔ افغانستان سے امریکی فوج کا مکمل انخلا تاخیر کا شکار ہونے کا خدشہ ہے اور اس حوالے سے یکم مئی کی ڈیڈلائن پر عمل ہوتا نظر نہیں آتا۔ امریکی میڈیا نے جوبائیڈن انتظامیہ کے عہدیداروں کے حوالے سے دعویٰ کرتے ہوئے بتایا کہ جوبائیڈن انتظامیہ شراکت

بقیہ 5 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کی آڑ میں ایشیائی امریکیوں سے نفرت انگیز حملے بند کیے جائیں: جو بائیڈن

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی آڑ میں ایشیائی امریکیوں کے خلاف نفرت انگیز حملے بند کیے جائیں۔

بقیہ 15 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا میں پولیس کے ہاتھوں ہلاک سیاہ فام کے اہلخانہ سے تصفیہ

سیاہ فام شہری کی ہلاکت کے کیس میں ان کے اہلخانہ کو 27 ملین ڈالر کی رقم ادا کی جائے گی، پولیس

بقیہ 16 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

کرونا کی وجہ سے بند کی گئی حرمین ایکسپریس ٹرین 31 مارچ سے چلانے کا اعلان

ٹکٹ جاری کرنے اور سیٹوں کی بکنگ کا سلسلہ آئندہ سوموار سے شروع ہوگا، حرمین ایکسپریس ٹرین انتظامیہ

اس کا شمار دنیا کے چھٹے سب سے بڑے ٹرین پروجیکٹ میں ہوتا ہے، اس منصوبے کی تکمیل پر 60 ارب ریال کا تخمینہ لگایا گیا ہے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں حرمین ایکسپریس ٹرین کی انتظامیہ نے ٹوئٹر پر پوسٹ کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ کرونا وبا کی وجہ سے بند کی گئی ایکسپریس ٹرین 31 مارچ سے چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حرمین ایکسپریس کو 21 مارچ 2020 کو کرونا وبا کی وجہ سے بند کر دیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حرمین ایکسپریس ٹرین کی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ اس ٹرین کے ذریعے سفر کرنے والے تمام شہریوں کو ٹکٹ جاری کیے جائیں گے۔ ٹکٹ جاری کرنے اور سیٹوں کی بکنگ کا سلسلہ آئندہ سوموار سے شروع ہو گا۔ حرمین

بقیہ 6 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، لیڈی ہیلتھ ورکرز اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دیئے بیٹھی ہیں

ایک سال میں 18 ہزار یہودی شرپسندوں کے قبلہ اول پر دھاوے

یہودی آبادکاروں کی قبلہ اول پر دھاووں کی قیادت اسرائیل کے انتہا پسند یہودی لیڈر یہودا گلیک نے کی، رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض صیہونی فوج اور پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں یہودی شرپسندوں کی مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کا سلسلہ جاری ہے۔ گذشتہ ایک سال کے دوران 18 ہزار یہودی آبادکاروں نے فوج اور پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں مسجد اقصیٰ میں داخل کر مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ یہودی آبادکاروں کی قبلہ اول پر

بقیہ 9 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان فوج کے 50 کروڑ ڈالر کے طیارے صرف 40 ہزار ڈالر میں فروخت

افغانستان کی تعمیر نو کے منصوبوں میں امریکا کے 2.4 ارب ڈالر کے منصوبے تباہ و برباد ہوگئے، رپورٹ

کابل (این این آئی) امریکا کی جانب سے افغانستان کے لیے 50 کروڑ ڈالر سے زائد مالیت کے خریدے گئے طیارے صرف 40 ہزار ڈالر میں فروخت کردیے گئے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق امریکی ادارے اسپیشل انسپکٹر جنرل آف افغان ری کنسٹرکشن کی تازہ ترین رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ افغانستان کی

بقیہ 10 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان صوبے ہیرات میں کار بم دھماکے میں 8 افراد ہلاک، 60 زخمی

کار بم دھماکا پولیس چیک پوسٹ کے قریب کیا گیا، کسی نے ذمہ داری قبول نہیں کی، گورنر ہیرات

کابل (این این آئی) صوبے ہیرات میں کار بم دھماکے کے نتیجے میں 8 افراد ہلاک اور 60 زخمی ہوگئے۔ افغان میڈیا کے مطابق صوبے ہیرات میں کار بم دھماکے کے نتیجے میں 8 افراد ہلاک اور 60 زخمی ہوگئے، واقعہ کے بعد امدادی اہلکاروں نے زخمیوں کو فوراً قریبی اسپتال منتقل کیا جب کہ سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں گھیرے میں لیکر دھماکے کی

بقیہ 11 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں ایک دن میں ایک لاکھ 30 ہزار افراد کو ویکسین لگانے کا ریکارڈ

اب تک 500 مراکز قائم کیے جاچکے ہیں جہاں پر شہریوں کی بڑی تعداد ویکسین لگوانے کے لیے پہنچ رہی ہے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت صحت نے بتایا ہے کہ مملکت میں شہریوں کو کرونا ویکسین لگوائے جانے کا عمل جاری ہے۔ ملک میں ویکسین لگانے کا عمل کے بعد سے پہلی بار ایک دن میں ایک لاکھ 30 ہزار افراد کو ویکسین لگوائی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت صحت کا کہنا تھا کہ ایک دن میں سوا لاکھ سے زائد افراد کو کرونا

بقیہ 17 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

یورپی یونین کے لیے کورونا ویکسین کی دوسری کھیپ کی فراہمی سست روی کا شکار

وسط مارچ یا اپریل کے آخر تک نئی منظور شدہ جانسن اینڈ جانسن کی تیار کردہ ویکسین کی فراہمی کی توقع نہیں

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کے لیے کورونا ویکسین کی دوسری کھیپ کی فراہمی سست روی کا شکار ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی یونین کے کمیشن نے اس کا ذمہ دار ادویات ساز کمپنی آسٹرا زینیکا کو ٹھہراتے ہوئے کہا کہ یہ کمپنی ویکسین کی ترسیل میں بہت تاخیر سے کام کر رہی ہے۔ دریں اثنا جرمنی کے وفاقی وزیر برائے صحت ژینس اسپاہن

بقیہ 18 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

ترکی کا مصر کے ساتھ سفارتی رابطے بحال کرنے کا عندیہ

ترکی نے تعلقات کو بحال کرنے کے لیے بات چیت کی تجویز پیش کی ہے، مصری انٹیلی جنس ایجنسی

انقرہ (این این آئی) ترکی نے مصر کے ساتھ سفارتی رابطے بحال کرنے کا عندیہ دیا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکی کے وزیر خارجہ مولود چاس آلو کا کہنا تھا کہ ترکی نے سن 2013 کے بعد سے پہلی مرتبہ قاہرہ کے ساتھ سفارتی رابطے شروع کر دیئے۔ اخوان المسلمون سے تعلق رکھنے والے معزول مصری صدر محمد مرسی کی انقرہ کی جانب سے حمایت اور لیبیا

بقیہ 22 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ کشمیر، بھارتی فوج کی گاڑی کو حادثہ، ایک اہلکار ہلاک اور 3 زخمی

سری نگر (آن لائن) مقبوضہ وادی میں بھارتی فوج کی گاڑی کو حادثے کے نتیجے میں ایک اہلکار ہلاک اور 3 زخمی ہوگئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ضلع کلگام میں بھارتی فوج کی گاڑی حادثے کے باعث نالے میں جاگری جس کے نتیجے میں میجر اور

بقیہ 19 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

ترکی کا مصر کے ساتھ سفارتی تعلقات کی بحالی کا عندیہ

انقرہ (آن لائن) ترکی نے مصر کے ساتھ سفارتی تعلقات کی بحالی کا عندیہ دیا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترک وزیر خارجہ مولود چاؤش آؤلو نے انٹیلی جنس اور وزارت خارجہ کی سطح پر ترکی اور مصر کے مابین ابتدائی سفارتی بات چیت کا عندیہ

بقیہ 20 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوئٹے مالا میں 19 تارکین وطن کی لاشیں ان کے لواحقین کے حوالے کردی گئیں

گوئٹے مالاسٹی (این این آئی) وسطی امریکی ملک گوئٹے مالا میں 19 تارکین وطن کی لاشوں کو ان

بقیہ 21 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار سے وزیراعظم کے مشیر بیرسٹر شہزاد اکبر ملاقات کر رہے ہیں

آسٹرازینیکا ویکسین کا استعمال نہیں روکنا چاہیے، ڈبلیو ایچ او

نیویارک (این این آئی) عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ کورونا ویکسین ایسٹرا زینیکا کا استعمال روکنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایسٹرا زینیکا ویکسین کے استعمال کے بعد خون کی پھٹکیاں بننے کے کچھ واقعات پر کئی یورپی

بقیہ 7 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی گایوں کے دودھ میں سونا نہیں، مودی حکومت کا اعتراف

نئی دہلی (این این آئی) مویشی پروری اور ڈیری کے وزیر نے پارلیمان میں اعتراف کیا ہے کہ دیسی گایوں اور غیرملکی نسل کی گایوں کے دودھ کے معیار میں کوئی فرق نہیں ہوتا ہے۔ بھارت میں مویشی پروری، ماہی گیری اور ڈیری کی وزارت کے تحت کام کرنے والے ادارے راشٹریہ کام دھینو آیوگ (قومی گائے کمیشن) نے گذشتہ دنوں دعویٰ

بقیہ 8 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

فلسطینی خاتون اسرائیلی جیل سے پانچ سال بعد رہا

نبیل ھاشم قنیبہ کی رہائی کے بعد اسے ایک قافلے کی شکل میں اس کی رہائش گاہ پر لایا گیا

الخلیل (این این آئی) قابض اسرائیلی ریاست کی جیل میں قید ایک فلسطینی خاتون کو پانچ سال کے بعد گذشتہ روز رہا کر دیا گیا۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق مقبوضہ مغربی کنارے کے جنوبی شہر الخلیل سے تعلق رکھنے والی 44 سالہ نبیل ھاشم القنیبہ کو مسلسل پانچ سال کے بعد گذشتہ روز رہا کر دیا گیا۔ مقامی ذرائع کا کہنا تھا کہ قنیبہ کو پانچ سال قید

بقیہ 12 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت یو این سلامتی کونسل کا مستقل رکن بننے کی اہلیت نہیں رکھتا، چینی تجزیہ کار

مودی حکومت کی ہندو انتہا پسندی پر مبنی قوم پرستی کی جارحانہ ذہنیت بے نقاب ہورہی ہے، زی اوئنگ کا بیان

بیجنگ (این این آئی) چین کے بین الاقوامی امور کے ماہر چین زی اوئنگ نے کہا ہے کہ بھارت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا مستقل رکن بننے کی اہلیت

بقیہ 13 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

چمن، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما پی ڈی ایم کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ حمداللہ اور دیگر مدرسہ جامعۃ العلوم میں دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روکیں گے، امریکی مشیر

ایران کے جوہری پروگرام کا مسئلہ حل کرنے کے لیے سفارت کاری بہترین طریقہ ہے

امریکی صدر جو بائیڈن پر عزم ہیں کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا، جیک سولیون

واشنگٹن (این این آئی) امریکی قومی سلامتی کے مشیر جیک سولیون نے اس بات پر زور دیا ہے کہ امریکا ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روکے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سولیون نے کہا کہ امریکی انتظامیہ مذاکرات میں پیش رفت کے بارے میں ایران کے ردعمل کی منتظر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یورپی مندوبین ایران کے حوالے سے بات چیت اور مشاورت کر رہے ہیں۔ امریکی قومی سلامتی کے مشیر نے نشاندہی کی کہ ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روکنے کے لیے امریکا اور اس کے اتحادیوں میں اتفاق رائے موجود

بقیہ 27 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ ویکسینیشن کی سہولت کیلئے اقوام متحدہ کی اردو مہم کا آغاز

پاکستان بھی وبا کو شکست دینے میں عالمی تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اس کوشش میں شامل ہوگیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے کووڈ 19 ویکسین کی منصفانہ اور مساوی تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے پہلی مرتبہ اردو (اور دیگر نو زبانوں میں) اپنی مہم کا آغاز کردیا۔ مزید یہ کہ پاکستان بھی وبا کو شکست دینے میں عالمی تعاون کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اس کوشش میں شامل ہوگیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ نے کووڈ 19 ویکسین تک عالمی رسائی یا کوویکس کہلائی جانے والی مہم کے تحت ضرورت مندوں کو ویکسین کی فراہمی کے لیے عالمی اقدام کا آغاز کردیا۔ اس حوالے سے پاکستان کے اقوام متحدہ میں سفیر منیر اکرم کا کہنا تھا

بقیہ 28 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت کا بھی آسٹرازینیکا کی ویکسین کے ضمنی اثرات پر تشویش کا اظہار

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے کہا ہے کہ وہ آسٹرازینیکا کے کورونا ویکسین کے ضمنی اثرات کے بارے میں مزید گہرائی میں جا کر جائزہ لے گا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ہفتے کے روز ایک حکومتی اہلکار نے اس بارے میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ آسٹرازینیکا کی کورونا ویکسین

بقیہ 26 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان سطرنج ایسوسی ایشن کے صدر اختر حسین لانگو ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

متنازع انٹرویو، ہیری اور میگھن کی مقبولیت کم ترین سطح پر آ گئی

ملکہ کی مقبولیت کا گراف شاہی خاندان کے افراد میں سب سے زیادہ بلند ہوا ہے، سروے رپورٹ

لندن (این این آئی) متنازع انٹرویو کے بعد ہیری اور میگھن کی مقبولیت کم ترین سطح پر آگئی ہے۔ شہزادہ ہیری کی مقبولیت 15 پوائنٹس جبکہ میگھن مارکل کی مقبولیت تیرہ پوائنٹس گری۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانیہ میں کیے گئے سروے کے مطابق ملکہ کی مقبولیت کا گراف شاہی خاندان کے افراد میں سب سے زیادہ بلند ہوا ہے۔ یاد رہے کہ شہزادہ ہیری

بقیہ 23 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

حوثی امن کی پیش کش کا جواب اپنے حملوں میں تیزی سے دے رہے ہیں، امریکا

اگر ابھی ہم نے پیش رفت نہیں کی تو یہ ملک مزید تنازعات اور عدم استحکام کا شکار ہوجائے گا، نمائندہ خصوصی

صنعاء (این این آئی) یمن کے لیے امریکی نمائندہ خصوصی ٹم لینڈرکنگ نے کہا ہے کہ یمن میں جنگ بندی کے لیے ایک ٹھوس منصوبہ کئی دنوں سے حوثی باغیوں کی قیادت کے سامنے رکھا ہے لیکن ایسا لگتا ہے کہ حوثی باغی مآرب کے حصول کے لیے فوجی کارروائی کو ترجیح دے رہے ہیں۔ سعودی قیادت یمن میں جنگ کے خاتمے کے لیے امریکی کوششوں

بقیہ 24 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغان عبوری انتظامیہ میں طالبان کو شامل کیا جائے، روس

عبوری متفقہ حکومت کی تشکیل کا فیصلہ خود افغانوں کو مصالحتی مذاکرات کے دوران کرنا ہے، وزارت خارجہ

ماسکو (این این آئی) روس نے ماسکو میں افغان گروپوں کے درمیان ہونے والے امن مذاکرات سے قبل کہا ہے کہ افغانستان میں کوئی عبوری انتظامیہ تشکیل پاتی ہے تو اس میں طالبان کو نمائندگی دینی چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روس کی وزارت خارجہ کے ترجمان ماریہ زخروف نے ہفتہ وار بریفنگ میں کہا کہ عبوری متفقہ حکومت کی تشکیل کا فیصلہ خود افغانوں کو مصالحتی مذاکرات کے دوران کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسی دوران ہم نے نشان دہی کی ہے کہ افغانستان کے پرامن سیاسی عمل میں طالبان کو متفقہ حکومت میں شامل کرنا مسائل کا ایک منطقی حل ہوگا۔ روس کا کہنا تھا کہ اگلے ہفتے ہونے والی کانفرنس کا مقصد دوحہ میں منعقدہ مذاکرات میں ... تعاون کرنا ہے کیونکہ تاحال نتیجہ حاصل کرنے میں

بقیہ 25 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

عرب فوجی اتحاد نے یمن میں حوثیوں کا فضائی دفاعی نظام تباہ کردیا

تباہ کیا جانے والا میزائل شکن دفاعی نظام غیرملکی ماہرین چلا رہے تھے، ترجمان عرب اتحاد

یمنی فوج نے بارود بردار حوثی ڈرون کو ہدف سے پہنچنے سے قبل ہی روک کر تباہ کر رہی ہے

صنعاء (این این آئی) یمن کی آئینی حکومت کی رٹ بحالی کے لیے سعودی عرب کی قیادت میں عرب فوجی اتحاد کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی نے کہا ہے کہ یمن میں مآرب محاذ پر حوثیوں کا ایک اور فضائی دفاعی نظام تباہ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یمنی فوج نے ایک وڈیو کلپ جاری کیا جس میں حوثیوں کے بارود بردار ڈرون کو تباہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یہ واقعہ یمنی دارالحکومت صنعاء کے شمال مغرب میں نئے مقامات آزاد کرانے کے بعد پیش آیا ہے۔ اس سے قبل یمنی فوج نے ایک اور بیان میں دعویٰ کیا تھا

بقیہ 14 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، بلوچستان عوامی پارٹی اوتھل کے رہنما چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ اور دیگر صادق سنجرانی کا دوبارہ چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر نکالی جانے والی ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

بیت المقدس کو یہودیانے کے دو نئے منصوبوں کی منظوری

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض اسرائیلی ریاست کی بیت المقدس کی نام نہاد بلدیہ نے شہر میں الشیخ جراح کے مقام پر دو نئے منصوبوں کی منظوری دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی بلدیہ نے مشرقی بیت المقدس میں الشیخ جراح کے مقام پر چھاتہ بردار بریگیڈ کے جنگ میں ہلاک ہونے والے فوجیوں کی یاد میں ایک یادگار تعمیر کرنے کی منظوری دی ہے۔ والّلا کی رپورٹ

بقیہ 29 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

میانمار میں احتجاج کی کوریج کرنے پر پانچ صحافیوں پر فرد جرم عائد

عدالتی سماعت کے دوران پانچوں صحافی ویڈیو کانفرنس کے ذریعے موجود تھے جن پر باضابطہ طور پر الزام لگایا گیا، رپورٹ

ینگون (این این آئی) میانمار کی عدالت نے بغاوت مخالف مظاہروں کی کوریج پر امریکی خبررساں ادارے کے ایک فوٹوگرافر سمیت 5 صحافیوں پر باضابطہ طور پر فرد جرم عائد کردی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یکم فروری کو ملک میں عوامی رہنما آنگ سان سوچی کی منتخب حکومت کے خلاف بغاوت اور انہیں اقتدار سے بے دخل کرنے کے بعد سے احتجاجی مظاہرے ہو رہے ہیں اور ہزاروں افراد جمہوریت کی واپسی کے مطالبے کے ساتھ سڑکوں پر نکل آئے۔ گذشتہ ماہ ینگون میں بغاوت مخالف مظاہرے کا احاطہ کرنے والے پانچ صحافیوں کو گرفتار کیا گیا تھا اور انہیں خوف پیدا کرنے، جھوٹی خبریں پھیلانے یا براہ راست یا بالواسطہ کسی سرکاری ملازم کو مشتعل کرنے کے الزامات کا سامنا ہے۔ میانمار کی فوجی جنتا نے بغاوت کے بعد قانون میں ترمیم کی تھی جس

بقیہ 30 صفحہ نمبر5 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون:2835212 فیکس:2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

جناب وزیراعظم! پنجاب کے عوام آپ کے منتظر ہیں

ہمارے حکمرانوں کا بھی آجکل وہی حال ہے جو کرونائی خوفناک وبا کے دوران ہمارے تاجروں کا ہے۔ دوکانوں پر بڑے بڑے جلی الفاظ میں ”ماسک کے بغیر دوکان میں داخل ہونا سخت منع ہے“ کے بورڈ نصب ہیں جبکہ گاہک تو کیا موصوف خود بھی ماسک لگانے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ ایسے ہی معاملات ہمارے وزیراعظم کے بھی ہیں کہ آئے روز بڑھتی ہوئی مہنگائی اور مہنگائی کا موجب بننے والے ذخیروں اندوزوں کو نہ چھوڑنے کے بیان جاری کرتے ہیں لیکن وہی ذخیرہ اندوز خود ان کے آس پاس ڈیرے ڈالے رہتے ہیں۔ اور یوں انہیں پہلے ہی دکھوں اور غموں کی ستائی ہوئی عوام پر مہنگائی کے میزائل برسانے کا موقع ملتا رہتا ہے۔ چینی کی کرونا کی طرح بڑھتی ہوئی قیمتیں ہوں یا گھی و آئل سمیت اشیاء ضرورت، تمام چیزیں عوام کے لئے مشکل ترین بنادی گئی ہیں۔ بجلی، گیس اور پانی کے بلوں میں بے تحاشہ اضافہ کرکے لوگوں کو ذہنی مریض بنایا جارہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ زندگی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے لوگ جرم کی دنیا کے مسافر بنتے جارہے ہیں۔

پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے اقتدار میں آنے کے بعد جس فلاحی ریاست کا نعرہ مستانہ بلند کیا تھا شاید وہ اس کی تاریخ سے مکمل طور پر واقف نہیں۔ امیر ریاست مدینہ جناب عمر فاروقؓ کا یہ قول: ”اگر دریا فرات کے کنارے کوئی کتا بھی بھوکا مرگیا تو عمرؓ اس کا جوابدہ ہوگا“ ریاست مدینہ کی ریاست اور اس کے باسیوں کے حقوق کو واضح کرنے کے لئے کافی ہے۔ لیکن آج کے دور میں جس ریاست مدینہ کا نعرہ لگا کر اقتدار حاصل کیا گیا، مدینہ تو دور کوفے کا منظر پیش کررہی ہے۔ ابھی تک عوام کے لئے کوئی بھی ایسا کام شروع نہ کیا گیا ہے جو ان کی زندگی میں آسانی لاسکے۔ غریب عوام کے نام پر جس طرح سابقہ حکمرانوں نے اپنے پیٹ بھرے معلوم ہوتا ہے یہ لوگ بھی اسی شاہراہ کے مسافر بنتے جارہے ہیں جس کا ثبوت یہ ہے کہ لاہور کے پہلے میگا پراجیکٹ، نیا پاکستان اپارٹمنٹس میں دفتری رکاوٹیں آنے لگی ہیں۔ کنٹریکٹرز کی پری کوالی فکیشن کے باوجود دستاویزات پر اعتراض لگا کر اس منصوبے کو ٹھپ کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ پہلے ہی پاکستان کے عوام کے لئے شروع کیے جانے والے ایسے تمام منصوبے بند کردیئے گئے ہیں۔

بالخصوص پنجاب میں بدانتظامی کی صورتحال اس قدر بدتر ہوتی جارہی ہے کہ پھولوں کا شہر لاہور کوڑے دان میں تبدیل ہوتا جارہا ہے۔ ہر جگہ کوڑے کے ڈھیر دیکھنے کو ملتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ پنجاب میں انتظامیہ نامی کوئی شے موجود نہیں ہے۔ سوشل میڈیا پر میٹنگز کی تصاویر اپلوڈ کرنے کے علاوہ بیوروکریٹ اور کچھ نہیں کر پارہے۔ محکموں کے حالات بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ محکمہ صحت پوری طرح تباہ ہوچکا ہے جس کا ثبوت لاہور کے سرکاری ہسپتالوں میں ذلیل ہوتے مریض اور ان کے لواحقین ہیں۔ ہاں! البتہ جس کے ساتھ کسی مشیر یا وزیر کی سفارش ہے اس کے لئے ڈی۔ ایم۔ ایس پروٹوکول کو احکامات جاری کردیئے جاتے ہیں۔ ہمارے دوست آصف چوہدری جو محکمہ صحت کی بیٹ دیکھتے ہیں کہ بقول حکومت اب تک کینسر کے مریضوں کے لئے علیحدہ سے کوئی ہسپتال قائم نہ کرسکی اور نہ ہی کسی ہسپتال کا سنگ بنیاد ہی رکھا گیا۔ مزید ظلم یہ ہے کہ 2014 سے ایک پروجیکٹ کے تحت کینسر بلڈ کینسر میں مبتلا مریضوں کو جو مفت ادویات میسر آتی تھیں، اس پروجیکٹ کو ختم کردیا گیا ہے۔ مجھ سمیت حکمرانوں کو بھی معلوم ہے کہ کینسر کے مریضوں کی ادویات سب سے مہنگی اور اس کا علاج بھی سب سے مہنگا ہے۔ اور اس علاج کا غریب تو دور امیر آدمی بھی تصور نہیں کرسکتا۔ ریاست مدینہ کا نعرہ لگانے والی اس حکومت نے پورے پنجاب میں کینسر کے انتہائی غریب مریضوں کا علاج ہی بند کردیا ہے۔ یہ تمام مریض جو سرکاری ہسپتالوں میں جاکر ہر مہینے اپنی ادویات لے کر زندگی کی سانسیں چلاتے تھے، اب ان پر علاج و ادویات دونوں بند کرکے سربازار انہیں مرنے کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے۔ جس کا آپ خود اندازہ لگاسکتے ہیں کہ شدت کرب میں مبتلا مریض کو ایک وقت کی دوائی میسر نہ آئے تو اس کا کیا حال ہوتا ہے اور اگر اس صورتحال کو قابو نہ کیا گیا تو مجھے خدشہ ہے کہ خدانخواستہ اس حال میں مبتلا مریضوں کی ”آہ“ ریاست مدینہ کے جھوٹے دعویداروں کو لے بیٹھے۔ ابھی بھی وقت ہے کہ وزیراعظم بالخصوص پنجاب کے بدترین انتظامی معاملات پر ایکشن لیں اور مہنگائی، ناانصافی اور بدانتظامی مافیاز کے ہاتھوں ذلیل ہوتی پنجاب کی عوام کو کچھ ریلیف دینے کے لئے واقعی کوئی حقیقی اقدام اٹھائیں۔ جناب وزیراعظم! پنجاب کی عوام آپ کی منتظر ہے۔

صوبائی وزیر حاجی محمد خان طور اوتمانخیل کی کارکردگی رپورٹ

رپورٹ: اصغر خان اوتمانخیل

تحریر۔ میاں محمد طاہر بشیر آرائیں

صوبائی وزیر صنعت و تجارت حاجی محمد خان طور اوتمانخیل بلوچستان عوامی پارٹی کے پلیٹ فارم سے بھاری اکثریت لے کر پی بی 4 لورالائی سے صوبائی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے اور بعد میں صوبائی وزیر برائے صنعت و حرفت کے منصف پر فائز ہوئے۔ حاجی صاحب اس سے پہلے 2008 تا 2013 کے صوبائی حکومت کا بھی حصہ رہے اور بطور صوبائی وزیر بہبود آبادی کے منصف پر براجمان رہے۔ لورالائی کے سیاست کی بات کی جائے تو حاجی صاحب یہاں اپنے سیاسی حریفوں کے لیے ہر وقت ایک چیلنج بنے رہے ہیں جس کی بنیادی وجہ ان کی خاکساری اور دکھی عوام کے لیے بھرپور خدمت کا جذبہ ہے۔ پہلے دور حکومت میں ان کی کارکردگی اتنی شاندار رہی کہ ان کے سیاسی مخالفین نے بھی ان کی تعریف کی۔ پچھلے دورِ حکومت میں حاجی صاحب کئی اہم اور دوررس ترقیاتی کام سرانجام دیے جس میں لورالائی یونیورسٹی اور میڈیکل کالج کی تعمیر سرفہرست ہے۔ اس کے علاوہ سینکڑوں بے روزگار افراد کو روزگار فراہم کیا گیا جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ پچھلے دورِ حکومت کی طرح اس بار بھی حاجی صاحب کی کارکردگی شاندار رہی ہے۔ حاجی صاحب کو لورالائی کے عوام نے بھاری اکثریت سے اسمبلی ممبر منتخب کیا۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے منشور کو تکمیل تک پہنچانے کے لیے حاجی محمد خان طور اوتمانخیل دن رات کوشاں ہیں جس کی واضح مثال ذیل مختلف ترقیاتی کام ہیں جس کی وجہ سے کہا جاسکتا ہے کہ ان کی کارکردگی اس وقت صوبے میں مثالی ہے۔

صحت: سول ہسپتال لورالائی جو کہ ایک ٹیچنگ ہسپتال ہے جہاں اب یہاں صوبے کے مایہ ناز ڈاکٹرز لورالائی میڈیکل کالج میں پڑھانے کے ساتھ ساتھ یہاں ٹیچنگ ہسپتال میں مریضوں کا علاج کررہے ہیں۔ او پی ڈی مکمل طور پر فعال ہے۔ آپریشن تھیٹر میں مختلف قسم کے آپریشنز ہورہے ہیں۔ چار سرجنز اور نشے کے تین ڈاکٹرز ہمہ وقت موجود رہتے ہیں۔ کارڈیک وارڈ میں دل کے امراض میں مبتلا مریضوں کا علاج ہورہا ہے۔ گائنی وارڈ میں خواتین مریضوں کو ماضی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا وہ اب مکمل طور فعال ہے۔ ٹیچنگ ہسپتال کو تین عدد نئے ایمبولینس فراہم کیے گئے ہیں جن ایک انتہائی جدید، بڑا اور تمام ضروریات سے آراستہ ایمبولینس بھی شامل ہے۔ جس سے ایمرجنسی کے دوران لوگوں کو بروقت علاج ممکن ہوگا۔ لورالائی میں گردوں کے مریضوں کی تعداد زیادہ ہے اور ڈائیلاسز کے لیے دوسرے شہروں کارخ کرنا پڑتا تھا اب اللہ کے فضل سے لورالائی ہسپتال میں ڈائیلاسز مشین نصب کردی گئی ہے اور اب گردوں کے مریضوں کو دوسرے شہروں کارخ نہیں کرنا پڑتا۔ ہسپتال میں بجلی کے لیے الگ فیڈر موجود نہیں تھا اور دیگر علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کے ساتھ ہسپتال میں بھی بدقسمتی سے لوڈ شیڈنگ ہوتی تھی لیکن صوبائی وزیر حاجی محمد خان طور اوتمانخیل نے ہسپتال کے لیے ایک الگ فیڈر منظور کرالیا ہے جس پر 18 ملین روپے خرچ ہوں گے۔ اس فیڈر کو صرف اور صرف ہسپتال کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ الگ فیڈر منظور ہونے سے ہسپتال میں لوڈ شیڈنگ نہیں ہوگی جو کہ مریضوں اور عوام کے لیے انتہائی خوشی کی بات ہے۔

میختر ہسپتال: میختر کا علاقہ ایک کثیر آبادی والا علاقہ ہے وہاں کے عوام صحت کی سہولیات پہنچانے کے لیے میختر ہسپتال کو تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دیا جارہا ہے اور میختر ہسپتال کی تعمیر کی جاری ہے۔ اس کے علاوہ دو آر سی سی، کوئٹہ روڈ اور ڈی جی خان روڈ پر تعمیر ہوں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ لورالائی میں 1122 کے قیام کے لیے بھی کام ہورہا ہے اور اس کی منظوری ہوچکی ہے۔

پانی: پانی کے حوالے سے شہر میں اس وقت ایک منظم ترتیب اور ٹیم کے ذریعے پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ شہر کے مختلف محلوں کو اپنے حساب سے پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ اس ترتیب سے شہری خوش ہیں کیوں کہ اب انہیں کسی تکلیف کے بغیر اپنے مقررہ دنوں میں پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں جیسے رودلین، عربسین، مولوی آغا محمد ایریا، ماڈل ٹاؤن، سکھر اور یارک آباد میں کروڑوں روپے کی مدد سے واٹر سپلائی سکیمز پر کام جلد شروع ہوگا اور کل ملا کر مختلف علاقوں میں 76 واٹر سپلائی سکیموں پر کام جاری ہے جس سے عوام کو پینے کا صاف پانی میسر ہوسکے گا۔ اس کے علاوہ شہر کے لیے پبلک سیکٹر ڈوپلپمنٹ پروگرام میں 15 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں جو مختلف سیکٹرز میں خرچ ہوں گے۔

تعلیم: لورالائی میڈیکل کالج کی منظوری کا سہرا صوبائی وزیر حاجی محمد خان اوتمانخیل کے سر ہے جنہوں نے اپنے سابقہ دورِ حکومت میں اس کی منظوری کرائی اور اب یہ مکمل طور پر فعال ہے۔ یہاں میڈیکل کے سینکڑوں طلباء و طالبات زیر تعلیم ہیں۔ میڈیکل کالج کی بدولت یہاں صوبے کے ممتاز پروفیسرز یہاں پڑھا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہاں کے لوگوں کا علاج بھی کررہے ہیں۔ جو کہ یہاں کے لوگوں کے لیے ایک نعمت ہے۔ یہاں سالانہ 52 ڈاکٹرز فارغ التحصیل ہوں گے جو بعد میں میڈیکل کے شعبے میں صوبے کے عوام کی خدمت کریں گے۔ اس کے علاوہ میڈیکل کالج میں لورالائی کے مقامی افراد کو روزگار کے مواقع میسر آرہے ہیں اور گزشتہ دنوں لورالائی کے تمام اقوام کے بے روزگار افراد کو بلا کسی تمیز اور رنگ و نسل کے 94 افراد کو روزگار فراہم کیا گیا۔

لورالائی یونیورسٹی: جامعہ لورالائی کی منظوری کا کریڈٹ بھی حاجی محمد خان طور اوتمانخیل کو جاتا ہے جنہوں نے اس یونیورسٹی کی منظوری کرائی۔ جامعہ کے بننے سے پہلے یہاں کے تعلیم یافتہ نوجوان اعلیٰ تعلیم کے لیے دیگر بڑے شہروں کا رخ کرتے تھے لیکن اب انہیں اعلیٰ تعلیم کے مواقع گھر کی دہلیز پر میسر ہیں اور اب انہیں دوسرے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑ رہا۔ یہاں مختلف مضامین میں اعلیٰ تعلیم دی جارہی ہے جب کہ ایم فل کی کلاسز کا اجراء بھی ہوچکا ہے۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کی وجہ سے ژوب ڈویژن کے بے روزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کے شاندار مواقع میسر ہورہے ہیں۔

انٹر کالجز: شعبہ تعلیم بلوچستان عوامی پارٹی کے منشور میں شامل ہے اور تعلیم کو اولین ترجیح حاصل ہے اس شعبے میں لورالائی کے مختلف علاقوں میں پانچ انٹر کالجز تعمیر ہورہے ہیں جس کی وجہ سے ان دور دراز علاقوں کے طلباء کو میٹرک کے بعد تعلیمی سلسلہ منقطع نہیں کرنا پڑے گا اور وہ انٹر تک تعلیم اپنے نزدیکی علاقے میں ہی حاصل کرسکیں گے۔

گرلز ریذیڈنشل کالج: لورالائی میں اپنی نوعیت کا پہلا گرلز ریذیڈنشل کالج منظور ہوچکا ہے۔ یہ ایک اہم پراجیکٹ ہے جو کہ لورالائی کے لیے ایک اعزاز ہے۔ اس کالج کی تعمیر سے یہاں کے بچیوں کے لیے تعلیم کے معیاری تعلیم کے مواقع میسر ہوں گے اور ملک اور قوم کی ترقی میں لڑکوں کے برابر حصہ ڈال سکیں گی۔

پرائمری سکولوں کی تعمیر: لورالائی کے مختلف علاقوں میں پانچ پرائمری سکول تعمیر کیے گئے ہیں یہ سکول کلی بریمہ، کلی ڈی صافیان، ماڈل ٹاؤن اور نیو پٹھانکوٹ میں تعمیر کیے گئے ہیں۔ جس سے یہاں کے بچوں کو تعلیم حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

زراعت: لورالائی چونکہ ایک زرعی علاقہ ہے، یہاں کی اکثر آبادی کا معاشی دارومدار زراعت پر ہے۔ اس اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مختلف علاقوں میں زمینداروں کو 59 تالاب بنا کر حوالے کیا گیا ہے جس سے ان کی پانی کی سٹوریج میں مدد ملے گی اور زراعت کی ترقی ممکن ہوگی۔ اس کے علاوہ 103 ضرورت مند زمینداروں کو پائپ لائنز فراہم کیے گئے ہیں۔ درخت کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ درخت نہ صرف ماحول کو خوش گوار رکھنے میں معاون ہیں اور آکسیجن کی فراہمی ممکن ہوتی ہے بلکہ ان سے معاشی فوائد بھی ملتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے مختلف اقسام پر مشتمل 45 ہزار درخت زمینداروں میں تقسیم کیے گئے جس سے نہ صرف جنگلات کے رقبے میں اضافہ ہوگا بلکہ زمینداروں کی معاشی مدد بھی ممکن ہوگی۔ اسی طرح کاشتکاری میں اب جدید طریقے رائج ہورہے ہیں ان میں ٹنل فارمنگ بھی شامل ہے جس سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے اور پانی کی بھی بچت ہوتی ہے۔ لورالائی کے کاشتکاروں کو ٹنل فارمنگ سے روشناس کرایا جارہا ہے اور اس مقصد کے لیے 10 عدد ٹنل کاشتکاروں کو لگا کر دیے گئے ہیں اور اس تعداد میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ لورالائی کے کاشتکاروں کو پانی کی کمی کا سامنا ہوتا ہے اور جب پانی میسر آتا ہے تو مٹی کے چینل ہونے کی وجہ سے وافر پانی ضائع ہوجاتا ہے۔ پانی کے اس ضیاع کو روکنے کے لیے زمینداروں کے لیے 36 ہزار فٹ واٹر چینل بنائے گئے ہیں جس سے پانی کا ضیاع روکنے میں مدد ملے گی۔

ڈیم اور فلڈ پروٹیکشن: لورالائی میں زراعت اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ڈیموں کی تعمیر اشد ضروری ہے اس مقصد کے لیے لورالائی میں پٹھانکوٹ کے مقام پر ڈیم تعمیر کیا جارہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 10 برساتی نالے بھی بنائے گئے ہیں تاکہ زرخیز زمین کی کٹائی نہ ہو اور سیلابی صورتحال میں جانی و مالی نقصان نہ ہو۔

بجلی: لورالائی کے عوام کو بجلی جیسی بنیادی ضرورت کی فراہمی ایک بنیادی کام ہے۔ اس مقصد کے لیے لورالائی کے مختلف علاقوں میں 169 ٹرانسفرمرز اور کھمبے فراہم کیے جاچکے ہیں۔ بڑ لائن کے لیے ساڑھے تین کروڑ روپے منظور ہوچکے ہیں۔ جس پر اس وقت کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے مختلف علاقوں سے کچرا اٹھانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ مخصوص گاڑیوں میں کچرا اٹھا رہی ہے جس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے شہر میں کچرے کے ڈھیر لگے رہتے تھے اور صحت و صفائی کی صورتحال ابتر تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ شہر میں ٹریفک کی روانی کو ممکن بنانے کے لیے ون وے سڑکوں پر بریکر لگائے جارہے ہیں جس سے ٹریفک کا نظام رواں دواں رہے گا اور شہریوں کی مشکلات کم ہوں گی۔

امورِ حیوانات: لورالائی کے اکثر لوگوں کا ذریعہ معاش چونکہ مالداری سے وابستہ ہے اس لیے اس شعبے کی ترقی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ جانوروں کے علاج معالجے کے لیے مختلف علاقوں میں 11 ڈسپنسریز بنائی گئیں ہیں تاکہ مالداری سے وابستہ لوگوں کو جانوروں کے علاج کے لیے بروقت اور نزدیکی علاج ممکن ہوسکے۔ اس کے علاوہ لائیو سٹاک سے وابستہ 200 ضرورت مند افراد کو 75 ہزار روپے فی کس دیے گئے جس سے ان کی معاشی ضروریات پوری ہوں گے اور علاقے اور صوبے کی ترقی میں اپنا حصہ لے سکیں گے۔

جیل، تھانہ اور رہائشی کالونی: لورالائی میں ڈسٹرکٹ جیل کی تعمیر بھرپور طریقے سے جاری ہے جب کہ ایک اور پولیس تھانے کی تعمیر بھی ہورہی ہے جس سے جرائم کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ پولیس اہلکاروں کے لیے رہائشی کالونی کی منظوری بھی ہوچکی ہے اور اس کی تعمیر کا آغاز ہوچکا ہے

پاسپورٹ آفس: لورالائی جو کہ ژوب ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے یہاں چند عرصہ قبل پاسپورٹ آفس نہیں تھا اور عوام کو پاسپورٹ جیسے اہم کام کے لیے ژوب جانا پڑتا تھا۔ وزیر موصوف کی کوششوں سے پاسپورٹ آفس کا قیام عمل میں آیا اور عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوا۔

تفریح: لورالائی کے عوام کو تفریح کے مواقع فراہم کرنے کے لیے لورالائی کے سیاحتی مقام پٹھانکوٹ پر پٹھانکوٹ پارک کا منصوبہ منظور ہوچکا ہے جس میں واکنگ ٹریک، ہائیکنگ ٹریک سمیت دیگر تمام ضروری اور جدید سہولیات شامل ہیں۔ اس پارک کی تکمیل سے یہاں کے عوام کو سستی تفریح کے مواقع میسر ہوں گے جو کہ ایک صحت مند معاشرے کا انتہائی ضروری ہے۔

شہر کی خوبصورتی: شہر کی خوبصورتی کے لیے کئی منصوبے زیر غور ہیں جن میں شہر کے تین مختلف داخلی اور خارجی راستوں پر خوبصورت گیٹ تعمیر ہوں گے جس سے شہر کے حسن میں اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ شہر کی اکثر گلیوں میں ٹف ٹائل نصب کیے گئے ہیں۔

سپورٹس: سپورٹس کے میدان میں عملی کام کیا جارہا ہے۔ سپورٹس کمپلیکس 3 ارب روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے جارہا ہے جس میں مختلف کھیلوں کے میدان شامل ہیں۔ اس وقت لورالائی کے علاقوں میختر، شبوزئی، ناصر آباد، درگئی سرگڑھ اور شہر کے سات یونین کونسلوں میں سپورٹس مینوں کے لیے 74 کروڑ روپے کی مدد سے سپورٹس سنٹرز تعمیر ہورہے ہیں۔ ان سپورٹس سنٹرز میں مختلف کھیلوں کے میدان شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سرکاری باغ میں فٹبال گراؤنڈ کی تعمیر بھی ہورہی ہے جو عالمی معیار کے مطابق ہورہی ہے۔ ان میدانوں کی تعمیر سے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں شامل ہونے کے موقع ملے گا اور وہ منشیات جیسی لعنت سے دور ہوں گے۔ اس طرح ایک صحت مند معاشرے کے قیام ممکن ہوگا۔

سیوریج: سیوریج کے لیے شہر کے محلوں میں نالیوں کی تعمیر جاری ہے اور شہر کے مختلف محلوں میں ٹپ ٹائل لگائے جاچکے ہیں۔

سڑکیں: سنجاوی لورالائی سڑک کے لیے 57 کروڑ روپے منظور ہوچکے ہیں جس کی مدد سے اس کی تعمیر کی جائے گی۔ میختر تا چمالنگ روڈ کے علاوہ لورالائی کے مختلف دیہاتوں میں لنک سڑکوں پر کام جاری ہے جس سے لوگوں کی زندگی میں مثبت فرق پڑے گا۔

دفاتر کی منظوری: پلاننگ اینڈ ڈوپلپمنٹ آفس کی لورالائی میں منظوری ہوچکی ہے جو ایک اہم کام ہے۔ اب ملازمین کو کوئٹہ جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی اور ان کے کام لورالائی ہی میں ہوسکیں گے۔

ڈرگ سینٹر: لورالائی میں ڈرگ سنٹر بننے والا ہے جس کی مدد سے منشیات کے عادی افراد کو یہاں علاج کی سہولت میسر ہوگی۔ اس کے علاوہ اس سنٹر میں منشیات کے عادی افراد کو معاشرے کا ایک اہم فرد بنانے کے لیے ہنرمند بنایا جائے گا اور انہیں مختلف ہنر سکھائے جائیں گے۔

لورالائی ماربل سٹی پراجیکٹ: لورالائی میں چونکہ ماربل کے بے پناہ ذخائر ہیں اس لیے یہاں ماربل سٹی پراجیکٹ کا قیام عمل میں لیا جارہا ہے۔ یہ ایک بڑا پراجیکٹ ہے جس کی وجہ سے ماربل یہاں ری فائن ہوسکے گا اور اس کاروبار سے منسلک کاروباری عناصر کو خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اس پراجیکٹ کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کو روزگار کے ہزاروں مواقع میسر ہوسکیں گے۔ اس پراجیکٹ میں ہسپتال، سکول اور دیگر تمام بنیادی سہولیات میسر ہوں گی۔ صوبائی وزیر کی اس شاندار کارکردگی کی وجہ سے ان کے حریف پریشان ہیں۔ انہوں نے حریف جماعتوں کو چیلنج دیا ہے کہ ان کی کارکردگی سب سے زیادہ ہے اور انہوں نے اس علاقے کے عوام کی بلاتمیز خدمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ورغلانے کا دور گزر چکا ہے اور اب عوام ان کے خوشنما نعروں میں نہیں آئیں گے۔ جھوٹ اور منافقت کی پہچان عوام اب اچھی طرح کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے لیڈرز لورالائی میں لوگوں کی منت سماجت کرتے تھے لیکن عوام نے انہیں بری طرح مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن 2018 میں عوام سے کیے گئے وعدے ایک ایک کرکے پورے کررہے ہیں۔ یہاں کے بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کی فراہمی ہمارا مشن ہے۔ پچھلے دورِ حکومت کی طرح اس دورِ حکومت میں بھی اس مشن کی تکمیل جاری رہے گی اور مختلف محکموں میں روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ آئندہ سال کے پبلک سیکٹر ڈوپلپمنٹ پروگرام میں لورالائی کی ترقی اور خوشحالی کے لیے جامع تجاویزات مرتب کی جارہی ہیں اور انشاء اللہ یہاں کے عوام کے مثالی پراجیکٹس منظور کرائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں میر جام کمال کی قیادت میں متحد ہیں اور موجودہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، امن و امان کی بہتر صورتحال اور صوبے کی معاشی خوشحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔ صوبے کے عوام کو امن و امان کا بہترین ماحول دینا ایک اہم کارنامہ ہے، جس کی وجہ سے یہاں بیرونی سرمایہ کاری ہورہی ہے اور کاروباری عناصر کو ایک کاروبار دوست ماحول میسر ہورہا ہے۔ سیاحت کے شعبے میں موجودہ صوبائی حکومت سنجیدہ ہے جس کی وجہ سے صوبے کا مثبت امیج ابھر رہا ہے۔ وزیراعلیٰ میر جام کمال صوبے کے معاشی صورتحال بہتر کرنا چاہتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ مالی وسائل کا اضافہ ہوتا کہ ترقیاتی کاموں کے لیے خود انحصاری بڑھ سکے اور مالی مشکلات درپیش نہ ہوں اس مقصد کے حصول کے لیے مختلف کام ہورہے ہیں۔ ان سب مقاصد کے لیے انہیں پارٹی کے تمام اراکین کی بھرپور مدد حاصل ہے اور وہ وقت دور نہیں جب صوبہ بلوچستان ملک کے دیگر صوبوں کی طرح خود انحصار اور خوشحال صوبہ ہوگا اور بالخصوص لورالائی صوبے کے ترقی یافتہ اضلاع میں شمار ہوگا۔

بلوچی زبان کے عظیم شاعر ملا فاضل رند

(محمد سلیم رند)

بلوچی زبان کے عظیم شاعر ملا فاضل رند کی یاد میں ایک روزہ "ادبی مشاعرہ" بلوچستان کے تاریخی مقام مند مکران میں قبائلی شخصیت میر فدا حکیم رند کی سرپرستی میں 19 مارچ بروز جمعہ کو منعقد کیا جارہا ہے جس میں بلوچستان بھر سے بلوچی زبان کے ادیبوں فنکاروں گلوکار مصنفوں ماہرین آثار و مختلف طبقات فکر کے لوگ بڑی تعداد میں شرکت کرینگے آپ تمام احباب سے بھی التماس کیجاتی ہے اس ایک روزہ ادبی مشاعرے میں شرکت کرکے بلوچی زبان کے عظیم شاعر ملا فاضل رند کی زندگی کے فن سے مستفید ہو اس ایک روزہ مشاعرے کے پروگرام میں بلوچی زبان کے عظیم کلاسیکل شاعر ملا فاضل رند کے زندگی پر روشنی ڈالی جائے گی بلوچی زبان کے عظیم کلاسیکل شاعر ملا فاضل رند کے زندگی پر مختصر تعارف تاریخ کے اوراق سے بلوچی زبان کے معروف نامور شاعر و ادیب ملا فاضل جو کہ 1200 ہجری میں قاسم چات مند میں پیدا ہوئے اگر دیکھا جائے تو ملا فاضل کی شاعری میں ہمیں صوفیانہ انداز نظر آتا ہے بلوچی زبان کے علاوہ فارسی میں بھی انہیں عبور حاصل تھا یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ ملا فاضل کو بلوچی شاعری میں صف اول کا درجہ حاصل ہے پوری بلوچ قوم کو ملا فاضل رند کے بارے میں آگاہی ہونی چاہیے پر یہاں پر یہ امر ہے کہ مند جو کہ ملا فاضل کا آبائی گاؤں ہے بلوچستان بلخصوص مند مکران کی نئی نسل ملا فاضل کے بارے میں خاص آگاہی نہیں رکھتی المیہ یہ ہے ریسرچ کی کمی اس کمی کو مکمل جامہ پہنانے کے لیے بلوچی لائبریری بنایا جائے“ تا کہ نئی نسل کو ملا فاضل رند و دیگر ادیب و مفکر و اہم شخصیات کے بارے میں آگاہی حاصل ہو اگر ملا فاضل کی آخری آرام گاہ کو دیکھا جائے تو مند سورو میں ایک عظیم شاعر و ادیب و مفکر کی آرام گاہ کی حالت بوسیدہ تھی مگر مکران ڈویژن کے سماجی و قبائلی شخصیت میر فدا حکیم رند صاحب نے خستہ حالی کو دور کرنے کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت تعمیراتی کے کام کا آغاز کردیا اب بہتر مقبرے کی شکل میں بنایا جارہا ہے دیگر قوموں کی عظیم شخصیات بلوچی زبان کا مشہور شاعر ملا فاضل رند بھی مذکور کہاوت کو اپنے ایک جوابی عنصر میں دھراتا ھے ملا فاضل رند نے 1270 ھ میں مند مکران میں داعی اجل کو لبیک کہا ملا فاضل اپنے جوابی شعر جسے بلوچی میں پسو کہتے ہیں وہ اپنے ایک حریف شاعر ملا بہادر مراستانی ساکن کولواہ مکران کو مخاطب کرتے ہیں۔۔ * کاھورو جام زی گورو گبول و جامڑی ورخشانی و پر گوزی درست انت انس میر چاکری * کلھور قبیلہ۔ جام زہ قبیلہ۔ مری قبیلہ گور قبیلہ۔ گبول قبیلہ۔ جامڑی قبیلہ۔ رخشانی قبیلہ۔ اور نمد پوش قبیلہ۔ سب کے سب میر چاکر کی اقوام ہیں۔

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی، معاشی موضوعات کے متعلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجیے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔

imroz.ad@gmail.com

whatsapp no:03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیئے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ایڈیٹر)

جوزف گوبلز کے پیروکار

شفیق اعوان

وطن عزیز میں علی الصبح سے لے کر رات گئے تک جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کے لئے [illegible] پروپیگنڈہ وار چل رہی ہے [illegible] نے قوم کو ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ [illegible] کے لیے سرکاری میڈیا کا استعمال تو ہوتا ہی رہا تھا لیکن [illegible] پرنٹ میڈیا کو بھی لالچ اور دباؤ سے اپنے بیانیے [illegible] عوام تک پہنچانے پر مجبور کیا جاتا رہا ہے۔ لیکن اس مسلسل پروپیگنڈے سے سادہ لوح عوام بھی وقتی طور پروپیگنڈے کا شکار ہو جاتے ہیں لیکن جب آنکھ کھلتی ہے اور مسائل [illegible] کے سامنے آتے ہیں تو [illegible]

یہ سب دیکھ کر مجھے نازی جرمنی کے ایڈولف ہٹلر کا وزیر پروپیگنڈہ جوزف گوبلز یاد آگیا جس کا بنیادی فلسفہ ہی یہی تھا کہ اتنا جھوٹ بولو اور اداروں اور مخالفین کی اتنی کردار کشی کرو کہ سچ کا گمان ہو۔ [illegible] اس کی پالیسی کو گوبلز تھیوری کے طور پر جانا جانے لگا [illegible]

ہر دور میں ہر حکومت نے اسے استعمال کیا ہے لیکن وطن عزیز کے اس دور میں ہم نے پروپیگنڈہ وار میں جس طرح گوبلز کو مات دے دی ہے۔

اس تھیوری کے مطابق کسی بھی جھوٹی بات کو سچ بنا کر اس قدر تشہیر کی جائے، اس قدر زیادہ پروپیگنڈہ کیا جائے کہ لوگ اس جھوٹ کو سچ سمجھنے لگیں۔ اس کام کے لئے گوبلز نے باقاعدہ ترجمانوں کی ایک ٹیم تشکیل دی جس کے باقاعدہ اجلاس ہوتے تھے۔ [illegible] ہٹلر کو عوام میں فرشتہ بنا کر پیش کیا جائے اور اس کے مخالفین کو غدار اور کرپٹ قرار دے کر اس قدر کردار کشی کی جائے کہ لوگ ان سے نفرت کرنے لگیں، اور ایسا ہی ہوا کیونکہ جب آپ ایک ہی جھوٹ کو بار بار دہراتے ہیں تو ایک وقت ایسا آتا ہے کہ آپ کو بار بار سنائی دیا جانے والا جھوٹ ہی سچ لگنا شروع ہو جاتا ہے لیکن سچ کو کب تک قید کیا جاسکتا ہے، جب جھوٹ کا بلبلہ پھٹتا ہے تو عوام کی نفرت سے بچنے کے لئے گوبلز اپنے خاندان سمیت خودکشی کر لیتا ہے۔

وزیر پروپیگنڈا کے طور پر، پول جوزف گوبلز نے نازی حکومت کی بہترین تصویر پیش کرنے کے لیے گھڑا ہوا سچ، غلط اعداد وشمار، اداروں اور مخالفین کو بدترین ولن اور اپنے بیانیے کو ہی سچ کے طور پر پیش کرنے کا فلسفہ متعارف کرایا۔ اس فلسفے کے مطابق ہٹلر فرشتہ، مخالفین شیطان اور ادارے اس کے دشمن ہیں۔ عوام کو درپیش مسائل سے آنکھیں بند رکھنا اور اپوزیشن کو مکمل نظرانداز کر کے ہر مسئلے کی ذمہ داری اس پر ڈالنا بھی گوبلز تھیوری کا اہم جزو تھا۔ گوبلز کے مطابق دانشوروں کو تبدیل کرنے کی کوشش کرنے کا کوئی فائدہ نہیں تھا۔ دانشوروں کے لئے کبھی نہیں بدلا جا سکتا ہے اور ویسے بھی وہ اپنے نظریات اور خیالات میں ہمیشہ مضبوط تر ہوتا ہے۔ لیکن موجودہ دور کے گوبلز نے دانشور طبقے کو بھی تقسیم کر دیا ہے۔

گوبلز کا ہدف ہمیشہ عام آدمی ہوتا تھا کیونکہ وہ بہت جلد پروپیگنڈے سے متاثر ہو جاتا تھا۔ آج کے دور میں سوشل میڈیا اس کی بہترین مثال ہے۔ گو کہ اس دور میں گوبلز کو یہ پلیٹ فارم میسر نہیں تھا لیکن پھر بھی محدود وسائل کے باوجود [illegible] آج کے دور میں گوبلز ہوتا تو سوشل میڈیا پر پروپیگنڈے کے ذریعے وہ کیا کچھ کر گزرتا لیکن اس کے چیلوں نے اسے مایوس نہیں کیا اور اس کے فلسفے کو آج تک زندہ رکھا ہوا ہے۔ گوبلز تھیوری کے مطابق اپنی پروپیگنڈہ مہم میں کسی کو معاف نہیں کیا گیا۔ [illegible] کی کردار کشی کر کے [illegible] حکومتی مشینری استعمال کرتے ہوئے مخالفین پر زندگی تنگ کر کے جیلوں کے دروازے کھول دئے اور اسی جرم میں ملوث اپنے ساتھیوں کو مکمل تحفظ دیا۔ اس سب کے لیے دلائل خام، عقل وفہم سے عاری اور دھونس پر مبنی ہوتے ہیں [illegible] اگر اس فلسفے کا شدید ردعمل آئے تو عارضی طور پر پیچھے ہٹ جائیں لیکن مکمل پسپائی نہیں۔

وطن عزیز میں نظریں دوڑائیں تو اس وقت ہم گوبلز تھیوری کا شکار ہیں اور بدقسمتی سے [illegible]

[illegible] چیدہ لوگ شامل تھے۔ ہمیں حالات سے قدرے آگاہی تو تھی لیکن ان سے اندر کی بات جاننے کی شدید خواہش نے بحث ومباحثہ کے بجائے انہی سے سننے کا فیصلہ کیا۔ کہنے لگے تقریباً ہر حکومت میں رہا ہوں لیکن ناموں کے علاوہ کچھ نہیں بدلا۔ ان کا کہنا تھا کہ حاکم کا ایک ہی فلسفہ ہوتا ہے کہ پروپیگنڈے اور میڈیا کے ذریعے عوام کو مطمئن رکھنے کی کوشش کرو سارا ملبہ پچھلی حکومتوں پر ڈال دو اور اس دوران اگلے انتخابات کا وقت آجائے گا اور پھر سے وہی سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے ایک قصہ سنایا کہ کس طرح بادشاہ کے مصاحب ہر دور میں بادشاہوں کو لوری سنا کر حقیقت سے دور رکھتے ہیں۔ ان کے مطابق ایک بادشاہ سلامت نے رات کو گیدڑوں کی آوازیں سنیں تو صبح وزیروں سے پوچھا کہ رات کو یہ گیدڑ بہت شور کر رہے تھے۔ کیا وجہ ہے؟ اس وقت کے وزیر عقل مند ہوتے تھے۔ انہوں نے کہا، جناب کھانے پینے کی چیزوں کی کمی ہوگی اس لیے فریاد کر رہے ہیں۔ تو حاکم وقت نے آرڈر دیا کہ ان کا بندوبست کیا جائے۔ [illegible]

[illegible] سب اچھا کی رپورٹ بھی دیتے تھے۔ [illegible]

جناب وزیر اعظم کا غیظ وغضب، نشانہ کون اور کیوں؟

ساجد حسین ملک

گزشتہ جمعرات کی شام وزیر اعظم جناب عمران خان نے جس [illegible] الیکشن کمیشن [illegible] پر الزامات دھرنے اور مخالفین کو برا بھلا کہنے [illegible] 50 منٹ طویل دورانیے کے خطاب میں [illegible] ایک بار پھر الیکشن کمیشن کو تنقید کا نشانہ بنایا، اپوزیشن [illegible] راہنماؤں کے نام لے لے کر ان کو جارحانہ اور سوقیانہ انداز میں جلی کٹی سنائیں، تین بار ملک کے منتخب وزیر اعظم کے عہدے پر فائز رہنے والے میاں محمد نواز شریف کو ملک لوٹنے کے بعد بھاگ جانے والا ڈاکو اور گیدڑ کہہ کر پکارا، سابق صدر آصف زرداری کو "مسٹر ٹین پرسنٹ" کا نام دیا، پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو دو نمبر آدمی اور حکومتی امیدوار کے مقابلے میں اسلام آباد سے سینٹ کا الیکشن جیتنے والے سابق وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی کو [illegible] ناراضگی کا نشانہ بن رہا ہے، انہیں نہ وہ آئین و قانون کی بالادستی اور اپنی غیر جانبدارانہ حیثیت اور پہچان کو قائم رکھنے کے لیے حکومتی اشاروں پر چلنے کے لیے تیار نہیں۔ سیاسی مخالفین اس لیے قابل گردن زدنی ٹھہرے کہ انہیں کیا یہ حق نہیں پہنچتا ہے کہ وہ وزیر اعظم کی مخالفت کریں یا ان کی ناقص حکومتی کارکردگی کو تنقید کا نشانہ بنائیں اور ان کی حکومت کے خلاف رائے عامہ کو ہموار کریں؟ جناب وزیر اعظم کا حق فائق ہے کہ وہ ان پر سخت تنقید کریں، انھوں نے اگر کوئی بدعنوانی کی ہے لوٹ مار سے دولت سمیٹی یا کوئی اور غیر قانونی اور غیر آئینی حرکت کی ہے یا کسی ملک دشمن سرگرمی میں ملوث ہیں یا کک بیکس اور کمیشن لینے میں مصروف رہے ہیں تو جناب وزیراعظم کو حق پہنچتا ہے کہ ان کے معاملات احتساب بیورو کو بھجوائیں، عدالتوں کے ذریعے سزائیں دلوا کر کیفر کردار تک پہنچائیں، اس پر کسی کو اعتراض نہیں ہوگا۔ لیکن اس طرح کے لب ولہجہ میں گوہر افشانی کرنا، الزام تراشی اور دشنام طرازی کو اپنا شیوہ بنانا ملک کے سربراہ حکومت کے شایان شان نہیں۔ یقیناً اس پر میری طرح کے پرانی عمر اور پرانی سوچ کے مالک افراد کا جنہوں نے قومی تاریخ کے گزشتہ تقریباً چھ عشروں کے اُتار چڑھاؤ نشیب وفراز کے ساتھ ملک کی معتبر قومی شخصیات اور سیاستدانوں کے انداز فکر ونظر اور طرز تخاطب [illegible] محمد نواز شریف اور ان کی حکومت کے خلاف زیادہ سے زیادہ سخت لب ولہجے میں خطاب کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ ان کا اپنا خیال تھا اور کچھ پر اسرار اور در پردہ سرگرمیاں بھی اس طرف اشارہ کرتی تھیں کہ حکومت گئی کہ گئی لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ تاہم مسلم لیگ ن کی [illegible] انصاف کی کامیابی کی صورت میں سامنے آیا۔ جناب عمران خان نے 2018ء کے عام انتخابات میں بیساکھیوں کے سہارے، خلائی مخلوق کی مدد سے یا اپنے بل بوتے پر جیسے تیسے کامیابی حاصل کرنے کے بعد وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے میں کامیاب رہے تو یہ ان کی خوش قسمتی تھی کہ ملٹری اسٹیبلشمنٹ سمیت تمام مقتدر حلقوں کی انہیں تائید اور حمایت حاصل تھی۔ حالیہ برسوں میں پہلی بار ایسا ہوا اور یہ کہا جانے لگا بلکہ اب بھی کہا جاتا ہے کہ سولین قیادت (جناب عمران خان کی حکومت) اور عسکری قیادت (فوج اور آئی ایس آئی) ایک پیج (Page) پر ہیں۔ اس طرح جناب عمران خان کے لیے کسی طرح کی ریشہ دوانیوں یا کسی طرح کے دباؤ اور رکاوٹوں کی راہ ہی مسدود نہ ہوئی بلکہ انہیں بہترین حکومتی کارکردگی دکھانے کی سازگار فضاء بھی میسر ہوئی۔ اس صورت میں ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ جناب عمران خان اپنے وعدوں، دعووں اور نعروں کے مطابق پاکستان کو صحیح معنوں میں فلاحی مملکت کا روپ دینے، اس کو مسائل کے گرداب سے نکالنے اور عوام کو سہولیات بہم پہنچانے کی راہ پر گامزن ہوتے لیکن شومئی قسمت سے ایسا نہ ہو سکا۔ الٹا یہ ہوا کہ پاکستان پہلے کے مقابلے میں مسائل کے گرداب میں زیادہ پھنس گیا ہے۔ آج جب [illegible] جناب عمران خان اپنی کمزوریوں، نا اہلیوں، نالائقیوں کا ملبہ ہر بار دوسروں پر ڈال کر بری الذمہ ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہاں کس کس بات کا اور کس کس چیز کا ذکر کیا جائے۔ بیڈ گورننس، ملکی اور غیر ملکی قرضوں میں بے پناہ اضافہ، کمر توڑ اور ہوشربا مہنگائی، بجلی [illegible] سے جانے نہیں دیتے۔ تو یہ بھی ان کا انوکھا انداز ہے۔ اب اس میں انہوں نے الیکشن کمیشن کو اپنی جارحانہ تنقید کی ہٹ لسٹ میں شامل کر لیا ہے۔ تو انہیں اپنے غیظ وغضب کا نشانہ بنانے کے لیے ایک اور ٹارگٹ مل گیا ہے۔

بقیہ 1

کشتی پارٹیوں کی بڑی تعداد فلسطینی نمازیوں کو روکنے کی کوشش کرتے رہے۔ نماز جمعہ کی ادائی کے بعد باب الاسباط اور دوسرے دروازوں سے باہر نکلنے والے نمازیوں کو روک دیا۔ جمعہ کو علی الصباح صیہونی فوج اور پولیس نے مسجد اقصی کے اطراف کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ ادھر مسجد اقصی کے امام الشیخ عکرمہ صبری نے کہا کہ اسرائیلی ریاست کرونا وبا سے غیر قانونی فائدہ اٹھا کر مسجد اقصیٰ کو یہودیانے کی سازشوں کو آگے بڑھا رہا ہے۔ جمعہ کے روز 20 ہزار فلسطینیوں نے مسجد اقصی میں جمعہ کی نماز ادا کی۔ 50 روز مسجد اقصی میں نماز پر پابندی کے بعد کل جمعہ کو فلسطینیوں نے قبلہ اول میں نماز جمعہ ادا کی۔ اس موقعے پر نماز جمعہ کی امامت الشیخ ابو اسنینہ نے کی اور انہوں نے مسجد میں موجود تاریخی صلاح الدین ایوبی منبر سے خطبہ پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دنیا کی کوئی طاقت مسلمانوں سے مسجد اقصی کو نہیں چھین سکتی۔ تا قیامت یہ مقام مسلمانوں کے دلوں میں آباد رہے گا۔

بقیہ 2

نقصان پہنچا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترجمان ایرانی شپنگ کمپنی علی غیاثی نے بتایا کہ بحیرہ روم میں تیل بردار ایرانی بحری جہاز پر دہشت گرد حملہ ہوا، حملے میں ایران کے آئل کنٹینر کو نقصان پہنچا۔ بارودی شے کے حملے سے جہاز کو معمولی نقصان ہوا ہے تاہم حملے میں جہاز پر موجود افراد محفوظ رہے۔ علی غیاثی کا کہنا تھا کہ اس طرح کی دہشت گردی بحری قزاق حملوں کے مترادف ہے۔

بقیہ 3

بنائے جانے کا سلسلہ روکیں اور بچوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلیے اپنا کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ بچوں کو جنگ کا ایندھن بنانا بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے اور عالمی اداروں کو اس کا نوٹس لینا چاہیے۔

بقیہ 4

انہیں کافی حد تک انٹرویو میں کہی گئی باتوں کا علم ہو گیا ہے جس کی وجہ سے وہ شدید مایوس ہیں۔ دوسری جانب پرنس ہیری انٹرویو پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے پرنس چارلس سے رابطے میں ہیں۔ برطانوی میڈیا کے مطابق پرنس چارلس نے رواں ہفتے رائل ڈیوٹیز کا آغاز کر دیا ہے لیکن انہوں نے انٹرویو پر ردعمل دینے سے گریز کیا۔ واضح رہے کہ ہیری اور میگھن مارکل نے اوپرا کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا تھا کہ شاہی خاندان کے ایک فرد نے ان کے بیٹے کی پیدائش سے پہلے اس کی رنگت کے بارے میں تحفظات ظاہر کیے تھے۔ جواب میں شاہی محل کا کہنا تھا کہ یہ دعوی پریشان کن ہے لیکن معاملے کو نجی طور پر ہی حل کیا جائے گا۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹس میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ ڈیوک آف کیمبریج اور ڈیوک آف سسیکس کے درمیان ایک سال سے کوئی رابطہ نہیں ہوا ہے اور اب ایک سال کے بعد شہزادہ ولیم کا ہیری سے رابطہ متوقع ہے۔

بقیہ 5

اقتدار سے متعلق تجویز پر عمل کے لیے ڈیڈ لائن بڑھانا چاہتی ہے۔ امریکی میڈیا کا کہنا تھا کہ طالبان کی جانب سے بھی نئی ٹائم لائن پر آمادہ ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے طالبان سے معاہدے میں تمام امریکی فوجیوں کے افغانستان سے نکلنے کے لیے یکم مئی کی ڈیڈ لائن رکھی تھی۔

بقیہ 6

ایکسپریس کے ذریعے سفر کے لیے بکنگ مدینہ منورہ، مکہ معظمہ، شاہ عبداللہ اکنامک سٹی اور جدہ میں شاہ عبدالعزیز بین الاقوامی ہوائی اڈے کے اسٹاپس کے لیے ہوگی۔ خیال رہے کہ حرمین ایکسپریس ٹرین مملکت ہی نہیں بلکہ مشرق وسطی کا سب سے بڑا پبلک ٹرانسپورٹ منصوبہ ہے۔ اس کا شمار کے دنیا کے چھٹے سب سے بڑے ٹرین پروجیکٹ میں ہوتا ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل پر 60 ارب ریال کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ بنیادی طور پر اس کا مقصد حجاج کرام اور معتمرین کو مملکت کے اندر آمد ورفت کی تیز رفتار اور آرام دہ سہولت فراہم کرنا ہے۔ تاہم اس کے ذریعے حجاج اور معتمرین کے علاوہ دوسرے شہری بھی سفر کر سکتے ہیں۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان 450 کلو میٹر کی مسافت کو ایکسپریس ٹرین 300 کلو میٹر فی گھنٹہ کے اعتبار سے صرف دو گھنٹے میں طے کرلے گی۔ حرمین ایکسپریس ٹرین کا افتتاح خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے سنہ دو سال قبل 1440ھ کو کیا۔ انہوں نے جدہ سے مدینہ منورہ تک ایکسپریس ٹرین میں سفر کر کے اس سروس کا افتتاح کیا۔ حرمین ایکسپریس ٹرین کے اب تک پانچ اسٹیشن تیار کیے گئے ہیں۔ پہلا اسٹیشن مکہ معظمہ ہے۔ اس کے بعد جدہ، شاہ عبدالعزیز اکنامک سٹی، برابغ، مدینہ منورہ اور جدہ شہر اس کے اہم اسٹیشن ہیں۔ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ تک الیکٹرک ٹریک بچھایا گیا ہے۔ اس ٹریک کی لمبائی 450 کلومیٹر ہے۔ ہر ٹرین 13 بوگیوں پر مشتمل ہے جن میں 417 افراد کے سفر کی گنجائش موجود ہے۔ اس نوعیت کی کل 35 ریل گاڑیاں ہیں۔ حرمین ٹرین کے لیے 4450000 میٹر الیکٹرک کیبل، 15 ہزار بجلی کے کھمبے اور 19 لاکھ میٹر وائرلیس کیبل اور 4 ملین ٹن کنکر استعمال کیے گئے ہیں۔

بقیہ 7

ممالک نے ویکسین کا استعمال عارضی طور پر روک دیا ہے۔ ادھر امریکی صدر جو بائیڈن نے چار جولائی کو یوم آزادی کے ساتھ کورونا سے آزادی کا دن بھی منانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یکم مئی سے تمام بالغ افراد کی کورونا ویکسی نیشن شروع کر دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صدارت کے سو دن میں سو ملین امریکیوں کی ویکسی نیشن کا ہدف صرف 60 روز میں پورا ہو جائے گا۔

بقیہ 8

کیا تھا کہ بھارتی نسل کی گایوں کا دودھ نسبتاً اس لیے زیادہ پیلا ہوتا ہے کیوں کہ اس میں سونے کے ذرات پائے جاتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مویشی پروری اور ڈیری کے وزیر نے پارلیمان میں اعتراف کیا ہے کہ دیسی گایوں اور غیر ملکی نسل کی گایوں کے دودھ کے معیار میں کوئی فرق نہیں ہوتا ہے۔

بقیہ 9

دھاووں کی قیادت اسرائیل کے انتہا پسند یہودی لیڈر یہودا گلیک نے کی۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق اسرائیلی فوج اور پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں سال 2020 کے دوران 18 ہزار سے زاید یہودی آباد کاروں اور صیہونی انٹیلی جنس حکام سمیت کئی یہودیوں نے مسجد اقصی میں گھس کر بے حرمتی کی۔ فول پروف سیکیورٹی میں درجنوں یہودی آباد کاروں نے مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ اسرائیلی فوج کی فول پروف سیکیورٹی میں درجنوں یہودی آباد کاروں نے قبلہ اول میں گھس کر مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ یہودی آباد کار الگ الگ گروپوں کی شکل میں قبلہ اول میں داخل ہوئے۔ یہودی آباد کاروں کے ہمراہ مسجد اقصی پر دھاوے بولنے والوں میں اسرائیلی اسپیشل فورسز کے اہلکار بھی شامل تھے جو سنہ 1967 سے زیر قبضہ مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی میں داخل ہوتے اور مقدس مقام کی بے حرمتی کرتے رہے۔ خیال رہے کہ مسجد اقصی پر یہودی آباد کاروں کے منظم دھاووں کا سلسلہ روز کا معمول بن چکا ہے۔ یہودی انتہا پسند گروپ ہیکل سلیمانی کے مزعومہ دعوے کی آڑ میں مراکشی دوازے سے مسجد اقصی میں جاتے اور باب السلسلہ سے واپس جاتے ہیں۔

بقیہ 10

فوج کے لیے 50 کروڑ ڈالر سے زائد مالیت کے خریدے گئے 20 میں سے 16 ٹرانسپورٹ طیارے صرف چند سال میں ہی ناکارہ قرار دے کر صرف 40 ہزار ڈالر میں فروخت کر دیے گئے، یہ طیارے افغانستان کے لیے اٹلی سے خریدے گئے تھے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 54 کروڑ 90 لاکھ ڈالر سے دوبارہ استعمال کے قابل بنائے گئے 20 جی 222 طیارے اٹلی سے افغانستان کی مسلح افواج کے لیے خریدے گئے تھے۔ ان میں سے 16 کو صرف چند سال میں ہی اسکریپ یا ناکارہ قرار دے کر 40 ہزار ڈالر میں فروخت کر دیا گیا جبکہ چار طیارے اب بھی جرمنی میں ایک امریکی ہوائی اڈے پر کھڑے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ امریکی محکمہ انصاف نے مئی 2020 میں ایک نوٹیفکیشن جاری کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ جی 222 ایئر کرافٹ پروگرام میں جو ناکامی ہوئی اس میں کسی پر فوجداری یا سول مقدمہ نہیں چلایا جائے گا، اور اب نوٹیفکیشن کے تحت اس معاملے میں کسی کو جوابدہ یا مورد الزام نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ نومبر 2009 سے مارچ 2013 تک سولہ طیارے کابل انٹرنیشنل ہوائی اڈے جبکہ چار جرمنی میں ریمسٹین کے فوجی ہوائی اڈے پر پہنچا دیے گئے، جو تاحال وہیں پر موجود ہیں، طیاروں کی مرمت کرنے والے ماہرین نے انکشاف کیا کہ طیاروں میں ایسے نقص اور خرابیاں موجود ہیں جو سیکیورٹی خدشات بھی ہیں، جب کہ خریداری کے کنٹریکٹ میں یہ معاہدہ بھی ہوا تھا کہ کمپنی طیاروں کی مکمل دیکھ بھال، مرمت، اضافی پرزہ جات اور ہوا بازوں کی تربیت میں بھی تعاون کرتے گی، تاہم یہ کنٹریکٹ طیاروں کو 2014 میں اسکریپ کر کے فروخت کر دینے کی وجہ سے ختم کر دیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ افغانستان میں درجنوں تعمیراتی منصوبے جن میں اسکول، اسپتال اور بجلی پیدا کرنے والے کارخانے شامل ہیں سرکاری سطح پر غفلت، استعمال نہ کیے جانے، غیر معیاری تعمیراتی کام یا جنگ کی وجہ سے یا تو تباہ ہو گئے ہیں یا زبوں حالی کا شکار ہیں۔ انسپکٹر جنرل کی اس رپورٹ کے مطابق امریکا کی مالی امداد سے افغانستان کی تعمیر نو کے منصوبوں میں 2 اعشاریہ 4 ارب ڈالر کے منصوبے تباہ وبرباد ہو گئے ہیں۔

بقیہ 11

جگہ سے شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں۔ دوسری جانب عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں میں بچوں کی بڑی تعداد شامل ہے۔ گورنر ہیرات وحید قتالی کا کہنا تھا کہ کار بم دھماکا پولیس چیک پوسٹ کے قریب کیا گیا جس میں مارے جانے 7 افراد عام شہری ہیں۔ پولیس کے مطابق دھماکا اتنا شدید تھا کہ آس پاس گھروں کو شدید نقصان پہنچا جب کہ ابھی تک کسی نے بھی دھماکے کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔

بقیہ 12

کے بعد رہا کیا گیا۔ نبیل حاشم قنیبہ کی رہائی کے بعد اسے ایک قافلے کی شکل میں اس کی رہائش گاہ پر لایا گیا۔ جہاں فلسطینی پرچم لہرائے گئے اور حماس کے ترانے کے ذریعے اس کا استقبال کیا گیا۔ خیال رہے کہ نبیل قنیبہ کو اسرائیلی فوج نے 2016 کو حراست میں لیا تھا۔ 2020 میں اسے پانچ سال قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ قنیبہ کے ایک بھائی حسام حاشم قنیبہ 7 سال سے پابند سلاسل ہیں اور انہیں پانچ بار عمر قید کی سزا کا سامنا ہے۔

بقیہ 13

نہیں رکھتا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بیجنگ سے جاری کیے گئے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اگرچہ بھارت، سلامتی کونسل کا مستقل رکن بننے کی خواہش رکھتا ہے۔ لیکن اس سے کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہوگی۔ چین کے سفارتکار نے کہا کہ بھارت کی طرف سے جموں اور کشمیر کی خصوصی حیثیت منسوخ کرنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس کی عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقے کو جبری طور پر اپنا حصہ بنایا ہوا ہے۔ جو پاکستان او عالمی برادری کے لیے ناقابل قبول ہے۔ مودی حکومت کی ہندو انتہا پسندی پر مبنی قومیت پرستی کی جارحانہ ذہنیت بے نقاب ہو رہی ہے۔ جو عالمی قانون کے منافی اور اقوام متحدہ اور عالمی برادری کیلئے ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 14

کہ حوثیوں کے گڑھ صعدہ میں بھی حوثیوں کا بارود بردار ڈرون تباہ کیا گیا جس سے انہیں بھاری جانی نقصان ہوا ہے۔ یمنی فوج نے اپنے بیان میں کہا کہ دفاعی تنصیبات نے سعودی عرب کی زیر قیادت عرب اتحاد کی مدد سے صعدہ کے شمال مشرقی ضلع کتاف میں بارود بردار ڈرون کو تباہ کیا۔ کتاف صعدہ کا سب سے بڑا ضلع ہے۔ یمنی فوج نے بارود بردار حوثی ڈرون کو ہدف سے پہنچنے سے قبل ہی روک کر تباہ کر رہی ہے۔ یمنی فوج اور مراد نامی قبیلے نے مشترکہ بیان میں بتایا کہ جبل مراد کے عسکری ٹھکانوں پر حوثیوں کے ایک حملے کو ناکام بنادیا ہے۔ ادھر عرب فوجی اتحاد نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ میزائل شکن دفاعی نظام کو تباہ کیا گیا ہے جسے غیر ملکی ماہرین چلا رہے تھے۔ عرب اتحاد کا کہنا تھا کہ یمنی شہریوں کے تحفظ اور یمنی فوج نیز مآرب میں قبائلی حریت پسندوں کو آگے بڑھنے میں مدد دے رہے ہیں۔ علاوہ ازیں عرب اتحاد برائے یمن نے حوثی ملیشیا کے حملوں کا جواب دینے کے لیے الحدیدہ کے ساحل کی جانب بحری کمک روانہ کی ہے۔ عرب اتحاد نے یمنی فوج نے الحدیدہ کے دو محاذوں پر اضافی فورس بھیجی ہے۔

بقیہ 15

خطرات درپیش ہیں، اپنے شہریوں پر نفرت انگیز حملے امریکی طرز نہیں، اسے روکنا ہوگا۔ جو بائیڈن نے کہا کہ ماسک کو بھی لوگوں کے درمیان تقسیم کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے۔

بقیہ 16

اہلخانہ نے گزشتہ سال منی پولس کی انتظامیہ اور واقعے میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ کیا تھا جس میں انہوں نے پولیس پر آئینی حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے حد سے زیادہ طاقت کا استعمال کرنے کا الزام لگایا تھا۔ واضح رہے کہ 46 سالہ شہری جارج فلائیڈ گزشتہ برس مئی میں پولیس اہلکار کے تشدد سے مارا گیا تھا۔

بقیہ 17

ویکسین کی فراہمی مملکت میں وبا پر قابو پانے کے اقدامات کی کامیابی اور ویکسین کی فراہمی کی تیاریوں اور مکمل انتظامات کا ثبوت ہے۔ سعودی وزارت صحت نے کرونا ویکسین کے مراکز کا ایک جال بچھا دیا ہے۔ اب تک 500 مراکز قائم کیے جا چکے ہیں جہاں پر شہریوں کی بڑی تعداد ویکسین لگوانے کے لیے پہنچ رہی ہے۔ وزارت صحت کا کہنا تھا کہ آئندہ 14 دن کے لیے ویکسین لگوانے والے شہریوں کی 80 فی صد تعداد کی رجسٹریشن کی گئی ہے۔ کرونا ویکسین لگوانے کے لیے وزارت صحت نے شہریوں کو 'صحتی' کی ایپلیکیشن کے ذریعے رجسٹریشن کرانے کی آسان سہولت فراہم کی ہے۔ اس ایپ کے ذریعے شہریوں اور غیر ملکی افراد کو قریب ترین ویکسین سینٹر کے بارے میں بھی معلومات مل جاتی ہیں۔

بقیہ 18

نے کہا کہ انہیں وسط مارچ یا اپریل کے آخر تک نئی منظور شدہ جانسن اینڈ جانسن کی تیار کردہ ویکسین کی فراہمی کی توقع نہیں ہے۔ یورپی یونین کے نقطہ نظر سے، اس کی ذمہ دار امریکی برآمدی پالیسی پر بھی عائد ہونی چاہیے جبکہ وائٹ ہاؤس نے اس بات پر زور دیا کہ برآمد پر پابندی نہیں ہے، تاہم امریکی آبادی کی ویکسینیشن اس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 19

کیپٹن سمیت 4 اہلکار شدید زخمی ہو گئے جنہیں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ایک اہلکار راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ اسپتال حکام کا کہنا ہے کہ 4 اہلکاروں کو اسپتال منتقل کیا گیا جس میں ایک اہلکار راستے میں دم توڑ چکا تھا تاہم دیگر زخمی اہلکاروں کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔

بقیہ 20

دیا ہے۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے بھی کہا کہ مصری عوام اور ترک عوام ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے۔ 2013ء میں فوج کے ذریعہ اس وقت کے منتخب مصری صدر محمد مرسی کی برطرفی پر ترکی کی جانب سے مذمت کے بعد ان دونوں ممالک میں تعلقات منقطع ہو گئے تھے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق مصری انٹیلی جنس ایجنسی کے ذرائع نے بتایا کہ ترکی نے تعلقات کو بحال کرنے کے لیے بات چیت کی تجویز پیش کی ہے تاہم یہ گفتگو ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے۔

بقیہ 21

کے لواحقین کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ ان کی لاشیں جنوری کے آخر میں میکسیکو سے برآمد ہوئی تھیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہلاک ہونے والوں کی گاڑیاں پر سو سے زیادہ گولیوں کے نشانات پائے گئے تھے اور انہیں نذر آتش کر دیا گیا تھا۔ اس اندوہناک واقعے پر صدر الیو انڈرو گیامتی نے تین روز کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ گوئٹے مالا کے صدر نے ہلاک ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور اس بات کا عزم ظاہر کیا تھا کہ قتل عام کے ذمہ داروں کو تلاش کرنے اور ان کے احتساب کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 22

میں جاری حالیہ جنگ کے معاملے پر اس کے موقف کی وجہ سے ترکی اور مصر کے درمیان تعلقات کشیدہ ہو گئے تھے۔ مصری انٹیلی جنس ایجنسی کے ذرائع نے بتایا کہ ترکی نے تعلقات کو بحال کرنے کے لیے بات چیت کی تجویز پیش کی ہے تاہم یہ گفتگو ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے۔ ترک صدر رجب طیب اردوآن نے استنبول میں ایک بیان میں کہا کہ مصر اور ترکی کے عوام کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔ مصر کے ساتھ ہمارے تعاون کا عمل جاری ہے اور ہم مصر کے ساتھ اس عمل کو مزید مضبوط طریقے سے جاری رکھنا چاہیں گے۔ اردوآن کا مزید کہنا تھا کہ انٹیلی جنس، سفارتی اور سیاسی مذاکرات کے نتائج برآمد ہونے کے بعد ہم اسے اعلی سطح پر لے جائیں گے۔

بقیہ 23

اور ان کی اہلیہ میگھن مارکل کے انٹرویو پر ملکہ برطانیہ نے ردعمل دیتے ہوئے کہا تھا کہ ہیری، میگھن، آرچی کو ہمیشہ چاہا جائے گا۔ انہوں نے اپنے ردعمل میں کہا کہ جوڑے کو چند سال سے درپیش چیلنجوں پر دکھ ہوا، جو مسائل اٹھائے گئے وہ تشویشناک ہیں۔ ادھر ہیری اور میگھن کے متنازع اوپرا انٹرویو پر شہزادہ ولیم نے برطانوی شاہی خاندان کا دفاع کیا ہے۔ اپنے پہلے ردعمل میں شہزادہ ولیم کا کہنا تھا کہ شاہی خاندان بالکل بھی نسل پرست نہیں ہے۔ شہزادہ ولیم نے کہا کہ اوپرا انٹرویو کے بعد سے ان کی ہیری سے بات نہیں ہوئی لیکن وہ بات کریں گے۔

بقیہ 24

کو مکمل مدد فراہم کر رہی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹم لینڈر کنگ نے تھنک ٹینک اٹلانٹک کونسل کو بتایا کہ ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغی جنگ کو معطل کرنے اور یمنی شہریوں کو ریلیف دینے کے بجائے مآرب کو لینے کی مہم کو ترجیح دے رہے ہیں۔ امریکی نمائندہ خصوصی نے مزید کہا کہ امریکہ اور اقوام متحدہ۔ حوثیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ جواب دیں۔ انہوں نے کہ اگر ابھی ہم نے پیش رفت نہیں کی تو یہ ملک مزید تنازعات اور عدم استحکام کا شکار ہو جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ نے شمالی یمن کے لیے مالی امداد بحال کر دی ہے۔ اقوام متحدہ نے یمن کو دنیا کا بدترین انسانی بحران قرار دیا ہے۔

بقیہ 25

مشکلات کا سامنا ہے۔ طالبان کے قریبی ذرائع کا شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہنا تھا کہ دوحہ میں قائم طالبان کے سیاسی دفتر سے 4 یا 5 اراکین کی ٹیم ماسکو کانفرنس میں شرکت کرے گی۔

بقیہ 26

کے ضمنی اثرات کا مزید جائزہ لینا ضروری ہے۔ نئی دہلی کی طرف سے اس امریکی نشاندہی در اصل متعدد یورپی ممالک میں اس ویکسین کے استعمال کو فی الحال روک دینے کے فیصلے کے بعد سامنے آئی ہے۔ چند یورپی ممالک نے آسٹرازینیکا کی کورونا ویکسین کے ضمنی اثرات، خاص طور سے خون میں پھٹکیاں جمنے کے خدشات پر اظہار تشویش کیا تھا۔ دریں اثنا عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ آسٹرازینیکا کی ویکسین کو روکنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔

بقیہ 27

ہے۔ پچھلے مہینے جیک سولیون نے اعلان کیا کہ امریکی صدر جو بائیڈن پر عزم ہیں کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے جوہری پروگرام کا مسئلہ حل کرنے کے لیے سفارت کاری بہترین طریقہ ہے۔ سولیون نے کہا کہ تہران نے ابھی تک امریکا اور یورپ کی ثالثی کے ساتھ بات چیت کرنے کی پیش کش پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا۔ انہوں نے مزید کہا ایران اب سفارتی تنہائی کا شکار ہے اور اب گیند ایران کے کورٹ میں ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بائیڈن اب بھی ایران کے ساتھ جوہری معاہدے میں واپسی کے لیے بات چیت کے لئے تیار ہیں۔ اب یہ فیصلہ ایران کو کرنا ہے کہ وہ اپنے جوہری پروگرام کا معاملہ حل کرنا چاہتا ہے یا مزید سخت پابندیوں کا سامنا کرتا ہے۔

بقیہ 28

کہ ہمیں ویکسین کی فراہمی کے لیے کوویکس کی سہولت کی مکمل حمایت کرنی چاہیے۔ انہوں نے دنیا پر زور دیا کہ وہ اس شارٹ فال کو دور کرنے کے لیے جلد از جلد فنڈ کریں جو مہم کو اپنے مقصد تک پہنچنے سے روک رہا ہے۔ پاکستانی سفیر جو اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل (ایکوایس او سی) کے صدر بھی ہیں نے کہا کہ وائرس سے متاثرہ دنیا کی معیشت کی تیزی سے بحالی کے لیے وبا کو کنٹرول کرنا ضروری ہے۔ ادھر کوویکس کے ایک شراکت دار گاوی نے پاکستان کے لیے آسکفورڈ۔ ایسٹرازینیکا کی کورونا ویکسین کی ساڑھے 4 کروڑ خوراکوں کی وصولی کا انتظام کیا ہے، جس کا ٹیکہ ساڑھے 4 کروڑ لوگوں کو لگایا جائے گا، یہ ویکسین بھارت میں تیار کی جارہی ہے۔ کوویکس عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) گلوبل الائنس برائے ویکسینز اینڈ امیونائزیشن) گاوی (کولیشن فار ایپیڈیمک پریپرڈنیس انوویشنز (سی ای پی آئی) اور یونیسیف کا ایک مشترکہ اتحاد ہے۔ اگرچہ اسے 190 حصہ لینے والے ممالک کی حمایت حاصل ہے تاہم رواں سال کے آخر تک سب سے زیادہ ضرورت مندوں کو ویکسین کی فراہمی کے اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لیے کوویکس کو اب بھی 2 ارب ڈالر سے زیادہ کی ضرورت ہے۔ امریکا کی جانب سے 4 ارب ڈالر کا وعدہ کیا گیا ہے اور وہ سب سے بڑا حکومتی ڈونر ہے، اس کے علاوہ نجی عطیات دہندگان میں شامل بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن نے 15 کروڑ ڈالر سے زیادہ کا وعدہ کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتیرس نے کہا کہ وائرس نے 25 لاکھ سے زیادہ افراد کو ہلاک کر دیا جبکہ کروڑوں کو کمزوری کے ساتھ ساتھ طویل مدتی صحت کے اثرات کے ساتھ چھوڑ دیا۔ انہوں نے کہا کہ صرف ایک ساتھ مل کر ہی ہم اس وبا کا خاتمہ کر سکتے ہیں اور ان چیزوں کو واپس جا سکتے ہیں جس سے ہم پیار کرتے تھے۔ مزید برآں اقوام متحدہ کی ڈپٹی سیکریٹری جنرل آمنہ جے محمد کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال میں ہم نے کھانا کھانے، گلے ملنے اور اسکول اور کام پر جانے سمیت ان چیزوں کو یاد کیا جو ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ پسند تھیں۔ انہوں نے دنیا پر زور دیا کہ تمام لوگوں کے لیے ویکسین کی دستیابی کے لیے مل کر کام کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک ساتھ ہم زندگی کے مزے دوبارہ لے سکیں گے، ہمیں یہ یقینی بنانا ہے کہ ہر ایک کو ویکسین ملتا کہ ہم دوبارہ ویسے رہ سکیں جیسے ہم چاہتے ہیں۔

بقیہ 29

میں کہا گیا کہ الشیخ جراح میں ایک کنٹرول ٹاور اور چھوٹا رن وے بھی بنانے کی منظوری دی گئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ الشیخ جراح کے مقام پر 1967 کی جنگ میں ہلاک ہونے والے فوجیوں کی یاد میں چھاتہ بردار بریگیڈ 71 کے فوجیوں کی یاد میں یادگار تعمیر کی جارہی ہے۔

بقیہ 30

میں زیادہ سے زیادہ سزا دو سال سے بڑھا کر تین سال تک کر دی گئی تھی۔ گزشتہ روز ہونے والی سماعت کے دوران پانچوں صحافی ویڈیو کانفرنس کے ذریعے موجود تھے جن پر باضابطہ طور پر الزام لگایا گیا جبکہ امریکی سفارتخانے کے نمائندے عدالت کے باہر انتظار کرتے رہے۔

بقیہ 31

مقبوضہ وادی میں بھارتی فوج کی گاڑی کو حادثے کے نتیجے میں ایک اہلکار ہلاک اور 3 زخمی ہو گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ضلع کلگام میں بھارتی فوج کی گاڑی حادثے کے باعث نالے میں جا گری جس کے نتیجے میں میجر اور کیپٹن سمیت 4 اہلکار شدید زخمی ہو گئے جنہیں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ایک اہلکار راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ اسپتال حکام کا کہنا تھا کہ چار اہلکاروں کو اسپتال منتقل کیا گیا جس میں ایک اہلکار راستے میں دم توڑ چکا تھا تاہم دیگر زخمی اہلکاروں کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔

بقیہ 32

فلسطینی صدر محمود عباس کے خصوصی مشیر نبیل شعث نے بتایا ہے کہ عالمی برادری اور فلسطینی اتھارٹی کے درمیان اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ رواں سال ہونے والے پارلیمانی اور صدارتی انتخابات میں بیت المقدس کے باشندے اسرائیل کی پوسٹل سروس کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نبیل شعث نے کہا کہ آنے والے انتخابات میں القدس کے باشندوں کے پولنگ میں حصہ لینے کے میکانزم پر عالمی برادری کے ساتھ اتفاق ہو گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بیت المقدس کے فلسطینی اسرائیلی ڈاک اور عالمی نگرانی میں اپنا ووٹ ڈالیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں عالمی برادری کی طرف سے آگاہ کیا گیا ہے کہ بیت المقدس کے فلسطینی باشندے اسرائیلی ڈاک کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالیں گے۔

بقیہ 33

سعودی عرب میں 7 نئے سینما گھر کھولے جائیں گے۔ ملکی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کے بڑے شہروں کے بعد چھوٹے شہروں میں بھی مزید 7 سینما گھر کھولے جائیں گے۔ سعودی میڈیا کے مطابق نئے سینما گھر ریاض، جدہ اور بریدہ میں کھولے جائیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پرانے سینما گھروں میں نشستوں کی تعداد بھی بڑھائی جائیگی۔

بقیہ 34

افغانستان میں سڑک کنارے بم دھماکے کے نتیجے میں تین عام شہری ہلاک جبکہ چار دیگر زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صوبہ ارزگان کے دارلحکومت ترین کوٹ میں ہوا جسکے نتیجے میں ایک بچے سمیت تین افراد ہلاک جبکہ خاتون اپنے تین بچوں سمیت زخمی ہو گئی۔ زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال داخل کر دیا گیا۔

بقیہ 35

وسطی امریکی ملک گوئٹے مالا میں 19 تارکین وطن کی لاشوں کو ان کے لواحقین کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق لاشیں جنوری کے آخر میں میکسیکو سے برآمد ہوئی تھیں۔ ہلاک ہونے والوں کی گاڑیاں پر سو سے زیادہ گولیوں کے نشانات پائے گئے تھے اور انہیں نذر آتش کر دیا گیا تھا۔ اس اندوہناک واقعے پر صدر الیز انڈرو گیامتی نے تین روز کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ گوئٹے مالا کے صدر نے ہلاک ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور اس بات کا عزم ظاہر کیا تھا کہ قتل عام کے ذمہ داروں کو تلاش کرنے اور ان کے احتساب کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 36

متحدہ عرب امارات میں بعض افراد کو کرونا وائرس کی ویکسین کا تیسرا انجکشن لگانا پڑا ہے کیوں کہ ان افراد کو پہلے ویکسین کی دو خوراکیں لگائی جا چکی تھیں لیکن ان میں کرونا وائرس سے تحفظ کے لیے قوت مدافعت (اینٹی باڈیز) کے آثار نمودار نہیں ہوئے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یو اے ای کے محکمہ صحت کی ترجمان ڈاکٹر فریدہ الحوسنی نے میڈیا کو بتایا کہ جن شہریوں اور مکینوں میں ویکسین کے درکار دو انجکشن لگانے کے باوجود قوت مدافعت پیدا نہیں ہوئی تو انہیں تیسری خوراک بھی لگائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بعض لوگوں کو سائنو فارم کی کووڈ 19 ویکسین کی تیسری خوراک لگائی گئی ہے لیکن پہلا یا دوسرا انجکشن لگوانے والوں کے مقابلے میں ان کی تعداد بہت کم ہے۔

بقیہ 37

برطانوی کورونا ویکسین ایسٹرازینیکا کے استعمال کے نتیجے میں خون کی پھٹکیاں بننے کے واقعات کے بعد ڈنمارک، ناروے، آئس لینڈ اور اٹلی نے ویکسین کا استعمال عارضی طور پر روک دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق خون کی پھٹکیاں بننے کے واقعات 30 لاکھ افراد میں سے 20 میں سامنے آئے۔ یورپی یونین کا کہنا تھا کہ ویکسین اور خون کی پھٹکیاں بننے کے درمیان کسی تعلق کی علامات نہیں ملیں۔

بقیہ 38

شامی تنازعے کے آغاز کو گزشتہ روز ٹھیک دس برس ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گیارہ مارچ 2011 کو پہلی مرتبہ شامی شہر درعا میں صدر بشارالاسد کے خلاف مظاہرے ہوئے تھے۔ مظاہرین کے خلاف طاقت کے استعمال کے نتیجے میں حکومت مخالف تحریک ملک بھر میں پھیل گئی تھی، جو بعد میں طویل خانہ جنگی میں تبدیل ہو گئی۔ اب تک اس خانہ جنگی کے نتیجے میں نصف ملین سے زائد انسان ہلاک ہو چکے ہیں جب کہ کئی ملین شامی شہری بے گھر بھی ہوئے ہیں۔

بقیہ 39

جاپانی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وزیر اعظم یوشی ہیڈے سوگا اگلے ماہ امریکا کا دورہ کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کورونا وائرس کی عالمی وبا کے آغاز کے بعد سے یہ پہلا موقع ہوگا کہ جاپانی وزیر اعظم امریکی صدر سے بالمشافہ ملاقات کریں گے۔ بتایا گیا ہے کہ اگلے ماہ تک جاپانی وزیر اعظم اور امریکی صدر دونوں ہی کورونا ویکسین لگوا چکے ہوں گے۔ جاپانی کابینہ کے چیف سیکریٹری کے مطابق صدر جو بائیڈن کے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے جاپانی سربراہ حکومت پہلے غیر ملکی رہنما ہوں گے، جو نئے امریکی صدر سے بالمشافہ ملیں گے۔

بقیہ 40

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹیرش نے اپیل کی ہے کہ کروڑوں انسانوں کو قحط سے بچانے کے لیے پانچ اعشاریہ پانچ ارب ڈالر کی فوری ضرورت ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے کہا کہ مختلف تنازعات کی وجہ سے درجنوں ممالک میں تقریباً چونتیس ملین افراد کے قحط سے ہلاک ہو جانے کا خطرہ ہے۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک نے بھی متنبہ کیا کہ دنیا بھر میں دو سو ستر ملین افراد کو رواں برس بھوک کے بحران کا خطرہ لاحق ہے۔ انتونیو گوٹیرش نے اقوام متحدہ کے ایک اجلاس کو بتایا کہ کئی ملین انسانوں کو خوراک کی شدید عدم دستیابی کا سامنا ہے۔

بقیہ 41

آزاد جموں وکشمیر کے صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے رہنماء اور سابق وزیر محمد مطلوب انقلابی تحمل، برداشت، رواداری، ملنساری اور خوش اخلاقی کی ایسی روایات چھوڑ گئے ہیں جن پر چل کر سیاسی قیادت اور سیاسی کارکن نفرت، تعصب اور مفاد پرستی سے پاک معاشرہ قائم کر سکتے ہیں۔ مرحوم مطلوب انقلابی نے ایک سیاسی کارکن اور عوام کے منتخب نمائندہ ہونے کی حیثیت سے معاشرے کے کمزور اور بے یار ومددگار لوگوں کے سر پر ہاتھ رکھ کر سیاست اور عوامی نمائندگی کا نہ صرف درست مفہوم سمجھایا بلکہ میدان سیاست میں کام کرنے والوں کیلئے ایک ایسی روشن مثال قائم کی جسے مدتوں یاد رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرحوم مطلوب انقلابی کی سیاسی و سماجی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ہونے والے ایک ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا اہتمام سابق وفاقی وزیر سردار محمد یوسف خان اور حافظ سجاد قمر نے کیا تھا۔ ریفرنس سے سابق چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد افضل، آزاد کشمیر کے سابق چیف جسٹس چوہدری محمد ابراہیم ضیاء، وزیر حکومت چوہدری محمد شہزاد، قانون ساز اسمبلی کے رکن اور مسلم کانفرنس کے رہنماء صغیر چغتائی، قومی اسمبلی کے سابق رکن زمرد خان، پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء انجینئر افتخار چوہدری، کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنماء غلام محمد صفی، میجر ریٹائرڈ حفیظ چوہدری، مولانا محمود تبسم، قاری علی اکبر نعیمی، صاحبزادہ ذوالفقار علی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔

امروز شوبز

نمرہ علی اپنے پہلے گانے 'منان' کی کامیابی پر خوش

پہلے گانے سے اتنی پذیرائی ملی جس پر بہت خوش ہوں انشاء اللہ آئندہ بھی ویڈیوز میں کام کروں گی

انہیں اس سے قبل بھی بہت سارے گانوں کی آفرز آئی تھیں مگر انہوں نے قبول نہیں کیں، نمرہ علی

لاہور (این این آئی) معروف ٹک ٹاکر، یوٹیوبر و سوشل ایکٹیوسٹ نمرہ علی اپنے پہلے ویڈیو سونگ "منان" کی کامیابی پر خوشی سے نہال۔ تفصیلات کے مطابق نمرہ علی نے توکل برادرز کے نئے میوزک ویڈیو "منان" میں ماڈلنگ کی تھی جسے گذشتہ روز سوشل میڈیا پر ریلیز کیا گیا تھا یہ گانا سوشل میڈیا پر پہلے روز ہی بہت زیادہ وائرل ہو گیا تھا اس گانے میں نمرہ علی کی ماڈلنگ کو بے حد سراہا جا رہا تھا جس پر نمرہ علی خوشی سے پھولے نہیں سما رہی تھی۔ ایک ملاقات کے دوران نمرہ علی نے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "منان" ان کا پہلا ویڈیو تھا جس میں انہوں نے ماڈلنگ کی ہے انہیں یقین نہیں تھا کہ یہ گانا سوشل میڈیا پر اتنا زیادہ پسند کیا جائیگا۔ ایک سوال کے جواب میں نمرہ علی کا کہنا تھا کہ انہیں اس سے قبل بھی بہت سارے گانوں کی آفرز آئی تھیں مگر انہوں نے قبول نہیں کیں مگر اب اس گانے کی کامیابی دیکھتے انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اس طرح کے معیاری گانوں میں کام کرینگی تا کہ لوگ زیادہ سے زیادہ ان کا کام دیکھیں اور سراہیں۔ "منان" ان کا پہلا ویڈیو تھا جس میں انہوں نے ماڈلنگ کی ہے انہیں یقین نہیں تھا کہ یہ گانا سوشل میڈیا پر اتنا زیادہ پسند کیا جائیگا۔ نمرہ علی نے اپنے ایک پیغام میں اپنے فالورز کو کہا کہ وہ "منان" کو زیادہ سے زیادہ سوشل میڈیا پر دیکھیں، فالو کریں اور انہیں پرموٹ کریں تا کہ یہ گانا زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکے۔

جینیفر لوپیز اور الیکس روڈریگز نے منگنی ختم کر دی

سابق امریکی بیس بال کھلاڑی الیکس روڈریگز اور جینیفر لوپیز نے 2 سال سے منگنی کر رکھی تھی

لاس اینجلس (این این آئی) ہالی ووڈ اداکارہ جینیفر لوپیز اور الیکس روڈریگز نے منگنی ختم کر کے علیحدگی اختیار کر لی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق امریکی بیس بال کھلاڑی الیکس روڈریگز اور جینیفر لوپیز نے 2 سال سے منگنی کر رکھی تھی۔ خبر سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا پر مداح دکھ کا اظہار کر رہے ہیں اور ساتھ ہی رشتہ ختم کرنے کی وجوہات جاننے کے لئے بھی بے چین نظر آ رہے ہیں۔ واضح رہے کہ الیکس روڈریگز کی 2008 میں پہلی بیوی سے علیحدگی ہو چکی ہے۔ جس سے ان کے دو بچے ہیں جبکہ انہوں نے جینیفر لوپیز سے منگنی کا اعلان 2019 میں کیا تھا۔ ماضی میں ایک انٹرویو کے دوران الیکس روڈریگز نے کہا تھا کہ ہم دوبار شادی ملتوی کر چکے ہیں جس کی ہم پلاننگ بھی کر چکے تھے اور اس کے بعد سے اب تک ہم نے اس بارے میں دوبارہ کوئی بات نہیں کی۔ اب نہیں پتا کہ ہم دوبارہ ایسا کر پائیں گے یا نہیں۔

ٹائیگر 3 کے لئے فلم انتظامیہ کا بڑا فیصلہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے بڑے ناموں اور ایکشن سے بھرپور فلم 'ٹائیگر 3' کیلئے پروڈیوسر کی جانب سے بڑا فیصلہ سامنے آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سلمان خان اور کترینہ کیف کی ایکشن اور تھرل سے بھرپور فلم 'ٹائیگر 3' کے لئے بھارتی شہر ممبئی میں ترکی کی طرز کا علاقہ بنایا جائے گا۔ یہ سیٹ اپریل کے پہلے ہفتے تک تیار ہو جائے گا۔ رپورٹس کے مطابق فلم کے پروڈیوسر آدتیا چوپڑا نے پروڈکشن ڈیزائن ٹیم کو اس حوالے سے احکامات دے دیئے ہیں۔ سلمان اور کترینہ کے کچھ اہم ایکشن سینز اب یہیں شوٹ ہوں گے۔ فلم کے ڈائریکٹر منیش شرما کے حوالے سے اطلاعات ہیں کہ وہ سلمان خان اور کترینہ کیف کے متعدد ایکشن سینز میں جنگی ٹینک اور دستی بموں کا استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم کی شوٹنگ حال ہی میں شروع کی گئی ہے۔

محبت، شادیوں اور خاندانی مسائل پر بنا ڈراما 'سفر تمام ہوا' جلد نشر ہوگا

'سفر تمام ہوا' کی کہانی خاندانی مسائل پر بنے ماضی کے ڈراموں سے مختلف ہے، مدیحہ امام

کراچی (این این آئی) محبت، شادیوں اور خاندانی مسائل پر بنا ڈراما 'سفر تمام ہوا' جلد ہم ٹی وی پر پیش کیا جائیگا۔ ڈرامے میں مدیحہ امام، علی رحمن اور سید جبران سمیت دیگر اداکار ایکشن میں دکھائی دیں گے۔ 'سفر تمام ہوا' سے متعلق بات کرتے ہوئے ڈرامے کی مرکزی اداکارہ مدیحہ امام نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ اگرچہ مذکورہ ڈراما خاندانی مسائل کی کہانی پر مبنی ہے، تاہم یہ ڈراما اسی موضوع پر بنے پہلے ڈراموں سے مختلف ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ 'سفر تمام ہوا' میں ساس و بہو کے جھگڑے سمیت بیوی اور شوہر کے درمیان تلخیاں نہیں دکھائی جائیں گی اور نہ ہی ان کے جھگڑوں کو دکھایا جائے گا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ 'سفر تمام ہوا' کی کہانی خاندانی مسائل پر بنے ماضی کے ڈراموں سے مختلف ہے اور ڈرامے کی کہانی شائقین کو پسند آئیگی۔ مدیحہ امام نے اپنے کردار کے حوالے سے بتایا کہ وہ ڈرامے میں 'انوشے' نامی لڑکی کا کردار ادا کرتی دکھائی دیں گی، جو بچپن میں کچھ مسائل کا شکار ہو جاتی ہے اور ان مسائل کا اثر ان کی پوری زندگی پر رہتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ ڈرامے میں کسی 'ابنارمل' لڑکی کا کردار ادا نہیں کر رہیں مگر ان کا کردار مختلف ضرور ہے۔ مدیحہ امام نے ڈرامے کی کہانی سے متعلق مزید معلومات دینے سے گریز کرتے ہوئے بتایا کہ 'سفر تمام ہوا' کی کہانی خاندانی مسائل پر بنے ماضی کے ڈراموں سے مختلف ہے۔ 'سفر تمام ہوا' کی کہانی راحت جبیں نے ہی لکھی ہے، جنہوں نے اسی نام سے ناول شائع کیا تھا اور اسے کافی پسند بھی کیا گیا تھا۔ مومنہ درید کی پروڈکشن میں بنائے گئے ڈرامے کی ہدایات شہزاد شیخ نے دی ہیں اور اسے ہم ٹی وی پر نشر کیا جائے گا۔

کترینہ کیف کی چھوٹی بہن ایزابیل کیف بالی ووڈ کو سمجھنے کیلئے اہم تجاویز

کترینہ نے کہا جتنا سوچ رہی ہوں کام اس سے زیادہ مشکل ہے، ایزابیل

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کترینہ کیف نے چھوٹی بہن ایزابیل کیف کو بالی ووڈ کی وسیع دنیا کو سمجھنے کیلئے چند اہم تجاویز دی ہیں۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے ایزابیل کیف نے اپنے بالی ووڈ کریئر کی پہلی فلم 'ٹائم ٹو ڈانس' پر بڑی بہن کترینہ کے خیالات کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ 'انہوں نے میری فلم کا ٹریلر اور اب تک فلم کے جو گانے ریلیز ہو چکے ہیں سب دیکھے اور دیکھنے کے بعد مجھے ایک تفصیلی میسج کیا'۔ ایزابیل نے کہا کہ 'اس میسج میں کترینہ نے مجھ سے کہا کہ آپ جتنا سوچ رہی ہیں کام اس سے زیادہ مشکل ہونے جا رہا ہے، تو اس لئے اپنی توجہ صرف کام پر رکھیں اور کسی بھی اور چیز سے اپنے کام کو متاثر نہ ہونے دیں'۔ بالی ووڈ اداکارہ نے کہا کہ 'میری بہن نے مجھے یہ بھی کہا کہ آپ کبھی بھی سو فیصد کو پسند نہیں آسکتیں لیکن اس سے آپ کو پریشان نہیں ہونا چاہیے، یہ ٹھیک ہے، ہر کوئی آپ کے کام کو نہیں سمجھتا، تنقید کو کبھی بھی اپنی ذات پر نہیں لیں اور نہ ہی اسے دل پر لیں کہ آپ کو دکھ ہو'۔ ایزابیل نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 'کترینہ نے فلم کا گانا ریلیز ہونے پر جب اس کی ویڈیو دیکھی تو انہوں نے میری تعریف کی اور کہا کہ میں ڈانس کرتے ہوئے اچھی لگ رہی ہوں اور وہ میرے لئے خوش ہیں۔

کرینہ کپور کے فوٹو شوٹ کے دوران بیٹے کو چوٹ لگ گئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور کرشمہ کپور کی بیٹی کی سالگرہ میں شرکت کیلئے تیمور کے ہمراہ ان کے گھر پہنچیں تو اس دوران تیمور جلد بازی میں شیشے سے ٹکرا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ گاڑی سے نکلتے ہوئے کرینہ کپور کیمرہ مین کے مخاطب کرنے پر تصویروں کیلئے پوز دینے لگتی ہیں اس دوران ان کا بڑا بیٹا تیمور گاڑی سے نکل کر پہلے والدہ کی طرف آتا ہے اور پھر دروازے سے اندر جانے کیلئے تیزی سے بھاگتا ہے۔ تیمور کے شیشے کے دروازے سے ٹکرانے کے بعد کرینہ کپور فوراً ہی فوٹو شوٹ چھوڑ کر بیٹے کی جانب متوجہ ہوتی ہیں۔

سابق اداکارہ سومی علی کی سلمان خان سمیت کئی اداکاروں سے معذرت

ممبئی (این این آئی) سابق اداکارہ سومی علی نے اپنے ساتھی اداکاروں سے اپنے کام میں بہت اچھا نہ کرنے پر معذرت طلب کی ہے۔ ان اداکاروں میں بالی ووڈ کے کئی سپر سٹار جن میں سلمان خان، سیف علی خان، سنجے دت اور متھن چکرورتی شامل ہیں۔ یاد رہے کہ پاکستانی نژاد امریکی اداکارہ، مصنفہ اور فلم میکر سومی علی نے بالی ووڈ میں ایک مختصر عرصے کے دوران کام کیا۔ انھوں نے 1990 کے عشرے کے کئی بڑے اداکاروں کے ساتھ کام کیا اور سلمان خان کے ساتھ ان کے تعلقات کے حوالے سے خبریں زوروں پر رہیں۔ ایک انٹرویو کے دوران سومی علی نے اداکاروں کے ساتھ ساتھ ڈائریکٹروں سے بھی معافی طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کبھی بھی اداکاری کرنا نہیں چاہتی تھیں۔ میں حیران ہوں کہ میں نے دس فلموں میں کس طرح کام کیا، ان فلموں میں میرے ساتھ سلمان خان، سنجے دت، چنکی پانڈے، گوونڈا، متھن چکرورتی، اوم پوری شامل تھے، اور میں ان سب سے دل کی گہرائیوں سے معافی کی طلب گار ہوں، بالخصوص متھن دا سے جن کے ساتھ میں نے چار فلمیں کیں، وہ میرے ساتھ انتہائی صبر و تحمل سے کام کرتے تھے، سنیل میں، بہت معذرت خواہ ہوں کیونکہ میں بہت خراب ڈانسر تھی۔

سلمان اور شاہ رخ خان کو فرحان اختر کی فلم کا ٹیزر بھا گیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹارز سلمان خان اور شاہ رخ خان نے اداکار فرحان اختر کی نئی فلم 'طوفان' کا ٹیزر دیکھنے کے بعد اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ سلمان خان نے فلم کا ٹیزر اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر شیئر کیا اور فرحان اختر کو مبارکباد دیتے ہوئے لکھا کہ ٹیزر اچھا لگ رہا ہے۔ دوسری جانب شاہ رخ خان نے بھی فرحان اختر کی تعریف کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر لکھا کہ میں ہمیشہ تمہارے کام اور کوششوں سے متاثر ہوتا ہوں۔ انہوں نے فلم کی ٹیم کے لئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز فرحان اختر نے اپنی نئی فلم 'طوفان' کا پہلا ٹیزر جاری کیا تھا۔ اس فلم میں فرحان اختر باکسنگ کوچ کا کردار ادا کر رہے ہیں۔

معروف اداکارہ ارم اختر کی بیٹے کیساتھ تصاویر وائرل ہو گئیں

مارننگ شو میں ارم اختر کے ساتھ اُن کے بیٹے بھی خصوصی مہمان تھے

ممبئی (این این آئی) جیو انٹرٹینمنٹ کے مقبول ترین ڈرامہ سیریل 'اُمید' میں مرکزی کردار ادا کرنے والی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ ارم اختر کی اپنے بیٹے کے ساتھ تصویریں سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ اداکارہ ارم اختر حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں بطور مہمان شرکت کی۔ مارننگ شو میں ارم اختر کے ساتھ اُن کے بیٹے بھی خصوصی مہمان تھے اور اُن کی تصویریں سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر شیئر کی جا رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصویروں میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ارم اختر مارننگ شو کے سیٹ پر اپنے بیٹے کے ساتھ موجود ہیں۔ واضح رہے کہ ارم اختر نے 1990ء میں اپنے فنی کیریئر کا آغاز کیا تھا، اُنہوں نے اپنے کیریئر میں کئی مقبول ترین ڈرامے، ٹیلی فلمز اور اشتہارات کیئے۔ ارم اختر نے کئی ڈراموں میں مرکزی کردار بھی ادا کیے جن میں 'کبھی آئے نہ جدائی'، 'شکن'، 'یاد پیا کی آئے' اور 'کاغذ کے پھول' شامل ہیں۔ اداکارہ ارم اختر کے دیگر ڈراموں میں 'ادھورا بندھن'، 'خوشبو کا گھر'، 'کہاں ہو تم'، 'جیٹھانی' اور 'مانا کا گھرانا' شامل ہیں۔ دوسری جانب ان دِنوں ارم اختر اُن کے حالیہ مقبول ترین ڈرامہ سیریل 'میرے محسن'، 'دل موم کا دیا' اور 'اُمید' کی وجہ سے کافی مشہور ہیں۔

حریم شاہ نے اپنے قتل کی خبروں کی تردید کر دی

خیریت سے، ڈرامے کی شوٹنگ میں مصروف ہوں، ٹک ٹاک سٹار

کراچی (این این آئی) متنازع ٹک ٹاک سٹار اور اداکارہ حریم شاہ نے اپنے قتل سے متعلق خبروں کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ حریم شاہ کے حوالے سے سوشل میڈیا پر یہ خبریں گردش کر رہی تھیں کہ انہیں قتل کر دیا گیا ہے تاہم اداکارہ نے اپنے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ میں ڈرامے کی شوٹنگ میں مصروف ہوں اور خیریت سے ہوں، میرے قتل سے متعلق زیر گردش خبریں بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ سب کو یہ بتانا چاہتی ہوں کہ میں بالکل خیریت اور عافیت سے ہوں۔ حریم شاہ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر غلط خبریں شیئر کرنے والے کچھ شرم کریں کچھ حیا کریں اور جعلی خبریں پھیلانے سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریٹنگ کیلئے کوئی بھی خبر تصدیق کے بغیر پھیلانے والوں کو جاہل ہی کہا جاسکتا ہے۔

Imroz Sports

امروز کھیل

دوسرا ون ڈے: ویسٹ انڈیز نے سری لنکا کو 5 وکٹوں سے شکست دیدی

ویسٹ انڈیز نے تین میچز کی سیریز میں دو صفر فیصلہ کن برتری حاصل کر لی

میزبان ٹیم نے 274 رنز کا ہدف 49.4 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا، اوپنر ایون لوئس نے 103 رنز کی دلکش اننگز کھیلی، مین آف دی میچ قرار دیا گیا

اینٹیگوا (این این آئی) ویسٹ انڈیز نے ایون لوئس کی شاندار سنچری کے باعث سری لنکا کو دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں 5 وکٹوں سے شکست دے کر تین میچز کی سیریز میں دو صفر فیصلہ کن برتری حاصل کر لی، میزبان ٹیم نے 274 رنز کا ہدف 49.4 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا، اوپنر ایون لوئس نے 103 رنز کی دلکش اننگز کھیلی، مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سر ویون رچرڈ سٹیڈیم میں کھیلے گئے سیریز کے دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں ویسٹ انڈیز کے کپتان کیرن پولارڈ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جو درست ثابت نہ ہوسکا۔ سری لنکا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 273 رنز بنائے، دنشکا گوناتھلکا نے 96 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، دنیش چندیمل 71 اور ڈی سلوا 47 رنز کے ساتھ نمایاں رہے، جیسن محمد نے تین اور الزاری جوزف نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ویسٹ انڈیز نے مطلوبہ ہدف 49.4 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا، اوپنر ایون لوئس نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور چار چھکوں کی مدد سے 103 رنز بنائے، جنہیں مین آف دی میچ قرار دیا گیا شائی ہوپ نے بھی عمدہ بیٹنگ کی اور 84 رنز کی اننگز کھیل کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا، پہلی وکٹ میں دونوں بلے بازوں نے 192 رنز کی شراکت قائم کی، نوان پردیپ اور تھسرا پریرا نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

سربیا کے جوکووچ نے فیڈرر کا ریکارڈ توڑ دیا

بارسلونا (این این آئی) سربیا کے نواک جوکووچ نے اے ٹی پی رینکنگ کی تاریخ میں لگاتار طویل عرصے تک نمبر ون رہنے کا راجر فیڈرر کا ریکارڈ توڑ دیا۔ ٹینس اسٹار جوکووچ مسلسل 311 ہفتے تک اے ٹی پی رینکنگ میں نمبر ون رہنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ انہوں نے راجر فیڈرر کا 310 ہفتوں تک نمبر ون رہنے کا ریکارڈ توڑا ہے، جس پر انہوں نے کہا کہ اس کیلئے بے پناہ محنت کی، خون پسینہ ایک کرنا پڑا۔ جوکووچ نے پچھلے ماہ آسٹریلین اوپن جیتا تھا جو مجموعی طور پر ان کا 18 واں گرینڈ سلیم ٹائٹل ہے۔ جوکووچ نے راجر فیڈرر کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس عمر میں جو کر رہے ہیں وہ ان کے اور دوسرے تمام ٹینس پلیئرز کے لیے ایک مثال ہے۔ سربیا کے نواک جوکووچ نے اے ٹی پی رینکنگ کی تاریخ میں لگاتار طویل عرصے تک نمبر ون رہنے کا راجر فیڈرر کا ریکارڈ توڑ دیا۔ ٹینس اسٹار جوکووچ مسلسل 311 ہفتے تک اے ٹی پی رینکنگ میں نمبر ون رہنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ انہوں نے راجر فیڈرر کا 310 ہفتوں تک نمبر ون رہنے کا ریکارڈ توڑا ہے۔



بہاولپور، صحرائے چولستان میں موٹر سائیکل ریس میں شریک بائیکر اپنی مہارت کا مظاہرہ کر رہا ہے۔

پاکستان ڈے مینز ٹینس چمپئن شپ 18 مارچ سے شروع ہوگی

چمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئیں، محمد خالد رحمانی

اسلام آباد (این این آئی) پہلی حیدرآباد جمخانہ پاکستان ڈے مینز ٹینس چمپئن شپ 18 مارچ سے حیدرآباد جمخانہ کے ہارڈ کورٹ میں شروع ہوگی۔ گذشتہ روز ایونٹ کے چیف آرگنائزر محمد خالد رحمانی نے بتایا کہ چمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئیں، چمپئن شپ میں دو کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں، جن میں مینز سنگلز اور مینز ڈبلز کے مقابلے شامل ہیں، تیرہ کھلاڑیوں کو مین راؤنڈ میں رکھا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی اپنی، اپنی رجسٹریشن 15 مارچ تک کروا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک ملک بھر سے نامور نو کھلاڑی نے ٹورنامنٹ میں شرکت کی تصدیق کر دی ہے، جن میں عقیل خان، مزمل مرتضیٰ، شعیب خان، شہزاد خان، محمد عابد، احمد چوہدری، برکت اللہ، ہیرا عاشق اور یوسف خلیل شامل ہیں، ایونٹ کا کوالیفائنگ راؤنڈ 18 مارچ کو صبح نو بجے جبکہ مین راؤنڈ 19 مارچ سے شروع ہوگا، ٹورنامنٹ 23 مارچ تک جاری رہے گا اور چمپئن شپ میں دو لاکھ کی انعامی رقم رکھی گئی ہے، چمپئن شپ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر سینیٹر سلیم سیف اللہ ہونگے جو فائنل کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کریں گے۔

پاکستان ٹیبل ٹینس باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ 23 مارچ سے شروع ہوگا

میڈیا کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں، ٹورنامنٹ 30 مارچ تک جاری رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام پاکستان ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ 23 مارچ سے لیور سٹی باؤلنگ کلب جناح پارک راولپنڈی میں شروع ہو گا۔ گذشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے، انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں نو مختلف کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز اینڈ ڈبلز، لیڈیز سنگلز، ایجور، انڈر 12، انڈر 14، انڈر 16، ڈیف اور میڈیا کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں، ٹورنامنٹ 30 مارچ تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کرونا وائرس کے باعث کھیلوں اور کھلاڑیوں کا بہت نقصان ہوا ہے جس کی کو پورا کرنے کے کھلاڑیوں کو سخت سے سخت محنت کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ اگر کھلاڑی دل لگا کر محنت کریں تو اس کی کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں

رمضان فلڈ لائٹ روک بال ٹورنامنٹ 24 اپریل سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) سندھ روک بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور پاکستان روک بال فیڈریشن کے تعاون سے چھٹا آل پاکستان عبدالرزاق آرائیں رمضان فلڈ لائٹ روک بال ٹورنامنٹ 24 اپریل سے منی سپورٹس کمپلیکس ناظم آباد کراچی میں شروع ہوگا۔ پاکستان روک بال فیڈریشن کی سیکرٹری جنرل امہ لیلیٰ کلثوم رانا نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں جس میں شرکت کے لئے ملک بھر سے مختلف ٹیمیں حصہ لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں شرکت کی خواہش رکھنے والی ٹیمیں اپنی، اپنی رجسٹریشن 20 اپریل تک کروا سکتی ہیں اور 22 اپریل کو ٹورنامنٹ کے ڈراز اور قوانین کا اعلان کیا جائیگا،، یہ ٹورنامنٹ ہر سال رمضان المبارک میں منعقد کروایا جاتا ہے ٹورنامنٹ 27 اپریل تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، اسناد، میڈلز کے علاوہ دیگر انعامات سے نوازا جائے گا۔ سندھ روک بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اور پاکستان روک بال فیڈریشن کے تعاون سے چھٹا آل پاکستان عبدالرزاق آرائیں رمضان فلڈ لائٹ روک بال ٹورنامنٹ 24 اپریل سے منی سپورٹس کمپلیکس ناظم آباد کراچی میں شروع ہوگا۔ پاکستان روک بال فیڈریشن کی سیکرٹری جنرل امہ لیلیٰ کلثوم رانا نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں جس میں شرکت کے لئے ملک بھر سے مختلف ٹیمیں حصہ لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں شرکت کی خواہش رکھنے والی ٹیمیں اپنی، اپنی رجسٹریشن 20 اپریل تک کروا سکتی ہیں اور 22 اپریل کو ٹورنامنٹ کے ڈراز اور قوانین کا اعلان کیا جائیگا،، یہ ٹورنامنٹ ہر سال رمضان المبارک میں منعقد کروایا جاتا ہے ٹورنامنٹ 27 اپریل تک جاری رہے گا۔

لیکسٹر، انگلینڈ میں جوکی ڈیوڈ باس اپنے گھوڑے ایمپرڈی روے کیساتھ فتح سے قبل آخری باڑ پھلانگ رہے ہیں

66 ویں نیشنل ٹریک سائیکلنگ چمپئن شپ 29 مارچ سے شروع ہوگی

چمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کو دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام 66 ویں نیشنل ٹریک سائیکلنگ چمپئن شپ 29 مارچ سے لاہور میں شروع ہوگی۔ پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے صدر سید اظہر علی شاہ نے بتایا کہ چمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور چمپئن شپ میں ایلیٹ مینز، ایلیٹ ویمن اور جونیئر مینز اور جونیئر ویمن کے مقابلے رکھے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ چمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں کو دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے جن میں پاکستان آرمی، پاکستان واپڈا، سوئی ناردرن گیس، پی او ایف واہ، بائیکستان کلب کراچی کے علاوہ صوبائی ایسوسی ایشنز پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد شامل ہیں، چمپئن شپ میں شرکت کرنے کے لئے کھلاڑی 28 مارچ کو لاہور پہنچیں گے، چمپئن شپ 31 مارچ تک جاری رہے گی اور چمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے، انہوں نے کہا کہ چمپئن شپ میں کرونا وائرس کے پھیلاؤ سے بچنے کے لئے ایس او پیز کا خاص خیال رکھا جائے گا۔

آل پاکستان فٹ بال ٹورنامنٹ 18 مارچ سے فیصل آباد میں شروع ہوگا

فیصل آباد (این این آئی) ایس اے فارم فٹ بال ٹیم کے زیر اہتمام آل پاکستان فٹ بال ٹورنامنٹ 18 مارچ سے فیصل آباد میں شروع ہوگا، ٹورنامنٹ کے چیف آرگنائزر حاجی عبدالستار نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور پر ہیں اور ٹورنامنٹ میں پاکستان ائیرفورس، ملتان ریلوے، پنجاب پولیس، ایس اے فارم، کیلاش ملز فیصل آباد اور ایشیا گھی ملز سمیت ملک بھر سے 32 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل 28 مارچ کو کھیلے جائیں گے جبکہ فائنل میچ 29 مارچ کو کھیلا جائے گا، ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے ٹی وی میزبان سنجنا گنیسن کو شریک حیات بنانے کا فیصلہ کرلیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے ٹی وی میزبان سنجنا گنیسن کو شریک حیات بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ جسپریت بمرا بھارتی ٹیسٹ اسکواڈ کا حصہ تھے لیکن ذاتی وجوہات کے سبب چوتھے میچ سے قبل رخصت لے لی تھی، وہ رواں ماہ شادی کر رہے ہیں، البتہ ابھی تک سنجنا اور بمرا نے اس کی تصدیق سے گریز کیا ہے۔ واضح رہے کہ سنجنا کرکٹ ورلڈ کپ، پریمیئر بیڈمنٹن اور آئی پی ایل فرنچائز کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے لیے بھی اسپورٹس ٹی وی کی میزبانی کر چکی ہیں۔



لاہور، ٹینس کی قومی کھلاڑی نور ملک باغ جناح میں پریکٹس کر رہی ہیں

ایبٹ آباد، سپورٹس ڈائریکٹوریٹ خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام انڈر 21 گیمز کے ٹرائل کے موقع پر گروپ فوٹو۔

بقیہ 1

ملاقات ہوئی جس میں 7 ووٹ مسترد کیے جانے پر تفصیلی مشاورت کی گئی، مسترد شدہ ووٹ پیر کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا گیا، پیپلز پارٹی نے فاروق ایچ نائیک، نیئر بخاری اور لطیف کھوسہ پر مشتمل قانونی ٹیم تشکیل دیدی۔ انہوں نے کہا کہ 7 ووٹوں پر ڈاکہ پی ڈی ایم کو تقسیم کرنے کی ناکام سازش ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو کمزور نہ سمجھائے، ووٹ پر ڈاکہ کو پارلیمنٹ کی اندر اور باہر ہر فورم پر چیلنج کیا جائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پی ڈی ایم ووٹوں پر ڈاکہ ڈالنے والوں کا بھرپور مقابلہ کرے گی۔

بقیہ 2

کے نام پر آمرانہ کردار خصوصاً ملک کے آئین، قانون اور رولز کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے ملک کے غیور، جمہوریت پسند عوام اور تمام دنیا کے سامنے خفیہ رائے دہی کی دھجیاں اڑانے کے دانستہ مجرمانہ عمل کا نوٹس لینا ضروری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کی آزاد و خودمختار الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سامنے سوالیہ نشان ہے کسی اور صوبے سے آنیوالے شخص کو جس کا کسی پارٹی سے تعلق نہیں انہیں گیارہ ووٹ کس نے دیے اور وہ شخص کیسے کامیاب ہوا اور پھر اس نے کامیابی کے بعد پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کی۔ پارٹیوں کے ووٹ آزاد امیدوار کو کیسے اور کیونکر ملے اور اس کرپشن کا ازالہ کیسے ممکن ہے اور ساتھ ہی سینٹ آف پاکستان میں خفیہ کیمرے کس نے لگائے اور کیا یہ عمل خفیہ رائے دہی کی خلاف ورزی نہیں؟ ملک میں حقیقی جمہوریت، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات پارلیمنٹ کی سپرمیسی، آئین وقانون کی حکمرانی کے قیام سے ملکی بحرانوں کا حل ممکن ہے اور پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ اس کا عملی مظاہرہ کررہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنوری 2018 سے صوبہ بلوچستان سے شروع ہونیوالی کھلی مداخلت کے کرداروں کو بے نقاب کرنے اور ان کو کیفر کردار تک پہنچانے کا عمل کیا جاتا تو آج سینٹ آف پاکستان میں خفیہ کیمرے لگانے کا مکروہ عمل نہ کیا جاتا۔ حالیہ سینٹ الیکشن میں خفیہ کیمروں کی تنصیب کے کرداروں کو بے نقاب کرنے اور کیفر کردار تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے اور چشم پوشی اور خاموشی ملک اور جمہوری پارلیمانی وفاقی نظام کیلئے سنگین خطرے سے کم نہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس جس میں وہ واشگاف الفاظ میں اعلان کرتے ہیں کہ ہم سینٹ چیئرمین کے امیدوار کی کامیابی کیلئے ہر حربہ استعمال کرینگے سٹنگ منسٹر کے اس بیان کا نوٹس نہ لینا الیکشن کمیشن کی خاموشی کا مظاہرہ ادارہ کیلئے سوالیہ نشان اور جمہوریت کی پائمالی کے مترادف ہیں۔

بقیہ 3

انٹرویو مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ لانگ مارچ کی افادیت اسمبلی سے استعفوں کے ساتھ وابستہ ہے، استعفوں کے بغیر لانگ مارچ کی افادیت نہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کا الیکشن انجینئرڈ تھا، پولنگ بوتھ پر کیمرے کس نے لگائے؟ کیمرے ارکان پر چیک رکھنے کے لئے لگائے گئے، جس کا مقصد دباؤ ڈالنا تھا۔ سربراہ پی ڈی ایم نے کہا کہ یہ بات سمجھ میں نہیں آرہی ہے، گیلانی کے 7 ووٹ کیوں مسترد ہوئے، عدالت کے فیصلے موجود ہیں جب تک واضح ہو ووٹر نے ووٹ کس کو دیا، ووٹ ضائع تصور نہیں ہوگا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ مسترد ووٹ بحال کردیے جائیں تو گیلانی جیتے ہوئے ہیں، 2018ء کے بعد تمام الیکشن مشکوک ہیں، ضمنی الیکشن میں الیکشن کمیشن نے تصور بنایا کہ وہ آزاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کھیل منصوبے کے تحت بنایا جاتا ہے، تاثر زائل کرنا ہے، کب تک چیزوں کو چھپایا جاتا رہے گا۔

بقیہ 4

ایک پیج پر ہیں، پارلیمنٹ سے استعفے دیئے بغیر لانگ مارچ کی افادیت نہیں ہوگی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ سینیٹ الیکشن انجینئرڈ تھے، الیکشن میں دلچسپی نہیں تھی تاہم حصہ لینا متفقہ فیصلہ تھا، اس وقت عوام کے پاس جانا ضروری ہے ورنہ وہ سمجھیں گے کہ یہ لوگ عہدوں کیلئے لڑ رہے ہیں، معاشی بدحالی دن بدن بڑھتی جا رہی ہے، عوام بڑے کرب سے گزر رہے ہیں۔ پی ڈی ایم کے سربراہ نے کہا کہ سینیٹ الیکشن میں کیمرے کس نے لگائے کس لئے لگائے، 7 ووٹ کس طرح مسترد ہوئے وجہ کیا تھی، ووٹ بدنیتی کی بنا پر مسترد کیے گئے، جو کھیل کھیلا جارہا ہے سب آگاہ ہیں، ہم عدالت سے رجوع کریں گے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پی ڈی ایم میں تمام فیصلے متفقہ رائے سے ہوتے ہیں، سب ایک پیج پر ہیں، آصف زرداری، مریم نواز اور عبدالغفور حیدری سے مکمل رابطہ ہے، 15 مارچ کو اسلام آباد میں پی ڈی ایم کا سربراہی اجلاس بلایا جا رہا ہے، جس میں لانگ مارچ کے حوالے سے فیصلے کیے جائیں گے، پارلیمنٹ سے استعفے دیئے بغیر لانگ مارچ کی افادیت نہیں ہوگی۔ دریں اثناء چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں شکست کے بعد پاکستان کی حزب اختلاف کی جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے تین فیصلہ سازوں نے سر جوڑ لیے۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمٰن، نواز شریف اور آصف زرداری میں ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے، تینوں رہنماؤں نے چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں شکست کی وجوہات تک پہنچنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیلیفونک رابطے میں لانگ مارچ کی تیاریوں اور پی ڈی ایم کے مستقبل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ اب استعفوں کے بغیر لانگ مارچ فائدہ مند نہیں ہوگا، چیئرمین سینیٹ انتخابات، ووٹ مسترد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں حکومتی امیدوار کو وہ سب ووٹ کیسے مل گئے؟ تینوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ صادق سنجرانی سے قریبی تعلق رکھنے والے اپوزیشن اراکین کو چیک کیا جائے۔ پی ڈی ایم کے سربراہی اجلاس میں سینیٹ الیکشن کا معاملہ بھی زیر غور آئے گا۔

بقیہ 5

مشاورت کی جائے گی، اجلاس میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں شکست پر تمام جماعتیں رپورٹ پیش کریں گی، چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے الیکشن میں 7 ووٹ کیسے مسترد ہوئے، قائدین کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ اجلاس میں ڈپٹی چیئرمین کو کم ووٹ ملنے پر بھی جمیعت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے تحفظات دور کیے جائیں گے۔ اجلاس میں 26 مارچ کے لانگ مارچ کی حکمت عملی کو بھی حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 6

میں مسلم لیگ (ن) کے سینیٹرز کی جانب سے اپوزیشن کے امیدواروں کو ووٹ نہ دینے کے تاثر کو مسترد کر دیا۔ میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کے دوران چیئرمین پیپلز پارٹی سے جب پوچھا گیا کہ اس طرح کی اطلاعات ہیں کہ مسلم لیگ (ن) کے سینیٹرز نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے امیدواروں کیلئے ووٹ نہیں دیا تو اس پر بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہر کسی نے وفاداری دکھائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے پتا ہے، ہم سب کو پتا ہے کہ ہم پی ڈی ایم کے متحد ہونے کی وجہ سے (سینیٹ کی نشستیں) جیتیں، مزید یہ کہ ہم اسی لیے اتنے ووٹ حاصل کرسکے کہ سب نے وفا کی سب نے ساتھ دیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ گزشتہ سینیٹ انتخابات میں جو داغ لگا تھا اپوزیشن کے سینیٹرز نے وہ داغ حالیہ انتخابات میں اپنے کردار سے دھو دیا۔ واضح رہے کہ 12 مارچ کو ایوان بالا میں عددی اکثریت کے باوجود اپوزیشن اتحاد پی ڈی ایم کے مشترکہ امیدواروں کو چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب پر شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

بقیہ 7

رحمان گل حافظ دوست محمد نے کہا ہے عوام کو سیاسی اور جمہوری نظام سے متنفر کرنے کی ریاستی سازشوں کو مسترد کرتے ہیں سینیٹ الیکشن سے جمہوریت پسند قوتوں کو سبق حاصل کرنا چاہیے ان تمام مسائل کا واحد حل فیصلہ کن تحریک ہے عوام کی آواز بننا ہوگا قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے حکم پر اسلام آباد لانگ مارچ میں شرکت کریں گے اس حوالے سے آج مجلس عاملہ کا اجلاس تین بجے ضلعی سیکرٹریٹ جبکہ 18 مارچ کو جامعہ مطلع العلوم بروری روڈ میں ضلعی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ہوگا جس میں لانگ مارچ میں شرکت کے متعلق بالائی جماعت کے فیصلوں کی روشنی میں ترتیب کو حتمی شکل دی جائے گی انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ اسلام آباد کٹھ پتلی تماشا کے خاتمہ کیلئے حتمی اور فیصلہ کن مرحلہ ہوگا جس تحریک کا آغاز جمعیت علماء اسلام نے موجودہ نااہل حکومت کے قیام سے کیا تھا اور تمام جماعتوں کو متحد کرکے رکھا تھا آج وہ تحریک اپنے مقاصد کی کامیابی کیلئے قریب پہنچ گئی ہے انہوں نے کہا کہ خون پسینے سے ملک کی خدمت کرنے والے آج بھی استحصال کا شکار ہیں، بلکہ روزگار چھین جانے سے خودکشی پر مجبور ہوچکے ہیں انہوں نے کہا کہ جو قومیں سیاسی شعور کی روشنی میں فیصلہ کرنا جانتی ہوں وہ اپنی آزادی کی حفاظت بھی خوب کرسکتی ہیں انہوں نے کہا جمعیت علماء اسلام لانگ مارچ اسلام آباد کیساتھ اپنے اہداف اور مقاصد کے تحت جدوجہد کا تازہ دم آغاز کرچکی ہے نتائج پر پہنچ کر دم لے گی اور پاکستان کو ایک فلاحی ریاست میں تبدیل کرنے آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے قوم کو بیدار کریگی جمعیت علماء اسلام سمجھتی ہے کہ یہ کٹھ پتلی حکومت ملک کی معاشی اور نظریاتی قاتل ہے اس حوالے سے ہر فرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اسلامی نظریے کی حفاظت کے لیے اپنا کردار ادا کریں کیوں کہ اس وقت تک ہماری پالیسی پر امریکی و بیرونی سامراج کا دباؤ رہا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری آج کی جدوجہد سے ہی ہماری کل آنے والی نسل سکھ کا سانس لے پائیگی کیونکہ جمعیت علماء☐ اسلام ملک میں حقیقی آزادی کے تصور کے ساتھ قوم کو لائحہ عمل دے کر آزادی کے نصب العین حاصل کرنے میں کامیاب ہوگی انہوں نے کہا کہ آزادی کے مقاصد کے حصول کیلئے ہماری جدوجہد جاری ہے دوقومی نظریہ اور اسلام کے نام پر بننے والے ملک میں اسلامی شعائر کی حفاظت کیلئے جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں اور قائدین نے جان کے نذرانے پیش کیئے اور جمہوری انداز میں رہنے کیلئے عوام کو شرافت کی سیاست سے روشناس کرایا جمعیت علماء اسلام نے پاکستان میں دلیل اور پرامن سیاست کے فروغ کیلئے جو اصول متعارف کروائے وہ تمام جماعتوں کیلئے مشعل راہ ہے انہوں نے کہا کہ ہر قسم حالات میں جمعیت کی جدوجہد کا بہار زندہ رہے گا قیام سے لے کر آج تک جماعت نے اور کٹھن راستوں پر سفر جاری رکھا ہے جمعیت علماء اسلام آئین اور جمہوریت کی پاسدار ہونے کے ناطے تمام تر ناانصافیوں اوچھے ہتھکنڈوں کے باوجود ملک کے کروڑوں محکوم اور مظلوم عوام کو امن آئین اور جمہور کا درس دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ نامعلوم عناصر کی تمام تر چیرہ دستیوں کے باوجود ملک کے استحکام وسلامتی کیلئے ہراول دستہ کردار ہمارا ہوگا۔

بقیہ 8

کے مطابق ہفتہ کو کولپور کے قریب ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایم ڈی سی سپروائزر غلام قادر مری کے والد سمیت دو افراد جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے ریسکیو حکام نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا جس میں ایک کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

بقیہ 9

بلوچستان ضلع کوہلو جمعیت علماء☐ اسلام کے ضلعی امیر مولانا امین مری نے کہا ہے کہ 11 مارچ کو اجلاس کے بعد تحصیل تمبو کا دورہ کیا ہے 13 کو دفتر کا افتتاح کیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ 21 مارچ کو پی ڈی ایم کے تحت ایک اہم میٹنگ کرینگے ہم پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جماعتوں سے رابطہ میں ہیں جلد تحریک میں تیزی لائینگے اور عوام کو موجودہ مہنگائی، لاقانونیت کوہلو میں تجاوزات کے نام پر ریڑھی بانوں کے ساتھ ناانصافی اور صحافی حضرات کے ہر مسائل کو پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے تحت اٹھائیں گے

بقیہ 10

کوسی ایم پیکج کے تحت فراہم کردہ اس کروڑ روپے کے رقم سے پلاننگ کے وقت شہر کے گنجان آبادی والے سڑکوں کو اپس میں ملانے کیلئے فلائی اوورز کا منصوبہ بنانا چاہیے تھا لیکن ہماری کمزور منصوبہ بندی کے تحت ایسا نہیں کیا گیا حالانکہ میڈیا رپورٹس میں بھی اس وقت اس مسئلے کی نشاندہی ہوئی تھی اب بھی صوبائی وزیر حاجی طور اتمانخیل شہر میں کوئٹہ کی طرح ماسٹر پلان کی منظوری کیلئے وزیر اعلیٰ سے خصوصی فنڈز کا بندوبست کرسکتے ہیں جس سے لورالائی میں ٹریفک کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہو سکتا ہے لورالائی شہر انیس سو تین میں ہزاروں نفوس کیلئے اس کی ڈیزائننگ کی گئی تھی لیکن اب ایک صدی سے زائد کا عرصہ گذرنے کے بعد اب ابادی میں لاکھوں کا اضافہ ہونے سے اب یہ شہر اتنا بڑا بوجھ ہرگز برداشت نہیں کرسکتا ہے جبکہ دوسرے جانب افغان مہاجرین کی لاکھوں کی ابادی کا بوجھ کے علاوہ ہزاروں گاڑیاں ایک سروے کے مطابق تین ہزار سے زائد غیر لائسنس موٹر سائیکل رکشے اور ہیوی ٹریفک کے ہوتے ہوئے ٹریفک کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے حکومت کو سر جوڑ کر پلاننگ کا سوچنا ہوگا اگر ایسا نہ کیا گیا تو آئندہ پانچ دس سالوں میں شہریوں کا پیدل چلنا مشکل ہو جائیگا اب بھی وقت ہے کہ سی ایم پیکج کے اس کروڑ روپے میں سے غیر عوامی منصوبہ نکال کر شہر میں فلائی اوور کا منصوبہ شامل کرکے اس عوامی نوعیت کے منصوبے کو شامل کرکے آئندہ آنے والے نسل کا خصوصی خیال رکھا جائے اس طرح سے شہر پر ٹریفک کا بوجھ بھی ہلکا ہو جائیگا اور شہر کی خوبصورتی میں بھی بے انتہا اضافہ ہو جائیگا عوامی حلقوں نے شہر کے دونوں جانب این ایچ اے کے چیئرمین و دیگر اعلیٰ احکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ژوب روڈ کی فوری تعمیر سمیت دیگر منصوبے بھی سست روی کا شکار ہیں بیرونی ٹریفک کے لیے مذکورہ بائی پاسز کو جلد تعمیر کیا جائے اس سے ایک تو شہر پر بھاری ٹریفک کا بوجھ مزید کم ہوگا اور دوسرے جانب ترقی کا ایک نیا سفر شروع ہو جائیگا لوگوں کی زمینیں مزید مہنگی اور شہر پر عوامی دباؤ میں بہت بڑی کمی آئیگی

بقیہ 11

باعث اسے دوبارہ اتارنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی اے کی پرواز پی کے 217 نے پشاور ایئر پورٹ پر ٹیکنیکل لینڈنگ کی، ذرائع کے مطابق طیارے کو پشاور ایئر پورٹ پر بحفاظت اتارا گیا۔ پرواز پشاور سے ابوظہبی جا رہی تھی، اڑان بھرنے کے فوراً بعد پرواز میں فنی خرابی آگئی جس پر کپتان نے کنٹرول ٹاور سے رابطہ کیا، ایئر پورٹ ذرائع نے بتایا کہ اجازت ملنے پر طیارے کو پشاور ایئر پورٹ پر دوبارہ بحفاظت اتار لیا گیا۔ ایئر پورٹ ذرائع نے بتایا کہ ایئر بس 320 کے پریشرائز سسٹم میں اچانک خرابی پیدا ہوگئی تھی، لینڈنگ کے بعد تمام مسافروں کو ایئر پورٹ لاونج منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 12

جماعتیں ایک دوسرے کے ساتھ مخلص نہیں ہے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں ہماری بات سو فیصد سچ ثابت ہوئی کیونکہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کا ایک دوسرے پر اعتماد نہیں ہے پی ڈی ایم کی جانب سے اسمبلیوں سے استعفیٰ اور لانگ مارچ کرنے سے حکومت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اپوزیشن پہلے بھی استعفوں کا ناٹک کرچکی ہے پی ڈی ایم کو 2023 کے عام انتخابات کا انتظار کرنا چاہیے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ 2023 تک جنوری فروری مارچ آتے رہیں گے، حکومت قائم رہے گی، پی ڈی ایم کے استعفوں سے حکومت نہیں ان کی اپنی اسمبلی رکنیت ختم ہوگی انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان شفاف اور بلا تفریق احتساب سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، موجودہ حکومت ملک میں شفافیت اور میرٹ کو حقیقی معنوں میں یقینی بنا رہی ہے، ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کی ذمہ داری حکومت ہر صورت پوری کرے گی انہوں نے کہا کہ عوام اپوزیشن نہیں حکومت کے ملکی ترقی کے بیانیے کے ساتھ کھڑی ہے، پاکستان آج کامیابی سے آگے بڑھ رہا ہے جو مخالفین کو برداشت نہیں ہو رہا انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خاتمے اور شفاف احتساب پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیراعظم عمران خان استعفیٰ دیں گے نہ ہی 2023 سے پہلے الیکشن ہوں گے، پی ڈی ایم کا ایجنڈا ملکی و قومی مفادات کا تحفظ نہیں صرف اپنا بچاو ہے، اپوزیشن کے اجتماعی استعفوں اور لانگ مارچ سے حکومت کسی صورت خوفزدہ نہیں ہوگی یہ لوگ جلسے جلوس لانگ مارچ اور اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کا شوق پورا کرلیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی سیاست اپنی آخری سانسیں لے رہی تھی جو کہ کل سینیٹ کے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب کے بعد اب مکمل طور پر دفن ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ کیا یہ کھلا تضاد نہیں کہ اگر اپوزیشن جیت جائے تو جمہوریت ہے اور حکومت جیت جائے تو یہ سلیکشن ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے

بقیہ 13

سے 80 ہزار چوری کر لئے گئے جبکہ معروف اساتذہ رہنما اپنی موٹر سائیکل سے محروم، چور پولیس کے نوشکی افسران کی کارکردگی کی قلعی کھول کر یہ جا وہ جا چھلاوا بن گئے تفصیلات کے مطابق لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں چوری کی پے درپے وارداتوں نے شہریوں میں خوف کی فضا پیدا کردی ہے۔ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب مین قومی شاہراہ پر واقع پرویز نامی شخص کی آٹوز کی دکان کے روشن دان سے داخل ہوکر نامعلوم چور 80 ہزار روپے شناختی کارڈ، ATM کارڈ لے کر با آسانی فرار ہوگئے جبکہ دوسرے روز اسی دکان سے چند گز کے فاصلے پر واقع المصطفیٰ ہوٹل کے سامنے سے معروف اساتذہ رہنما کی موٹر سائیکل نامعلوم چور لے اڑے ہنوز پولیس نامعلوم چوروں کو گرفتار نہ کر سکی عوامی حلقوں نے پولیس کے ارباب حل وعقد سے صدر مقام اوتھل میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا فوری نوٹس لینے اور اوتھل جیسے اہم علاقے میں تجربہ کار پولیس افسران تعینات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس سربراہ کی کارکردگی سے بھی عوام سخت نالاں ہیں۔

بقیہ 14

کرلی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے صدر سردار اختر مینگل کی جانب سے سینیٹ انتخابات میں امیدوار کی شکست پر قائم کمیٹی نے اپنی رپورٹ مرکزی صدر کو بھجوادی۔ بی این پی ذرائع کے مطابق رپورٹ میں امیدوار کے ہار کی وجوہات بیان کی گئی ہیں۔ جلد رپورٹ کو پبلک بھی کیا جائے گا۔

بقیہ 15

دھاڑے ڈاکوؤں نے ایک دکان کو لوٹ کر با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ جس پر تاجر برادری مشتعل ہوگئی اور اپنی دکانیں بند کرکے ساقی چوک پر دھرنا دے دیا۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ سبی شہر گزشتہ دو ماہ سے ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہے۔ ڈاکو دیدہ دلیری سے دوکانداروں کو لوٹ کر با آسانی سے فرار ہو جاتے ہیں۔ پولیس واقع پر پہنچ کر خانہ پوری کرکے چلی جاتی ہیں۔ گزرشتہ روز کی طرح آج ایک بار پھر دکاندار کو اسلحہ کی زور پر ڈاکو لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ متاثرہ دکاندار کا کہنا تھا کہ ڈاکو موٹر سائیکل پر آئے تھے اور اسلحہ دکھا کر نقدی اور سامان لوٹ کر فرار ہوگئے؟ واضح رہے کہ سبی شہر تقریبا پچھلے دو ماہ سے ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہے۔ آج ہونے والے واقع کے بعد تاجروں نے اپنا کاروبار بند کرکے احتجاج شروع کردیا۔ تاجروں نے ساقی چوک پر دھرنا دیا۔ دھرنے میں دوکانداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ واقع کی اطلاع ملنے پر سیاسی وسماجی تنظیموں کے سربراہان بھی تاجروں کی حمایت میں پہنچ گئے؟۔ دھرنے میں پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔ احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے؟ تاجر برادری نے کہا ہے کہ پولیس تاجروں کو تحفظ نہیں دے رہی۔ گزرشتہ دو ماہ سے تاجران کو لوٹنے کا سلسلہ جاری ہے اور پولیس خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ تاجران نے کہا ہے کہ پولیس اتنی بے بس ہوگئی ہے کہ ڈاکو دن دیہاڑے دکان میں گھس کر اسلحہ کے زور پر لوٹ کر چلے جاتے ہیں اور انتظامیہ صرف فنگر پرنٹس اور معلومات لیکر چلی جاتی ہے۔ تاجروں نے مزید کہا ہے کہ جب تک چوروں کو گرفتار نہیں کیا جاتا تو کاروبار بند رکھا جائے گا اور دھرنا جاری رہے گا۔ تاجر برادری نے انجمن تاجران کے خلاف بھی نعرے بازی کی اور کہا کہ ہمیں انجمن تاجران پر کوئی بھروسہ نہیں ہے لہذا آج کے بعد ہمارا انجمن تاجران کے یونین سے کوئی تعلق نہیں ہے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سبی رینج سید فدا حسن شاہ کا کہنا تھا کہ شہر کو ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑیں گے بہت جلد چوروں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچا؟ گ ؟ انہوں نے کہا کہ پولیس کا کام عوام کی جان ومال کی حفاظت کرنا ہے تاجروں کی حفاظت ہمارا فرض ہے کسی صورت تاجروں کو لوٹنے نہیں دینگے بہت جلد چوروں سمیت لوٹا ہوا سامان برآمد کریں گے

بقیہ 16

عبدالرحیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک کو رواں دواں کرنے کے لیے اقدامات کیا جائیں تاکہ لوگوں کو آمدرفت میں دوشواری نہ ہو لوگ دور دور سے شاپنگ کرنے مارکیٹس آتے ہیں اور پیدل کافی مشکلات ہوتا ہے ٹریفک رواں دواں ہوں اور لوگ گاڑیوں سے اتر کر سامان خریدنے کے لئے مارکیٹس جاسکے پچھلے سال بھی عبدالستار روڈ پر مین روڈ دونوں اطراف بیریئر لگائی گئے تھی جس کو تاجر برادری نے مسترد کیا اس طرح کے تجربات کو ہم نہیں مانتے جس سے کاروباری طبقہ کو نقصان ہو کاروباری لوگ لاکھوں روپیہ کرایہ کی مد میں دیتی ہے اگر روڈ پر ٹریفک بند کیا گیا تو تمام مارکیٹس اور کاروباری لوگ متاثر ہوں گے اور ان کے دوکانوں میں سامان خریدنے کون اے گا ہمارا مطالبہ ہے کہ روڈ پر ٹریفک کھڑا کرنے کی اجازت نہ دی جائے اور ٹریفک کو معمول کے مطابق چلنا چاہیے حکومت کو چاہیے کہ پارکنگ پلازوں کا کام جلد سے جلد مکمل کروائے تاکہ لوگ اپنے گاڑوں کو وہاں کھڑا کرسکے اور لوگوں کو اسانی ہو پارکنگ اور ٹریفک کے مسائل بھی حل ہو اس موقع پر مظاہرہ سے اے ایس پی زوہیب ڈی اس پی شفقت جنجوعہ نے خطاب کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ روڈ کو کھولا جائے اور احتجاج ختم کیا جائے ہفتہ اور اتوار کو چھٹی ہے اور سوموار کو کمشنر کوئٹہ کے ساتھ میٹنگ کیا جائے گا اور اس مسئلہ کو حل کیا جائے گا اسی کی یقین دہانی کے بعد مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر نے احتجاج اور مظاہرہ کو ختم کرنے کا اعلان کیا دریں اثناء گزشتہ روز کچلاک میں قبائلی معتبر ملک عبدالولی کاکڑ کے ساتھ پیش انے والے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے بلوچستان قبائلی صوبہ ہے اسطرح کی واقعہ برداشت نہیں کی جائیگی اور ناجائز تجاوزات کے نام پر تاجروں کو تنگ کرتے ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہے۔

بقیہ 17

کے لیے ہے پارلیمنٹ غلاموں کی منڈی ہے جہاں جھوٹ اور فریب سے تجارت کی جاتی ہے مولانا محمد خان شیرانی نے کہا کہ پاکستان سمیت پوری دنیا پر اقوام متحدہ کی اجارہ داری ہے کوئی بھی ملک حقیقی معنوں میں خود ارادیت کا حامل نہیں خطے کے مالک انگریز سامراج ہے اقوام متحدہ کے یو این چارٹر سے نکل کر کوئی بھی ملک قانون سازی بھی نہیں کرسکتا تو یہ کیسی خودمختاری ہے مولانا فضل الرحمن جماعت پر اپنی اجارہ داری قائم رکھنا چاہتے ہیں ہم نے یو آئی ف کا کبھی حصہ نہیں رہے تو ہمیں جے یو آئی ف سے نکالنے کا کوئی جواز نہیں ہم اپنے اکابرین کے نظریات اور افکار پر کاربند رہتے ہوئے جمعیت علماء☐ اسلام پاکستان کا حصہ ہیں جھوٹ مکروفریب کی سیاست کرنے والوں کے نہ ساتھی ہیں نہ ہی ایسی سیاست کے حامی ہیں۔

بقیہ 18

شاہراہ پر گامزن اور آئین کی بالادستی قائم ہو جائیگی لانگ مارچ ہر صورت ہوگا انہوں نے کہ ہماری کسی ادارے سے ذاتی لڑائی نہیں ہے ہم صرف آئین پر عمل درآمد کی بات کرتے ہیں پاکستان میں تمام پانچ اکائیاں بلوچ سندھی پشتون اور سرائیکی کے حقوق تسلیم کیئے جائیں تو لڑائی خود بخود ختم ہو جائیگی انہوں نے کہا کہ ملک میں آقا اور غلام کی تفریق اب ختم ہونی چاہیے ہم اب مزید غلاموں کی حیثیت سے نہیں رہ سکتے انسانی برابری کے بنیاد پر تمام انسانوں کے حقوق برابر ہیں انہوں نے کہا کہ پشتون قوم کو جان بوجھ کر دہشت گرد کے روپ میں پیش کیا جارہا ہے ملک کی آزادی تعمیر وترقی میں پشتونوں کی لازوال قربانیاں ہیں جنھیں کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا انہوں نے کہا کہ افغانستان میں چالیس سال سے بے گناہ افغانوں کا ناحق خون بہایا گیا اور ملک و ملت کو تباہی سے دو چار کیا گیا خون کی ہولی کھیلی گئی اب مزید خون بہانے کی کسی طاقت کو اجازت نہیں دے سکتے انہوں نے کہا کہ پشتونوں کی بہنوں ماؤں اور بیٹیوں کی عزتیں نیلام کی گئی جسکی تاریخ میں مثال نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ پشتون خواہ میپ کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے انہوں نے کہا کہ عمران خان کی حکومت نے عوام سے جینے کا حق چھین لیا ہے ہیں ظالم مہنگائی کے ہاتھوں عوام زندگی سے تنگ ہیں ملک میں بجلی گیس پیٹرولیم مصنوعات میں ہر ماہ تین مرتبہ اضافہ عوام کے ساتھ ناانصافی اور ظلم کے مترادف ہے ملک میں آئین و قانون کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی پی ڈی ایم کا آخری وقت تک بھرپور ساتھ دیگی ملک میں جمہوریت کو ہر حال میں بحال کرائے گے پی ڈی ایم سلیکٹڈ حکومت کے خاتمے تک ہر سطح پر اپنا جمہوری حق کو استعمال کریگی انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم عوام کی ترجمانی کا حق ادا کر رہی ہے ہم میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور نہ ہی سازشوں کے ذریعے کوئی پی ڈی ایم میں اختلاف پیدا کرسکتا ہے اس نااہل حکومت کے جانے تک عوام مسائل کا شکار ہیں گے انہوں نے کہا کہ ملک کو مسائل سے نکالنے کیلئے عمران خان سے جان چھڑانا ہوگا اسکے بغیر ملک اور عوام کا کائی مستقبل نہیں ہے جمہوری حکمرانی قائم کرنے کیلئے پوری قوم کی نظریں پی ڈی ایم کے جانب ہیں ہم انشاء اللہ انکے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے انہوں نے کہا کہ ملک میں ازادانہ اور غیر جانبدارانہ الیکشن کے سوا ملک تباہی کے ڈگر پر رہیگا انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم قوم کیلئے امید کی آخری کرن ثابت ہورہی ہے ووٹ کو اہمیت دینی ہوگی طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں انھیں فیصلوں میں شامل کیئے بغیر ملک اور ہمارا وطن ترقی نہیں کرسکا انہوں نے کہا کہ ہم ملک میں ائین کی حکمرانی کی بات کرتے ہیں تو ہم پر ملک دشمن کا لیبل لگا دیا جاتا ہے اس روش کو ختم ہونا چاہیے ہماری فوج سمیت کسی بھی ادارے سے کوئی ذاتی عداوت یا لڑائی نہیں ہے لیکن ہر ادارے کو اپنے ائینی حدود میں رہ کر اپنی ذمہ داری ادا کرنی ہوگی آئمیں کونسی بات آئین کے خلاف اور ملک دشمنی کی ہے آج ہماری عدلیہ اور میڈیا کی ازادی کو سلب کرنے کی کوششیں جاری ہیں جوکہ نیک شگون نہیں ہم اپنی آزادی حقوق خودمختیاری کیلئے جدوجہد کررہے ہیں ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنادینگے۔

بقیہ 19

بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ میں قبائلی وسیاسی رہنماء حاجی محمود خان مہمند کی اپنے قبیلے کے افراد کے ہمراہ مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ملک ظاہر کاکڑ، نصیر خان اچکزئی، حیدر اچکزئی، جاوید اعوان، نثار خان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ایک بار پھر تاریخ کے مشکل دور سے گزر رہی ہے حکومت وقت سے اپنے تمام تر وسائل اور طاقت مسلم لیگ (ن) اور اپوزیشن کو زیر کرنے میں صرف کردی ہے لیکن حکومت کو یہ معلوم نہیں ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو اسکے قیام کے سے لیکر آج تک ختم کرنے کی تمام کوششیں ناکام ہوئی ہیں اور آئندہ بھی ناکام ہونگی مسلم لیگ (ن) پیراشوٹ نہیں بلکہ عوام کے دلوں میں بسنے والی جماعت ہے ہماری جڑیں عوام سے ہیں اور عوام کی طاقت کو نہ کبھی خاموش کروایا جاسکا اور نہ ہی ختم کیا جاسکا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان تاریخ کے مشکل دور سے گزر رہا ہے گزشتہ دور حکومت میں میاں نواز شریف کی قیادت میں سی پیک سمیت دیگر میگا منصوبوں کی داغ بیل ڈالی گئی ہونا یہ چاہیے تھا کہ وہ منصوبے آج مکمل ہوتے اور حکومت نئے میگا منصوبے شروع کرتی مگر اس کے برعکس آج سی پیک منصوبے کی رفتار کم کردی گئی ہے، تین سال ہونے کو ہیں حکومت نے کوئی میگا تو کیا چھوٹا منصوبہ بھی شروع نہیں کیا تبدیلی کے بڑے بڑے دعوے کرنے والے حکمران آج عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، معیشت کی تباہ حالی اور بدامنی کے دلدل میں جھونک چکے ہیں اگر موجودہ حکومت مزید چلی تو ملکی سالمیت داؤ پر لگ جائیگی انہوں نے کہا کہ آج عوام کو نواز شریف کا سنہرا دور یاد آرہا ہے کہ جب ملکی معیشت بہتری کی راہ پر گامزن تھی، مہنگائی کا جن قابو میں تھا عوام خوشحالی کی طرف جارہے تھے، میگا منصوبے، موٹروے بن رہے تھے آج عوام ایک بار پھر اپنے مسائل کا حل مسلم لیگ (ن) کی شکل میں دیکھ رہے ہیں اور پارٹی نے نہ پہلے کبھی عوام کو مایوس کیا اور نہ ہی مستقبل میں مایوس کریں گے 26 مارچ کو شروع ہونے والے لانگ مارچ حکومت کے خاتمے کی نوید لیکر آئیگا۔ اس موقع پر حاجی محمود خان مہمند نے اپنے قبیلے کے افراد کے ہمراہ مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تمام تر توانائیاں پارٹی کو فعال کرنے میں صرف کریں اور مسلم لیگ (ن) اور میاں نواز شریف کا پیغام گھر گھر عام کریں گے

بقیہ 20

اجلاس 17 مارچ صبح 10 بجے کوئٹہ میں طلب کیا گیا ہے اجلاس میں تنظیمی امور، سیاسی صورتحال اور پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے لانگ مارچ کے تیاری اور شرکت کے حوالے سے فیصلے ہونگے۔ اعلامیہ میں تمام ممبران مرکزی کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی شرکت کو وقت پر یقینی بنائیں۔

بقیہ 21

زائد عمر کے افراد کو کورونا ویکسین لگانے کا عمل ہفتہ کو بھی جاری رہا، ایک ہزار 566 بزرگ افراد کو ویکسین لگائی جاچکی ہے۔ ڈسٹرک ہیلتھ سروسز کے مطابق 12 مارچ کو اسلام آباد کے ویکسی نیشن مراکز میں 396 بزرگ افراد کو کورونا ویکسین لگائی گئی۔ ڈسٹرک ہیلتھ سروسز کے مطابق سب سے زیادہ بزرگ افراد کو پولی کلینک میں ویکسین لگائی گئی جہاں 12 مارچ کو 60 سال سے زائد عمر کے 115 افراد کو ویکسین لگائی گئی تھی۔ علاوہ ازیں پمز ہسپتال میں 12 مارچ کو 39 سینئر سٹیزین کی ویکسی نیشن کی گئی مجموعی طور پر 3 دن کے اندر ایک ہزار 566 عام سینئر سٹیزن کو کورونا ویکسین کی پہلی ڈوز لگائی گئی۔

بقیہ 22

بلوچستان کی سیاسی قومی معاشی فکری ترجمانی کر رہی ہے اکیسویں صدی میں بلوچستان کی دوررفتہ دیگر علاقے تو ویسے بھی حکومتی توجہ سے محروم کوئٹہ سریاب کی حالات زار بھی پتھر کے زمانے جیسی نظر آرہی ہے بی این پی شروع دن سے بلوچستان کی محکومی زبوں حالی پسماندگی عدم مساوات معاشی استحصال سیاسی تسلط پسندی کیخلاف قربانی سے عبارت تحریک کا حصہ ہے ان حالات کا مقابلہ مسلسل سخت حالات سے گزر کر رہی ہے یہاں دائمی جمہوریت ہے بلکہ سول کرفیو جیسی صورتحال کے تحت بلوچستان کو چلایا جارہا ہے اور ستر سالوں سے بلوچستان کو حقوق میسر نہیں جس پر غیر سیاسی قوتوں کو غیر جمہوری طریقے سے بلوچستان کے اوپر مسلط کیا جاچکا ہے جس سے بلوچستان کے بنیادی قومی حقوق سلب ہیں نمائندگان کو عوامی خدمات کیلئے حاصل محدود مواقع پر بھی دسترس حاصل نہیں اسمبلی فلور پر چھ نکات سے لیکر بلوچستان میں کوئی ایسا ایشو نہیں جس پر بی این پی کے پارلیمانی اراکین لب کشائی نہ کی ہو کیونکہ اسمبلی اجلاس کی شروع بھی ہمارے اراکین کی تلخ بحث ہوکر اختتام بھی ان ہی پر ہوتا ہے اسمبلی کو میدان جنگ بنا کے رکھ دیا ہے لیکن سلیکٹڈ اور قومی سوچ وژن سے محروم قوتوں کو ربڑ اسٹیمپ بنا کر طاقتور قوتوں کے اشاروں پر استعمال کیا جارہا ہے بی این پی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کریگی اور نہ ہی عوامی حقوق کا سودا کیا ہے بلکہ اسمبلی کے اندر اور باہر پارلیمانی نمائندوں نے ناانصافیوں کیخلاف بھرپور احتجاج کیا ہے اجلاس میں ڈاکٹر علی احمد قمرانی کی قیادت میں رضا جان شاہیزئی ورئیس رزاق پر مشتمل الیکشن کمیٹی تشکیل دی گئی

بقیہ 23

صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے کی صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی وصوبائی سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، فقیر خوشحال کاسی، ضلعی ایگزیکٹوز وضلعی کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں 26 مارچ اسلام آباد لانگ مارچ کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور کارکنوں کو بہتر تیاری کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں کمیٹیاں تشکیل دی گئی اور متعدد فیصلے کیئے گئے۔ اجلاس سے عبدالرحیم زیارتوال، نصراللہ خان زیرے نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی تمام سیاسی جمہوری جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے نام سے تحریک کا آغاز کیا گیا اس تحریک نے ملک کے ہر صوبے اور اس کے دارالحکومتوں اور ہر ہیڈ کوارٹر میں شاندار اور عظیم الشان عوامی جلسوں کا انعقاد کیا گیا جس میں عوام کی لاکھوں کی تعداد میں شرکت نے موجودہ سلیکٹڈ حکمرانوں کے خلاف اپنی بیزاری پر مہر تصدیق ثبت کی۔ پی ڈی ایم کا 26 نکاتی اعلامیہ ملک اور اس کے 22 کروڑ عوام کو نااہل، سلیکٹڈ، ناکام اور ناتجربہ کار حکمرانوں سے نجات کا ذریعہ ہے اور ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے بانی خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے اس ملک کے عوام کو ون مین ون ووٹ کے حصول کیلئے سب سے پہلے نہ صرف آواز بلند کی بلکہ اس کے حصول کیلئے تاریخی جدوجہد کرتے ہوئے اپنے پیاروں کی شہادت اور جنازے اٹھائیں اور آئین وقانون کی حکمرانی، پارلیمنٹ کی سپرمیسی، قوموں کی برابری، جمہوریت کے قیام، بنیادی اصولوں کی راہ اپنائی۔ انہوں نے کہا کہ 2018 کے عام انتخابات کے دوران تاریخ کی بدترین دھاندلی کے ذریعے سلیکٹڈ حکومت کو قائم عمل میں لایا گیا جس نے اپنی نااہلی اور ناتجربہ کاری، کرپشن وکمیشن کی غرض سے ملک کو اپنی تاریخ کے بدترین بحرانوں میں دھکیل دیا آج ملک کے 22 کروڑ عوام امن وامان، مہنگائی، بیروزگاری ودیگر سنگین مسائل سے دوچار ہیں اور ان کا مطالبہ ہے کہ ملک میں صاف شفاف غیر جانبدارانہ انتخابات ہو۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آج ملکی سیاسی جمہوری جماعتوں کے واحد پلیٹ فارم پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ اپنی شروع کردہ جدوجہد کے اہم مرحلے میں ہیں اور پی ڈی ایم نے سلیکٹر اور سلیکٹڈ حکومت کے حوالے سے جو شعور عوام کو دیا اس کے بدولت عوام مکمل طور پر آگاہ ہوچکے ہیں۔ 26 مارچ کو اسلام آباد لانگ مارچ کی روانگی ہوگی اور پشتونخوا میپ کے کارکنان اپنے پارٹی کے چیئرمین پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے نائب صدر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں اسلام آباد کی جانب قافلوں کی شکل میں روانہ ہونگے۔ پارٹی کے تمام کارکنان اپنی صفوں میں نظم وضبط رکھتے ہوئے لانگ مارچ کی بھرپور تیاری کریں۔

بقیہ 24

پارٹی نوکنڈی، خان پینل سمیت مختلف طبقہ فکر نے کار ریلی نکالی۔ کار ریلی بلوچستان عوامی پارٹی نوکنڈی کے آفس سے نکالی گئی اور قومی شاہراہ سمیت شہر کے مختلف گلی کوچوں سے ہوتی ہوئی واپس بازار میں بی اے پی آفس کے سامنے عوامی مجمع کی شکل اختیار کی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر سینیٹ چیئرمین حاجی محمد صادق خان سنجرانی، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، بی اے پی رخشان ڈویژن کے ڈویژنل آرگنائزر و سابق معاون خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر اعجاز خان سنجرانی اور بی اے پی کے دیگر قائدین کے تصاویر نمایاں تھے شرکاء سے خان پینل کے رہنما حاجی ملک محمد اشرف حسن زئی، سردار حاجی امان اللہ کبدانی، بی اے پی کے تحصیل صدر حاجی سید تاج شاہ سید کلانی اور جنرل سیکرٹری بلال شہزاد بربانزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حاجی محمد صادق خان سنجرانی کی دوسری مرتبہ بطور چیئرمین منتخب ہونے سے چاغی اور بلوچستان میں ترقی کا دور شروع ہوگا جبکہ جاری منصوبے بھی مکمل ہوں گے اور نئے منصوبوں کی منظوری سے ترقی کا نیا دور شروع ہوگا انہوں نے کہا چیئرمین سینیٹ حاجی محمد صادق خان سنجرانی کی کامیابی سے حق وسچ کی جیت اور پی ڈی ایم کی بیانیے کو شکست ہوئی ہے مقررین کا کہنا تھا کہ اگر پی ڈی ایم والے جیت جائے تو سب کچھ ٹھیک اگر ہار جائے تو جمہوریت کی ہار ہے۔ انہوں نے کہا حاجی محمد صادق خان سنجرانی نے تین سالوں میں بہترین انداز میں ایوان کو چلا کر ملکی مفاد میں آئین سازی کی۔ مقررین نے اپنی خطاب میں حاجی محمد صادق خان سنجرانی کو چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے عمران خان اور دیگر سینیٹرز کا بھی شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ 25

ایم ذرائع کا کہنا ہے کہ ساتوں سینیٹرز نے جان بوجھ کر نام پر مہر لگائی تھی۔ ذرائع کے مطابق پی پی پی اور پی ڈی ایم کے جن 7 سینیٹرز کے ووٹ مسترد ہوئے ان پر پہلے سے شبہ تھا۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) ذرائع کا کہنا ہے کہ ان 7 ارکان کو کہا گیا تھا کہ گیلانی کے نام پر مہر لگائیں تاکہ ثابت ہو انہوں نے پی ڈی ایم کو ہی ووٹ ڈالا۔ خیال رہے کہ پارلیمان کے ایوان بالا میں حکمران اتحاد کے مقابلے میں اپوزیشن کے سینیٹرز کی تعداد زیادہ ہے تاہم اس کے باوجود اپوزیشن امیدوار یوسف رضا گیلانی الیکشن ہار گئے۔ سینیٹ میں حکمران اتحاد کے ارکان کی تعداد 47 تھی جبکہ اس کے حمایت یافتہ امیدوار بلوچستان عوامی پارٹی کے صادق سنجرانی 48 ووٹ لے کامیاب ٹھہرے۔ چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں مہر درست انداز میں نہ لگانے والے ارکان نے بھی ڈپٹی چیئرمین کے الیکشن میں اپنی غلطی نہ دہرائی، اس بار کوئی ووٹ مسترد نہیں ہوا اس کے بعد یہ سوال پیدا ہورہا ہے کہ کیا چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں اپوزیشن کے 7 ارکان کے ووٹ دانستہ طور پر مسترد کرائے گئے؟ اور کیا حزب اختلاف ان 7 ارکان کو اپنی صفوں میں تلاش کرلے گی؟۔

بقیہ 26

فلائٹ اٹینڈنٹ کی بچے کو چپ کرانے کی تصاویر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر پاکستان کی سرکاری ایئرلائن (پی آئی اے) کے ہیڈ پرسر (چیف فلائٹ اٹینڈنٹ) کی تصاویر سامنے آئی ہیں جو دوران پرواز روتے ہوئے بچے کو سینے سے لگا کر چپ کرا رہا ہے ہیں۔ پاکستانی گلوکار و اداکار فخر عالم نے ٹوئٹر پر ایک پوسٹ شیئر کی اور بتایا کہ ان کے دوست پی آئی کی اسلام آباد سے کراچی کی پرواز میں سوار تھے اور انہوں نے یہ تصاویر مجھ سے شیئر کیں۔ فخر عالم نے بتایا کہ اس پرواز میں ایک بچہ بہت رو رہا تھا جس کی والدہ بہت پریشان ہوگئی تھی اور ان سے بچہ نہیں سنبھل رہا تھا۔ بعدازاں پرواز کے ہیڈ پرسر (چیف فلائٹ اٹینڈنٹ) توحید نے بچے کو سلانے میں خاتون کی مدد کی۔ سوشل میڈیا پر چیف فلائٹ اٹینڈنٹ توحید کے اس رحم دلانہ قدم کی خوب تعریف کی جارہی ہے اور ان کے اس مثبت عمل کو سراہا گیا۔

بقیہ 27

م آباد میں عالمی وبا کورونا وائرس کے کیسز میں اضافہ ہوگیا ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر (ڈی ایچ او) کے مطابق شہر میں کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد 47 ہزار 365 ہے۔ اسلام آباد میں کورونا کے 402 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ ڈی ایچ او نے کہا کہ اسلام آباد میں کورونا مثبت کیسز کی شرح 6 فیصد سے زائد ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں کورونا سے گزشتہ 24 گھنٹوں میں 2 افراد جاں بحق ہوئے، اسلام آباد میں اب تک 522 افراد کورونا سے جاں بحق ہوچکے ہیں۔

بقیہ 28

سینٹر (این سی او سی) کے سربراہ اور وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کورونا کی پیدا ہوتی خطرناک صورتحال سے متعلق خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں کورونا کی تیسری لہر کا آغاز ہوچکا ہے، اس وقت نصف سے زائد کیسز برطانیہ سے آئے ہوئے وائرس کے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ برطانیہ سے آیا ہوا وائرس تیزی سے پھیلتا ہے، اس سے اموات بھی زیادہ ہوتی ہیں، بھارت اور بنگلہ دیش سمیت خطے میں کورونا کیسز میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جو ویکسین لگانا چاہیے گا حکومت پاکستان اسے مفت ویکسین فراہم کرے گی، رواں سال کے آخر تک ویکسین لگانے کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 29

حسین شاہ نے اپوزیشن کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارلیمان کی کارروائی عدالت میں چیلنج نہیں ہوسکتی، پی ڈی ایم کے سات ارکان نے جان بوجھ کر سات ووٹ ضائع کیے ہیں۔ ایک انٹرویو میں مظفر حسین شاہ نے کہا کہ سات کے سات بیلٹ پیپر پر ایک ہی طرز پر اسٹیمپ لگے ہوئے تھے، عبدالحفیظ شیخ اور سندھ میں صدرالدین شاہ راشدی کے ووٹ اسی بنیاد پر مسترد کئے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سات ووٹ کی چوری اپوزیشن کے اپنے گھر سے ہوئی ہے، اب اپوزیشن خود تحقیقات کرے کہ وہ چوری کن ارکان نے کی ہے، میرے اوپر تنقید بلاوجہ ہے۔ مظفر حسین شاہ نے کہا کہ ماضی میں صدر نے اسحاق ڈار اور سردار یعقوب ناصر کو بھی پریزائیڈنگ افسر مقرر کیا تھا، اپوزیشن کو تفصیلی سن کر اپنا فیصلہ دیا۔

بقیہ 30

مہنگائی حکومتی بے حسی کے خلاف آج ڈیرہ اللہ یار میں عوامی مہم کا آغاز کریگی۔ سینیٹر سراج الحق خصوصی خطاب کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ اللہ یار میں آج منعقدہ جماعت اسلامی کے عوامی جلسہ گاہ کے دورے کے دوران صحافیوں و کارکنان اور ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر نائب امراء صوبہ بشیر احمد ماندائی، حافظ محمد اسماعیل مینگل، انجینیر عبدالمجید بادینی، خداند بخش مینگل ودیگر ذمہ داران بھی تھے مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے حکومت و اپوزیشن کی بدعنوانی سے ہٹ کر عوامی حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کا فیصلہ کیا ہے جماعت اسلامی اپنے نشان پرچم وایجنڈے کے تحت الیکشن میں حصہ لیں گے عوامی مسائل کو جماعت اسلامی اجاگر کر رہی ہے انشاء اللہ حقیقی تبدیلی جماعت اسلامی لا کر ملک میں حقیقی مدینہ کی ریاست قائم کر یگی۔ عوام بلوچستان کو ریگستان بنانے والوں کے خلاف متحد ہوکر جماعت اسلامی کا ساتھ دیں بدقسمتی سے بلوچستان میں نسل درنسل بدعنوان عناصر عوام پر مختلف ناجائز طریقوں سے مسلط ہوجاتے ہیں جمہوریت بھی یرغمال، پارٹیاں بھی یرغمال اور جمہوریت کا فقدان ہے۔ عوامی مسائل صرف جماعت اسلامی حل کرسکتی ہے جماعت اسلامی بدعنوانی سے پاک ہے انشاء اللہ ملک کو اسلامی بنا کر بلوچستان کو خوشحال بنائیں گے بدعنوان عناصر، مرکز وصوبے کی حکومتوں وحکمرانوں کی غفلت وکوتاہی کی وجہ سے آج بلوچستان ویران، ریگستان بنا ہوا ہے عوام کو دو وقت کا کھانا میسر ہے جبکہ دوسری طرف صرف لٹیرے مالامال ہورہے ہے عوام کا کوئی پوچھنے والا نہیں جماعت اسلامی ہی عوام کا آخری آسرارہ گیا ہے

بقیہ 31

بلوچستان کی احساس محرومی دور کرنا ایک بہ قانون سازی کرنا موجودہ سٹیپ سے قبل از وقت امید رکھنا اچھی نہیں کیونکہ صادق سنجرانی سمیت دیگر اس سے بھی قدر اور شخصیات بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہوئے ہیں لیکن بلوچستان کی احساس محرومی دور نہیں ہوسکا ہے اس سے قبل مولانا عبدالغفور حیدری، ظفر اللہ خان جمالی، عبدالقادر بلوچ، رحمت اللہ کاکڑ بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہوا صادق سنجرانی کے دوسرے مرتبہ چیئرمین ہونا اچھی بات ضرور ہے لیکن صرف اہل بلوچستانی چیئرمین بننے سے نہیں بلکہ عملی اقدامات کرکے ان کے احساس محرومی دور کرنا لازمی ہیں، انہوں نے کہا کہ دوسرا اہم بات یہ ہے کہ ہم سینیٹرز منتخب کرتے ہیں تاکہ قانون سازی کرین اور نااہل لوگوں کو اقتدار سے قانون کے ذریعے دور کیا جاسکے بدقسمتی سے ہمارے قانون سازی کرنے والے خود نااہل ہیں وہ ووٹ کے صحیح استعمال نہیں کرسکتی ہیں تو قانون کی صحیح سازی کیسی کرسکتی ہیں یا تو اہل ہے مگر دال میں کچھ کالا ہے تو یہ بھی سینٹروں کیلئے نااہلیت کے واضح مثال ہے دریں اثناء جمعیت علماء اسلام (س) کے صوبائی سرپرست اعلیٰ مولانا عبدالحلیم مدنی کے صاحبزادہ مولانا حافظ محمد رفیق کے دستار بندی کے موقع پر مبارکبادی کیلئے آنے والوں سے مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا عبدالحلیم مدنی نے کہا کہ مولانا سمیع الحق شہید کے جامعہ دارالعلوم حقانیہ دنیا کے سب سے بڑی دینی درسگاہ ہے جہاں ہزاروں افراد زیر تعلیم ہیں جن میں حالیہ حدیث کے 18 سو طلباء کی دستار بندی کی گئی مولانا سمیع الحق شہید کے حقانیت کے لئے یہ بھی کافی ہیں کہ دنیا بھر میں ثانی دارالعلوم دیوبند کہا جاتا ہے پاکستان کے نامور علماء اکثریت اسی مدرسے سے فارغ تحصیل ہوا ہے۔

بقیہ 32

آگاہی ہونی چاہیے۔ سربراہ پاک فضائیہ نے 54 ویں کمبیٹ کمانڈرز کورس کی گریجویشن تقریب سے خطاب میں کہا کہ دور حاضر کی حربی کامیابی، موثر جنگی بصارت اور فیوژن پر منحصر ہے، ایئر پاور سینٹر آف ایکسیلنس اور کمبیٹ کمانڈرز اسکول مستقبل کی عسکری قیادت کی تربیت کے لیے بہترین اقدامات اٹھا رہے ہیں، دشمن کی حربی قوت کا مکمل ادراک اور اس کی چالوں سے مکمل آگاہی ہونی چاہیے۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق سربراہ پاک فضائیہ نے کورس کے گریجویٹ ہونے والے افسران کو ٹرافی اور اسناد سے نوازا، کمبیٹ پائلٹس کی چیف آف دی ایئر اسٹاف ٹرافی ونگ کمانڈر وحید ظفر نے حاصل کی۔ کمبیٹ کنٹرولرز کی ایئر آفیسر کمانڈنگ ایئر ڈیفنس کمانڈ ٹرافی سکواڈرن لیڈر علی احمد نے حاصل کی۔

بقیہ 33

نہیں، یہ صرف بغض عمران خان میں اکٹھے ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا کہ جو لوگ لوٹ کے مال کو بچانے کیلئے اکٹھے ہوتے ہیں آخر میں آپس میں لڑ ہی پڑتے ہیں اور پی ڈی ایم نے ایک دوسرے کیساتھ یہی کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی آپس میں کوئی محبت نہیں، نہ نظریہ اور نہ ہی کوئی ملکی مفاد ہے۔ یہ صرف بغض عمران خان میں اکٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا واحد گناہ یہ ہے کہ وہ گناہ گار نہیں ہے، انصاف چاہتا ہے۔

بقیہ 34

سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متنبہ کیا ہے کہ مذہب کی بنیاد پر بنائے گئے قوانین کا اطلاق کرکے ان خواتین کی آواز دبائی نہیں جاسکتی۔ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکریٹری جنرل فرحت اللہ بابر نے ایک بیان میں کہا کہ منتظمین کے خلاف جھوٹے الزامات عائد کئے گئے ہیں اور ان کے احتجاج کی ویڈیو کو اپڈیٹ کرکے اسے جھوٹ کو سچ بنا کر پیش کیا جا رہا ہے، اسی طرح ایک تنظیم کے جھنڈے کو ایک ملک کے جھنڈے سے تعبیر کیا جارہا ہے جسے پہلے ہی میڈیا کے ٹاک شوز نے ایکسپوز کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح سے عورت مارچ خواتین کے خلاف جھوٹی مہم چلا رہا ہے وہ سخت تشویش کا باعث ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی حکومت اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ عورت مارچ کے شرکاء کو مکمل طور پر تحفظ فراہم کیا جائے کیونکہ جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعے ان لوگوں کو گزند پہنچانے کی کوشش کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عورت مارچ ساری دنیا میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر منایا جاتا ہے اور اس مارچ کو سمجھنے کی ضرورت ہے اور اسے سراہا جانا چاہیے۔ یہ سخت قابل مذمت بات ہے کہ کچھ عناصر کی جانب سے عورت مارچ کے شرکاء☐ کے خلاف ایک مہم چلائی جارہی ہے اور جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعے انہیں نقصان پہنچ سکتا ہے۔ عورت مارچ کے مخالف وہ ذہنیت ہے جو صنف کے درمیان برابری نہیں چاہتی اور خواتین کو ان کے حقوق سے محروم کرنا چاہتی ہے۔ عورت مارچ سے بہت سارے متعصب خیالات کو درست کرنے کا موقع تھا۔ یہ سوچنا چاہیے کہ معاشرہ عورت کو ایک انسان کی حیثیت سے دیکھتا ہے یا صرف ایک ذاتی جائیداد کی حیثیت سے، یہ انتہائی افسوسناک بات ہے کہ اسے سنجیدگی سے لینے کی بجائے کچھ عناصر جان بوجھ کر عورت مارچ کا امیج خراب کرنا چاہتے ہیں اور عورت مارچ کے منتظمین کے پیچھے لگ کر انہیں نقصان پہنچانے کی نیت سے ان کے خلاف مہم چلا رہے ہیں اور مذہب کی بنیاد پر بنائے گئے قوانین کو ان کے خلاف استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 35

سال کی طرح اس سال بھی 'یوم پاکستان' کے حوالے سے خصوصی گانا ریلیز کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے گلوکار علی ظفر اور آئمہ بیگ کی آواز میں جاری کیے گئے 'ایک قوم، ایک منزل' کو کافی سراہا گیا ایک قوم ایک منزل کو 13 مارچ کو ریلیز کیا گیا تاہم گانے کا ٹیزر اور پرومو ایک ہفتہ قبل ہی جاری کیے گئے تھے۔ ایک قوم ایک منزل کا آغاز بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی قیام پاکستان سے متعلق تقریر سے ہوتا ہے، گانے میں چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے افراد کو بھی دکھایا گیا ہے۔ گانے میں علی ظفر اور آئمہ بیگ کو ملک کے مختلف شہروں میں لوگوں کے درمیان پرفارمنس کرتے ہوئے بھی دکھایا گیا۔ ایک قوم ایک منزل کو ریلیز کرنے کے بعد کئی لوگوں نے اس کی تعریف کی اور گانے کو جذبہ حب الوطنی سے سرشار قرار دیا۔ ایک قوم، ایک منزل سے قبل بھی آئی ایس پی آر کی جانب سے یوم پاکستان سمیت جشن آزادی، یوم دفاع اور یوم کشمیر کے موقع پر بھی خصوصی گانے جاری کیئے گئے۔ آئی ایس پی آر نے گزشتہ ماہ 5 جنوری کو بھی یوم کشمیر کے موقع پر گلوکار شہزاد رائے کی آواز میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے کشمیر کو حق دو بھارت جاری کیا تھا۔ اسی طرح ستمبر 2020 میں یوم دفاع اور یوم شہدا کے موقع پر بھی آئی ایس پی آر نے گلوکار عاصم اظہر سمیت دیگر گلوکاروں کا گانا 'ہر گھڑی تیار کامران' جاری کیا تھا اور اسے بھی شائقین نے بہت سراہا تھا۔ آئی ایس پی آر نے 5 اگست 2020 کو بھی کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے خصوصی ویڈیو ونظم ریلیز کی تھی، کشمیر میں 5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت نے آرٹیکل 370 کا خاتمہ کیا تھا، جس وجہ سے اس کی خصوصی حیثیت ختم ہوگئی تھی۔ پاک فوج نے کورونا کے وبا کے دوران فرنٹ لائن پر خدمات سرانجام دینے والے صحت کے رضاکاروں اور قوم کے حوصلے بلند رکھنے کے لیے بھی خصوصی گانے اور ویڈیوز جاری کی تھیں۔

عوامی اشتہارات

IMROZ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 3 دن میں ہمیں اپنی شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

اطلاع برائے گمشدگی

ایک عدد اسٹیمپ سٹام وینڈری والا اور ایک عدد رجسٹر سٹام وینڈری کوئٹہ کچہری کے احاطے میں کہیں گر کر گم ہوگئے ہیں جس کسی کو ملے برائے مہربانی اس نمبر 03412450624 پر اطلاع دیں۔

بقیہ 36

وزیر جیل خانہ جات پنجاب فیاض الحسن چوہان نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن میاں جاوید لطیف کی جانب سے جاری کیے گئے بیانات پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ میاں جاوید لطیف نواز شریف اور بیگم صفدر اعوان کے ایما پر ملکی سلامتی کے خلاف بیانات دے رہے ہیں۔ آہستہ آہستہ (ن) لیگ کی ملک دشمن سازشیں کھل کر سامنے آ رہی ہیں۔ فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ (ن) لیگ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی اپنی ہار کے بعد حکومت، عوام اور پی ڈی ایم سمیت سب کو بے وقوف بنانے کے چکروں میں ہیں۔ وزیر جیل خانہ جات پنجاب نے یہ بھی کہا کہ ملک دشمن عناصر کے ہاتھوں میں کھیلنے والے یہ نام نہاد قائدین پاکستان کو کمزور دیکھنا چاہتے ہیں۔ ماضی میں بھی ن لیگ نے جمہوری اداروں کو کمزور رکھ کر اپنے اقتدار کو طول بخشا۔ فیاض الحسن چوہان نے میاں جاوید لطیف کے خلاف آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت مقدمہ اور گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت پاکستان کی اندرونی و بیرونی دشمنوں سے حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔

بقیہ 37

لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام بینک الفلاح نیشنل اوپن پولو چیمپئن شپ برائے قائداعظم گولڈ کپ 2021ء میں تین اہم میچز ہوئے جن میں ماسٹر پینٹس، ڈائمنڈ پینٹس اور ایف جی پولو کی ٹیمیں فاتح رہیں۔ کرونا ایس او پیز کے تحت ہونے والی ان گیمز کو دیکھنے کیلئے ممبرز اور ان کی فیملیز آئیں جنہوں نے سوشل فاصلے کے تحت میچز دیکھے۔ اس موقع پر لاہور پولو کلب کے صدر عمر صادق، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران آغا مرتضیٰ علی خان، شاہ قبلائی عالم، آغا، فیروز گلزار، عثمان حئی، نجیب رضا، ثاقب خان خاکوانی اور سیکرٹری لیفٹیننٹ کرنل (ر) مدثر شریف اور دیگر بھی موجود تھے۔ پہلے میچ میں ماسٹر پینٹس نے ری ماؤنٹس کو 6-7 سے ہرا دیا۔ ماسٹر پینٹس کی طرف سے مارکوس پنیلو نے چار، جان کروز لوساڈا نے دو جبکہ فاروق امین صوفی نے ایک گول سکور کیا جبکہ ری ماؤنٹس کی طرف سے اگناسیو نیگری نے 4، عمران شاہد اور ویری انٹونیو نے ایک ایک گول سکور کیا۔ دوسرے میچ میں ڈائمنڈ پینٹس نے باڑیز کو 6-4 سے ہرا دیا۔ ڈائمنڈ پینٹس کی طرف سے راہول لیپ سیٹے، رومیر وزیولیٹا اور میر حذیفہ احمد نے دو دو گول سکور کیے جبکہ باڑیز کی طرف سے چاروں گول ارنیسٹو ٹروٹز نے کیے۔ تیسرے اور آخری میچ میں انتہائی دلچسپ مقابلے کے بعد ٹیم ایف جی پولو نے ٹیم رسالہ کو 6-7 سے ہرادیا۔ ایف جی پولو کی طرف سے فرانسسکو بلساڈون نے چھ جبکہ جی جی ہارڈی نے ایک گول سکور کیا۔ رسالہ کی طرف سے ڈیلن روسیٹر نے چار، عبدالرحمان منوں اور پیڈرو نے ایک ایک گول سکور کیا۔

بقیہ 38

اے سی کھاریاں خالد عباس سیال کی زیر نگرانی کرونا ایس او پی پر عمل درآمد کرواتے ہوئے شام 6 بجے تمام مارکیٹس بند کروا دی گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے خود بازاروں کا دورہ کیا۔ انکے ہمراہ پولیس اور عملہ بھی تھا۔ بازار بند کروا دیئے گئے۔ اسموقع پر اسسٹنٹ کمشنر خالد عباس سیال نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات پر مکمل عمل درآمد کروایا جائے گا۔ آئندہ خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری اور عوام رضا کارانہ طور پر تعاون کریں اور ساتھ دیں تاکہ کرونا جیسی موذی وبا سے خود محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 39

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد ڈاکٹر سید مصطفیٰ تنویر نے ہفتہ کے روز تھانہ کورال اور تھانہ کھنہ کا دورہ کیا، تھانوں میں شہریوں سے ملے اور شہریوں کی شکایات سنیں، انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کو میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے، کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کروں گا، شہری ہمارے پاس ہیں، ان کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، تمام افسران شہریوں کے ساتھ ملاقات کے وقت کی پابندی کریں، تھانہ جات کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے، تھانوں کی حوالات، ریکارڈ روم، تھانہ جات کی بلڈنگز، ریکارڈز کا بھی معائنہ کیا، شہریوں کو اچھے طریقے سے گائیڈ کرنے پر پولیس گائیڈز کو شاباش دی، تھانہ جات کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے روزانہ تمام تھانہ جات کے ایس ایچ اوز شام تین بجے سے پانچ بجے تک اپنے اپنے تھانہ میں موجود ہوں گے اور تمام افسران شہریوں کے ساتھ ملاقات کے وقت کی پابندی کریں۔

صادق سنجرانی نے دھاندلی کی تیسری بار بھی منتخب ہو کر عالمی ریکارڈ حاصل کر لیا ہے، یو آئی

سلیکٹڈ چیئرمین سینٹ کو یہ تمغہ امتیاز ملنا چاہیے کہ وہ دھاندلی کے سارے ریکارڈ توڑ دیئے، مولانا غلام نبی

جعلی حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمہوریت کی بحالی کی جنگ جاری رہے گی اور یہ جنگ انشاء اللہ ہر صورت جیت کر دکھائیں گے

نوشکی (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام نوشکی کے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا غلام نبی، سیکرٹری جنرل حاجی منظور احمد مینگل اور دیگر رہنماؤں نے سینٹ الیکشن کو مسترد کر کے اسے بدترین دھاندلی قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ میر صادق سنجرانی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ مسلسل دھاندلی سے تین مرتبہ سلیکٹ ہو کر عالمی ریکارڈ حاصل کر لی انہیں تمغہ امتیاز ملنا چاہیے کہ وہ دھاندلی کے سارے ریکارڈ توڑ دیئے انہوں نے کہا جعلی حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جمہوریت کی بحالی کی جنگ جاری رہے گی اور یہ جنگ انشاء□ اللہ ہر صورت

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم نواز کی ضمانت منسوخی کیلئے نیب کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

جسٹس محمد سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 15 مارچ کو سماعت کرے گا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قومی احتساب بیورو کی جانب سے مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کی ضمانت منسوخی کیلئے دائر درخواست سماعت کے لئے مقرر کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس جاوید گھرال کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 15 مارچ کو درخواست پر سماعت کرے گا۔ نیب کی جانب سے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان لاکھوں مسلمانانِ برصغیر کی قربانیوں کا ثمر ہے، اسرار احمد عمرانی

جعفرآباد (نمائندہ امروز) پاکستان فلاح پارٹی کے صوبائی رہنماء اسرار احمد عمرانی کی قیادت میں تکمیل پاکستان کنونشن کے نام سے ڈسٹرکٹ کونسل ہال ڈیرہ اللہ یار میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں پارٹی کارکنوں سمیت دیگر سیاسی وسماجی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تاجر تنظیموں نے کاروبار مراکزی شام 6 بجے بند کرنے، ہفتہ اور اتوار کی چھٹی کے فیصلے کو مسترد کر دیا

پیر والے دن سے تمام کاروبار معمول کے مطابق رات دس بجے تک چلے گا، مسائل پیدا ہوئے تو ذمہ دار حکومت ہوگی

لاہور (این این آئی) تاجر تنظیموں نے حکومت کی جانب سے کاروبار مراکزی کو شام 6 بجے بند کرنے اور ہفتہ اور اتوار کی چھٹی کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجر احتجاج نہیں کاروبار کرنا چاہتے ہیں، ہمیں اتنا تنگ نہ کیا جائے کہ پی ڈی ایم سے پہلے ہم اسلام آباد پہنچ جائیں، اگر حکومت نے اپنا رویہ نہ بدلا تو ہم انتہا تک جائیں گے، پیر والے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وہاڑی، ٹریفک حادثے میں بچے اور دو خواتین سمیت چار افراد جاں بحق

وہاڑی (این این آئی) ضلع وہاڑی کے شہر بورے والا میں ٹریفک حادثے کے نتیجے میں بچے اور دو خواتین سمیت چار افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے حادثہ وہاڑی روڈ پر ظہیر نگر کے قریب اس وقت پیش آیا جب دو مسافر بسیں تیز رفتاری کے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، کلکٹر کسٹم عبدالوحید مروت سے ایرانی قونصل جنرل حسن درویش وند ملاقات کر رہے ہیں

پی ڈی ایم کے بعد مہنگائی اور کورونا کو بھی شکست دیں گے، شوکت یوسفزئی

پشاور (این این آئی) صوبائی وزیر شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کو شکست دینے کے بعد ...

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں عوام کی حقیقی نمائندہ حکومت کا قیام وقت کی ضرورت ہے، سراج الحق، انجینئر حکمت یار

...

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی یوم شاعری کا دن دنیا بھر میں 21 مارچ کو منایا جائیگا

دیپالپور (این این آئی) عالمی یوم شاعری کا دن دنیا بھر میں 21 مارچ کو منایا جائے گا ...

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دعوت اسلامی کے زیر اہتمام اجتماع شب معراج کا انعقاد کیا گیا

... شب معراج کی رات اجتماع منعقد ہوا عاشقان رسول نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجتماع میں نوافل اور صلاۃ و تسبیح نماز ادا کی گئی اور اللہ کے حضور دین اسلام کی سربلندی ایمان کی سلامتی ملک کی امن و سلامتی ترقی و خوشحالی کے خصوصی دعائیں کی گئیں اجتماع سے مبلغ دعوت اسلامی مولانا شاہد

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ پنجاب سے چیف سیکرٹری کی ملاقات

انتظامی امور، مہنگائی پر قابو پانے اور کورونا ایس او پیز کے حوالے سے ہدایات دیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وزیر اعلیٰ آفس میں چیف سیکرٹری پنجاب جواد رفیق ملک نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ نے انتظامی امور، مہنگائی پر قابو پانے، کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کو بہتر بنانے اور لو کاسٹ ہاؤسنگ پراجیکٹ پر کام کی رفتار تیز کرنے کے حوالے سے ہدایات دیں۔ وزیر اعلیٰ عثمان بزدار

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہائیکورٹ میں گاؤن پہن کر پیش ہونے کی شرط 29 مارچ سے ختم کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں دوران سماعت گاؤن پہن کر پیش ہونے کی شرط 29 مارچ سے ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس محمد قاسم خان کی منظوری کے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ووٹ پر ڈاکہ پوری قوم نے دیکھا، شازیہ مری

شبلی فراز فوٹو اسٹیٹ وزیر ہیں، شبلی فراز لمبی ایڑی والے بوٹ پہن کر قد بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں

بکے ہوئے پریذائیڈنگ آفیسر نے جمہوریت کو چوری کیا، جمہوری اور اخلاقی طور صادق سنجرانی انتخاب ہار چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ ووٹ پر ڈاکہ پوری قوم نے دیکھا، بکے ہوئے پریذائیڈنگ آفیسر نے جمہوریت کو چوری کیا، جمہوری اور اخلاقی طور صادق سنجرانی انتخاب ہار چکے ہیں۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ ووٹ پر ڈاکا پوری قوم نے دیکھا، بکے ہوئے پریذائیڈنگ آفیسر نے جمہوریت کو چوری کیا، تاریخ میں پہلی بار رولنگ پر چیئرمین سینیٹ لایا گیا ہے، جمہوری اور اخلاقی طور صادق سنجرانی انتخاب ہار چکے ہیں، بدنیتی پر مبنی دی گئی رولنگ کے ذریعے ایوان

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر سبطین خان سمیت 8 ملزمان کیخلاف ریفرنس پر سماعت 17 مارچ تک ملتوی

معافی لے کر سسٹم کو خراب کر دیا گیا، جج نے اے ایس آئی محمد اعجاز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے صوبائی وزیر سبطین خان سمیت 8 ملزمان کیخلاف چنیوٹ میں اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے خلاف قانون من پسند کمپنی کو مائنز کے ٹھیکے دینے کے الزام میں ریفرنس کی سماعت 17 مارچ تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج امجد نذیر چوہدری نے ریفرنس پر سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور سیالکوٹ موٹروے زیادتی کیس کی سماعت 16 مارچ تک ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے لاہور سیالکوٹ موٹروے زیادتی کیس کی سماعت 16 مارچ تک ملتوی کر دی۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج ارشد حسین بھٹہ نے کیمپ جیل میں مخصوص خصوصی کرے میں

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

امارات نے پاکستان سے ایک ارب ڈالر قرض کی واپسی کا تقاضا نہیں کیا، ذرائع

امارات سے اس حوالے مذاکرات جاری ہیں اور آئندہ ہفتے اس سلسلے میں مثبت پیش رفت کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے پاکستان سے ایک ارب ڈالر قرض کی واپسی کا کوئی تقاضا نہیں کیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان نے متحدہ عرب امارات سے لیا گیا ایک ارب ڈالر قرض گزشتہ ہفتے واپس کرنا تھا تاہم یو اے ای نے ابھی تک اس کی واپسی کا کوئی تقاضا نہیں کیا۔ ذرائع کے مطابق امارات سے اس حوالے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سات اضلاع کے سکولوں کیلئے ہوم ورک جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ سکولز ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے سات اضلاع کے سکولوں کیلئے ہوم ورک جاری کر دیا۔ ہوم ورک سمارٹ سلیبس کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ مئی میں ہونے والے سالانہ امتحانات میں پاس ہونے کے لئے طلباء کے لئے ہوم ورک

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مچھ، کول مائنز لیبر الائنس مچھ کے دفتر کا افتتاح حاجی محمد علی چنگیزی کر رہے ہیں

ٹوبہ ٹیک سنگھ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے حکم پر پولیس کی کارروائیاں

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ رانا عمر فاروق کے حکم پر ضلع پولیس ٹوبہ ٹیک سنگھ نے کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا جن کے قبضہ سے 90 لیٹر شراب 02 پسٹل 30 بور معہ گولیاں، گیس ری فلنگ کا

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

(ن) لیگ کو پورے ملک سے ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا، غلام سرور خان

اگر پاکستان کے اداروں کیخلاف بات کریں گے تو آپ ناکام ہوں گے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ہوابازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو پورے ملک سے ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا، اگر پاکستان کے اداروں کیخلاف بات کریں گے تو آپ ناکام ہوں گے، ملک کے اداروں کے خلاف بات کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے، نواز شریف علاج کا کہہ کر مفرور ہو گیا، (ن) لیگ

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

جمہوریت سے لوگوں کا اعتماد اٹھتا جا رہا ہے، چوہدری فواد حسین

جہلم (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی چوہدری فواد حسین نے کہا کہ جمہوریت سے لوگوں کا اعتماد اٹھتا جا رہا ہے، پتہ ہونا چاہئے کس نے کس کو ووٹ دیا ہے، پاکستان میں ہارنے والا مانتا ہی نہیں میں ہار گیا ہوں جمہوریت سے لوگوں کو اعتماد اٹھتا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار وہ پنڈ دادنخان کے

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام دشمن ٹولہ اسٹیبلشمنٹ کی بیساکھیوں پر کھڑا ہے، کائرہ

عوام کے سامنے پی ٹی آئی کی جعلی اخلاقیات بری طرح بے نقاب ہو چکی ہے

آج انکو دی گئی مصنوعی طاقت پیچھے ہٹ جائے تو اگلے دن ہی انکی حکومت گر جائے، صدر پیپلز پارٹی پنجاب

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ نے کہا کہ عوام کے سامنے پی ٹی آئی کی جعلی اخلاقیات بری طرح بے نقاب ہو چکی ہے، یہ منافق ترین اور مفاد پرست ٹولہ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جب سے یہ اقتدار میں آئے ہیں عوام کو روز ایک بری خبر سننے کو ملتی ہے، کبھی پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو کبھی بجلی اور ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ آٹا، چینی اور پھلوں کی قیمتوں میں روز اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عوام دشمن ٹولہ اسٹیبلشمنٹ کی بیساکھیوں پر کھڑا ہے۔ آج انکو دی گئی مصنوعی

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما کامران خان چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کو مبارکباد دے رہے ہیں

مس گائیڈ کرنے پر سیکرٹری سینیٹ کو جیل میں ڈالا جائے، سعید غنی

ہمارے ووٹرز نے دیانتداری سے پارٹی ہدایت کے مطابق ووٹ دیا ہے، صوبائی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) سندھ کے وزیر تعلیم سعید غنی نے کہا ہے کہ سیکرٹری سینٹ نے ووٹرز اور امیدوار کو مس گائیڈ کیا ہے، جیل میں ڈالا جائے، ہمارے ووٹرز نے دیانتداری سے پارٹی ہدایت کے مطابق ووٹ دیا ہے، اگر ووٹ کو ووٹ مسترد کرانا ہوتا تو وہ بیلٹ پیپر کو خالی چھوڑ آتا، چیئرمین سینیٹ کا انتخاب، ووٹ مسترد ہونے پر عدالت سے رجوع

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ویزے کے بغیر لاہور پہنچنے والے فرانسیسی مسافر کو ڈی پورٹ کر دیا گیا

77 پاکستانیوں کو ترکی اور دبئی سے ڈی پورٹ کر دیا گیا، گھروں کو جانے کی اجازت

لاہور (این این آئی) امیگریشن حکام نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے ویزے کے بغیر لاہور پہنچنے والے فرانسیسی مسافر کو ڈی پورٹ کر دیا، 77 پاکستانیوں کو ترکی اور دبئی سے ڈی پورٹ کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ فرانسیسی مسافر امارات ایئر کی پرواز 624 سے لاہور پہنچا، ویزہ نہ ہونے پر حکام نے اگلی پرواز

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا وائرس کے پیش کیمپ جیل میں سٹاف حوالاتیوں کی بائیومیٹرک حاضری بند کر دی گئی

نئے حوالاتیوں کو قرنطینہ میں رکھا جائے گا، عزیز واقارب کو آگاہی کے لئے فرنٹ ڈیسک بھی قائم کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) کورونا وائرس کے پیش کیمپ جیل میں سٹاف حوالاتیوں کی بائیومیٹرک حاضری بند کر دی گئی جبکہ نئے حوالاتیوں کو قرنطینہ میں رکھا جائے گا، عزیز واقارب کو آگاہی کے لئے فرنٹ ڈیسک بھی قائم کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کورونا وائرس کے پھیلاؤ میں شدت کے پیش نظر قیدیوں کے بارے میں رشتہ داروں کو معلومات کی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

آئندہ انتخابات میں جماعت اسلامی کسی اتحاد کا حصہ نہیں ہو گی، لیاقت بلوچ

ووٹ بیچ کر جمہوری نظام اور اداروں کو داغدار کر کے سیاسی اخلاقیات کا جنازہ نکالا گیا

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ آئندہ انتخابات میں جماعت اسلامی کسی اتحاد کا حصہ بنے گی نہ کسی کو اپنا کندھا پیش کریں گے، اپنے انتخابی نشان ترازو کے ساتھ انتخابات میں حصہ لیں گے، ووٹ بیچ کر جمہوری نظام اور اداروں کو داغدار کر کے سیاسی اخلاقیات کا جنازہ نکالا گیا، سازش کے تحت لوگوں کو

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کا بدبودار بدن مردہ ہو چکا ہے، فردوس عاشق اعوان

چیئرمین وڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں پی ڈی ایم کی منفی سیاست کا جنازہ دھوم سے نکلا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں پی ڈی ایم کی منفی سیاست کا جنازہ دھوم سے نکلا، پی ڈی ایم کا بدبودار بدن مردہ ہو چکا ہے اور اس میں زندگی کی کوئی رمق باقی نہیں، پی ڈی ایم کی میت کی جلد پورے "اعزاز" کے ساتھ تدفین ہو

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

احتیاطی تدابیر کو ہر جگہ اور ہر حال میں اختیار کرنا ہے، عامر عتیق خان

عوامی اجتماعات پر پابندی سمیت دیگر ہدایات پر عملدرآمد کروایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر عامر عتیق خان نے کہا ہے کہ کورونا کی موجودہ لہر سے بچاؤ کے لئے حکومت نے جو ایس او پیز طے کیے ہیں ان پر عملدرآمد سے ہی اس مہلک مرض سے بچا جا سکتا ہے ثبت کیسز کی شرح میں اضافہ تشویش ناک ہے ہمیں احتیاطی تدابیر کو ہر جگہ اور ہر حال میں اختیار کرنا ہے عوامی اجتماعات پر پابندی سمیت دیگر ہدایات پر عملدرآمد کروایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد کورونا ایس او پیز پر عملدرآمد کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

نیب کی درخواست مریم نواز کی زبان بندی کی کوشش ہے، شاہد خاقان

احتساب کے ادارے احتساب سے بالاتر نہیں، یہ بات چیئرمین نیب کو جتنی جلد سمجھ آجائے بہتر ہوگا، سابق وزیر اعظم

نیب چیئرمین سپریم کورٹ کے جج رہے ہیں ان کو قانون کا پتا ہے، یہ درخواست کیا چیئرمین نیب کی مرضی کے ساتھ دی گئی ہے یا ان کے بغیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ مریم نواز کے خلاف لاہور ہائی کورٹ میں نیب کی درخواست مریم نواز کی زبان بندی کی کوشش ہے، احتساب کے ادارے احتساب سے بالاتر نہیں، یہ بات چیئرمین نیب کو جتنی جلد سمجھ آجائے بہتر ہوگا، امید ہے وقت ضائع کرنے پر عدالت پٹیشن مسترد بھی کرے گی اور جرمانہ بھی کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ضمانت منسوخی بہت ہی مخصوص حالات میں کی جاتی ہے، نیب کو تکلیف ہے کہ مریم

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ملتان، ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 2 شادی ہالز سیل

ملتان (این این آئی) ملتان میں کورونا وائرس کے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 2 شادی ہالز سیل کر دیئے گئے۔ ملک بھر میں کورونا وائرس کی تیسری لہر کا آغاز ہو چکا ہے، جس کے بعد حکومت کی جانب سے شادی ہالز، ریسٹورنٹس سمیت عوامی اجتماعات پر

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیالکوٹ راولپنڈی موٹروے شمالی پنجاب کیلئے وزیر اعظم کا ایک بہت بڑا تحفہ ہے، فواد چوہدری

وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے اس پروجیکٹ کو ممکن بنایا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ سیالکوٹ راولپنڈی موٹروے شمالی پنجاب کیلئے وزیر اعظم کا ایک بہت بڑا تحفہ ہے، موٹروے سے جہلم تا اسلام آباد فاصلہ صرف 45 منٹ کا رہ جائے گا۔ وفاقی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

منڈی بہاؤالدین، باراتیوں پر بیلی کاپٹر سے نوٹ اور پھولوں کی پتیاں نچھاور

منڈی بہاؤالدین (این این آئی) منڈی بہاؤالدین میں شادی کی انوکھی تقریب میں باراتیوں پر ہیلی کاپٹر سے نوٹ اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ منڈی بہاؤالدین کے میرج ہال میں آئی بارات میں ہیلی کاپٹر کی انٹری نے فضا میں

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجاب میں قیدیوں کو بیوی کیساتھ جیل کے فیملی ہومز میں رہنے کی اجازت

بیوی کو قیدی خاوند کے ساتھ ہر تین ماہ بعد 3 روز تک رہنے کی اجازت ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں قیدیوں کو بیوی کے ساتھ جیل کے فیملی ہومز میں رہنے کی اجازت مل گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بیوی کو قیدی خاوند کے ساتھ ہر تین ماہ بعد 3 روز تک رہنے کی اجازت ہوگی، قیدی کا 5 سال تک کا بچہ بھی والدین کے ساتھ رہ سکے گا۔ قیدی کو اپنی بیوی کے ساتھ رہنے کے حکم نامے پر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

تھانہ آئی نائن پولیس نے اغواء برائے تاوان میں ملوث چار ملزمان گرفتار کر لئے

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ آئی نائن پولیس نے اغواء برائے تاوان میں ملوث چار ملزمان گرفتار ...

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چنیوٹ، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ... کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کا ایمانی فرض ہے، علماء

علماء مساجد و مدارس کی آزادانہ حیثیت پر کسی کو شب خون مارنے نہیں دیں گے

...

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم رواں ماہ مزدوروں کیلئے نئی ہاؤسنگ سوسائٹی کا افتتاح کریں گے

...

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم نے چیئرمین سینیٹ کا الیکشن عدالت میں چیلنج کرنے کیلئے درخواست تیار کر لی

نام پر مہر لگانا مسترد نہیں کیا جا سکتا، اسلام آباد ہائیکورٹ آئینی درخواست کو سن کر فیصلہ کرے، درخواست میں موقف

7 مسترد ووٹوں کو گیلانی کے حق میں شامل کیا جائے تو 49 ووٹ بنتے ہیں، جان بوجھ کر ووٹوں کو نام کے اوپر مہر لگنے پر اعتراض کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم نے چیئرمین سینیٹ کے الیکشن کو ... چیلنج کرنے کیلئے ...

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن پشین کے اجلاس کی صدارت ڈویژنل صدر قائم خان کاکڑ کر رہے ہیں

پاکستان میں کورونا وائرس کی برطانیہ کی قسم تیزی سے پھیلنے لگی

اب مزید مریضوں کے لیے آکسیجن بیڈز میسر نہیں ہیں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور بلوچستان میں کوئی مریض وینٹی لیٹر پر نہیں

نئے کیسز کی شرح میں اضافہ ہونے لگا، کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح 5.5 فیصد رہی، مزید 46 مریض انتقال کر گئے 2338 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کی برطانیہ کی قسم تیزی سے پھیلنے لگی جس کے ساتھ ہی نئے کیسز کی شرح میں اضافہ ہونے لگا، پنجاب کے شہر گجرات میں کورونا وائرس کی نئی لہر شدت اختیار کر گئی۔ گجرات میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے، شہر میں آکسیجن بیڈز سو فیصد بھرے ہوئے ہیں، اب مزید مریضوں کے لیے آکسیجن بیڈز میسر نہیں ہیں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور بلوچستان میں کوئی مریض وینٹی لیٹر پر نہیں۔ ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور بورڈ نے نہم اور میٹرک کے سالانہ امتحانات کیلئے ڈیٹ شیٹ جاری کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ نے نہم اور میٹرک کے سالانہ امتحانات کیلئے ڈیٹ شیٹ جاری کر دی، میٹرک کا امتحان 4 مئی اور نہم کا امتحان 25 مئی سے شروع ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق 4 مئی کو

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجاب بھر کی طرح ضلع اوکاڑہ میں بھی پنجاب کلچر ڈے منایا گیا

پنجاب کا کلچر اس خطہ کی تہذیبی ترقی کا آئینہ دار ہے، ڈپٹی کمشنر عامر عقیل

اوکاڑہ (این این آئی) پنجاب بھر کی طرح ضلع اوکاڑہ میں بھی پنجاب کلچر ڈے منایا گیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عامر عتیق خان نے پنجاب کی روایتی پگڑی پہنی اور اپنے دفتر میں سرکاری امور سرانجام دیئے اس موقع پر ضلع کے تمام محکموں کے افسران اور اہلکاران نے بھی شلوار قمیض زیب تن کی اور روایتی پگڑیاں پہنیں۔ ڈپٹی کمشنر عامر عتیق خان نے کہا کہ

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اوکاڑہ، 40 سالہ شادی شدہ خاتون نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ مظفر کالونی میں 40 سالہ شادی شدہ خاتون نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی، تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ بلقیس فاطمہ سسرالیوں سے جھگڑ کر اپنے میکے آئی ہوئی تھی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ہمیں اپنی مالی پالیسیاں نئے رجحانات کو مدنظر رکھ کر تشکیل دینا ہوں گی، صدر مملکت

مالی اداروں کو مزید مستحکم اور جدید تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ مالی اداروں کو مزید مستحکم اور جدید تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ہمیں اپنی مالی پالیسیاں نئے رجحانات کو مدنظر رکھ کر تشکیل دینا ہوں گی، حکومت کی بہتر پالیسیوں کی وجہ سے ملکی معیشت مضبوطی کی جانب گامزن ہے، وزیر اعظم عمران خان نے کورونا وائرس

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

رانا مسعود اختر نے جڑانوالہ جوڈیشل کمپلیکس میں نئے ریکارڈ روم کا افتتاح کر دیا

فیصل آباد/ کھوآنہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیصل آباد رانا مسعود اختر کی جڑانوالہ جوڈیشل کمپلیکس میں آمد۔ نئے ریکارڈ روم کا افتتاح اور پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا۔ اس

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کی صادق سنجرانی اور مرزا آفریدی کو مبارکباد

مجھے خوشی ہے دو عہدے بلوچستان اور سابق فاٹا کو ملے، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے صادق سنجرانی کو چیئرمین سینیٹ اور مرزا محمد آفریدی کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ منتخب ہونے پر مبارکباد دی گئی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے اپنے بیان میں وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ مجھے خوشی ہے دو عہدے بلوچستان اور سابق فاٹا کو ملے۔ عمران خان نے کہا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ثابت ہو گیا ٹکٹ صرف عمران خان کا چلتا ہے، علی نواز اعوان

پاکستان تحریک انصاف پورے ملک کی نمائندہ جماعت بن کر ابھری ہے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے امور سی ڈی اے علی نواز اعوان نے کہا ہے کہ سینیٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب میں صادق سنجرانی اور مرزا محمد آفریدی کی فتح سے ثابت ہوا ہے کہ تبدیلی اپنا اثر دکھا رہی ہے اور صرف عمران خان کا ٹکٹ چلتا ہے، عوام نے چوروں لٹیروں کی سیلیکس کو کی سیاست کو خیرباد کہہ دیا ہے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن میں کامیابی کا اصل کریڈٹ عمران خان کو جاتا ہے، چیئرمین سینیٹ

ایسی خوشی پہلے نہیں دیکھی جو گزشتہ روز تھی، میری پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ الیکشن میں کامیابی کا اصل کریڈٹ وزیر اعظم کو جاتا ہے، ایسی خوشی پہلے نہیں دیکھی جو گزشتہ روز تھی، میری پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی، عمران خان نے میری بات سنی اور بڑی قربانی دی، فاٹا کے عوام کا احساس محرومی ضرور ختم کریں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

میڈیا سے درخواست ہے کہ پہلے دیکھیں مریم نواز پر کیا کیس ہیں، فواد چوہدری

نیب کا مریم نواز کی ضمانت منسوخی کیخلاف درخواست کا فیصلہ قابل ستائش ہے، مریم نواز کو پلی بارگین کا مشورہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر فواد چوہدری نے نیب کا مریم نواز کی ضمانت منسوخی کیخلاف درخواست کا فیصلہ قابل ستائش قرار دیتے ہوئے مریم کو مشورہ دیا کہ پلی بارگین کر لیں۔ وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے مریم نواز کی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

معاشی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ضروری ہے، وزیر اطلاعات

سیاسی استحکام نہ ہونے سے ملکی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام نہ ہونے سے ملکی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں، معاشی ترقی کیلئے سیاسی استحکام ضروری ہے تحریک انصاف ہمیشہ سے انتخابی اصلاحات کی حامی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حمزہ شہباز کے باہر آنے کا سب سے زیادہ نقصان مریم کو ہوا، شہباز گل

نون لیگ کے ممبران نے گیلانی کو ووٹ نہیں ڈالا اور ووٹ خراب کر دیا، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ حمزہ شہباز کے باہر آنے کا سب سے زیادہ نقصان مسلم لیگ نون کی نائب صدر مریم نواز کو ہوا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے بیان میں ڈاکٹر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پسنی، بلدیہ پسنی کے خاکروب تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

وزیر اعظم نے سول ڈرون اتھارٹی کے قیام کی منظوری دے دی

ڈرون ٹیکنالوجی کو کمرشل، ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ، ایگریکلچر و دیگر پرامن مقاصد کیلئے بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے، عمران خان

ڈرون ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے وسائل کا موثر استعمال اور سروس ڈیلیوری میں بہتری میں مدد ملے گی، وزیر اعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے سول ڈرون اتھارٹی کے قیام کی منظوری دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈرون ٹیکنالوجی کو کمرشل، ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ، ایگریکلچر و دیگر پرامن مقاصد کے لئے بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈرون ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے وسائل کا موثر استعمال اور سروس ڈیلیوری میں بہتری میں مدد ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم عمران خان نے سول ڈرون اتھارٹی کے قیام کی منظوری دی دی ہے۔ سول ڈرون اتھارٹی کے قیام کا مقصد ملک میں ڈرون ٹیکنالوجی کا فروغ، ڈویلپمنٹ اور اس اہم

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں